READING SECTION
Online Library For Pakistan
WWW.PAKSOCIETY.COM

ماہنامہ عبقری
نومبر 2016 صفر المظفر 1438 ہجری
کی جسمانی بیماریوں، ذہنی الجھنوں اور روحانی مسائل کا حل

تم چاہتے ہو
تمہارے پاس وسیع رزق گھر آگیا ہو؟



پاک سوسائٹی ڈاٹ کام

عبقری ر... برکتیں اور سکون پانے کا ذریعہ

ہم نے جعلی ... اور جادو سے کیسے جان چھڑوائی؟

• قبض کیلئے ... کا بتایا ... نسخہ

READING SECTION
Online Library For Pakistan
WWW.PAKSOCIETY.COM

• سرد ہواؤں سے بچنے کے بہترین گر

دودھ جلیبی سے قوت و طاقت کا طوفان فوری پائیے



چاند سا بیٹا پانے کا حیران کن آسان عمل

0332-7552382

Follow Ubqari
twitter.com/u...qa
www.paksociety.com
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

www.paksociety.com

خبردار! عبقری کی ادویات "طاقتی" اور "نشاطی" کا نام رجسٹرڈ ہے کوئی بھی اس نام سے کوئی دوائی تیار نہ کرے ورنہ سخت قانونی چارہ جوئی کا سامنا کرے گا۔

# شفائے حیرت سیرپ
## ہر قسم کی کھانسی، دمہ، الرجی کیلئے خوش ذائقہ اور فوری اثر سیرپ

ہر قسم کی کھانسی، الرجی، دمہ، سانس کا پھولنا، مسلسل ریشہ، بلغم، موجودہ دور کی آلودہ زندگی، آلودہ فضا اور آلودہ غذائیں ان امراض کی وجہ ہیں۔ سانس کا دوسرا نام زندگی ہے اور پھیپھڑے (Lungs) سانس کے نہایت اہم اور مخصوص آلات ہیں۔ پھیپھڑوں کی ذرا سی خرابی سانس لے سارے نظام کو درہم برہم کر دیتی ہے۔ پھیپھڑے کھانسی سے متاثر ہونا شروع ہو جاتے ہیں کیونکہ کھانسی نئی ہو یا پرانی جان لیوا ہوتی ہے۔ کھانسی کا جب دورہ پڑتا ہے تو کھانستے کھانستے مریض کا سانس الٹ جاتا ہے مریض نے اگر کچھ کھایا ہوا ہو تو قے کے ذریعے نکل جاتا ہے۔ چہرہ سرخ ہو جاتا ہے آنکھوں میں آنسو آجاتے ہیں۔ مرض بڑھتے بڑھتے دمہ یا ٹی بی کی شکل اختیار کر لیتا ہے۔ "شفاء حیرت" کھانسی کی ہر قسم مثلاً خشک کھانسی، دورے والی کھانسی، کالی کھانسی، بلغمی کھانسی، موسم سرما و گرما کی کھانسی، زبان اور حلق میں خشکی، سوجن اور کانٹے چبھنا گلے کی خراش، گلے کا بیٹھ جانا تمام امراض کیلئے اکسیر ہے۔ "شفاء حیرت" ماہنامہ عبقری کا با اعتماد سیرپ ہے۔ مجھے ایسے کئی مریض ملے حتیٰ کہ ایک مریض تقریباً تین سو بار چھینکتا تھا جسم اور دماغ خالی ہو گیا تھا وہ کسی کام کا بھی نہیں رہا تھا۔ اس پہ مایوسی چھا گئی تھی۔ اسے کسی نے "شفاء حیرت" استعمال کرنے کا مشورہ دیا چونکہ وہ ادویات سے بددل لاچار اور مایوس ہو چکا تھا اس نے کسی کے اصرار پہ "شفاء حیرت" کی چند خوراکیں استعمال کیں۔ اسے امید کی کرنیں نظر آئیں تو اس نے مزید "شفاء حیرت" منگوا کر استعمال کیا۔ روز بروز ایسا فائدہ ہوا کہ اس کی آس و امید کے دن نکل آئے۔ اندھیری رات ختم ہو گئی۔ وہ کیا بلکہ پورا اخلاق "شفاء حیرت" کا فریفتہ ہو گیا۔ کیونکہ یہ "شفاء حیرت" میں استعمال شدہ قیمتی جڑی بوٹیوں کا کمال ہے۔ "شفاء حیرت" پھیپھڑوں کی کمزوری، پھیپھڑوں کے زخم، نظام تنفس کی تمام خرابیوں، سانس کی تنگی، ہوائی نالیوں کی خشکی اور خشونت، نزلہ زکام، تپ دق اور بخار کو دور کرنے کیلئے بہترین ٹانک ہے۔ "شفاء حیرت" پھیپھڑوں کو طاقت دے کر پھیپھڑوں کے زخم بھرتا ہے۔ نظام تنفس کے جملہ امراض کا شافی علاج ہے۔ "شفاء حیرت" چھاتی میں موجود بلغم کو ختم کرتا ہے۔ اس کے استعمال سے دورے والا دمہ ختم ہو جاتا ہے۔ گلے کی سوزش ریشہ اور دیگر علامات کو جڑ سے ختم کرتا ہے۔ "شفاء حیرت" میں ایسے اجزاء شامل ہیں جو جراثیم کی کارکردگی کو بے اثر بناتے ہیں۔ کوئی سائیڈ ایفیکٹ نہیں۔ بچوں، بوڑھوں، جوانوں و خواتین سب کیلئے یکساں مفید ہے۔ قیمت: 120 روپے علاوہ ڈاک خرچ

### ایجنسی ہولڈرز کیلئے عبقری ایوارڈز کی تقریب

9 دسمبر 2016ء بروز جمعہ شام 5 بجے

ملک بھر سے عبقری رسالہ اور ادویات کے ایجنسی ہولڈرز (چھوٹے اور بڑے ایجنسی ہولڈرز سب ایجنسی ہولڈرز اور ہاکرز حضرات جن کا رسالے میں نام ہے یا نہیں) حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کی دعوت پر تسبیح خانہ لاہور تشریف لائیں۔ گزشتہ سالوں میں بہترین کارکردگی کی بنیاد پر عبقری حسن کارکردگی ایوارڈز اور تحائف دیئے جائیں گے۔ نوٹ: باقاعدہ شناخت کے ساتھ داخلہ ہوگا۔ شناخت کے علاوہ حضرات اگر واپس کیے جائیں تو شکوہ نہ کریں۔ لہٰذا اپنی شناخت کا حوالہ ہمراہ لانا نہ بھولیں۔

# بنفشی قہوہ
## دائمی ریشہ، بلغم، کیرا، نزلہ، زکام اور کھانسی کا مکمل علاج

یوں تو نزلہ زکام پوری دنیا کا عالمگیر مرض ہے لیکن پاکستان میں بھی یہ مرض عام ہے اس مرض کیلئے "بنفشی قہوہ" بہت آزمودہ اور اپنے افعال کے لحاظ سے بہت مؤثر ثابت ہوا ہے۔ نزلہ، الرجی، کھانسی، بلغم، ناک بہنا، ناک بند ہونا عموماً ناک ابھرنے کیساتھ یا تو ناک کی ہڈی ٹیڑھی ہو جاتی ہے یا گوشت بڑھ جاتا ہے جسکی وجہ سے ناک کے اوپر پیشانی پہ بوجھ اور دباؤ رہتا ہے۔ چھینکیں آتی ہیں۔ سارے جسم میں درد اور بوجھ کا احساس رہتا ہے۔ کبھی کبھی ناک سے بدبو آتی ہے اور بدبودار مادہ کا اخراج بھی ہوتا ہے۔ بعض اوقات موسم کی تبدیلی کے ساتھ مرض میں اضافہ ہو جاتا ہے۔ پھر انسان دائمی نزلہ اور زکام کا مریض بن جاتا ہے۔ انہی امراض کی بنا پہ دوسرے مرض جنم لیتے ہیں جیسے ناک کی ہڈی کا بڑھ جانا۔ گلے کی خراش، نسیان، منہ میں چھالے پڑنا، آنتوں کے امراض، جسم کا کمزور اور لاغر ہونا، نظر کی کمزوری، سستی اور کاہلی کا پیدا ہونا، جسم ٹوٹنا، خون کا نہ بننا، خناق، ٹی بی، تنفس کی تنگی، بے خوابی، بالوں کا قبل از وقت سفید ہو جانا، چہرے کی شادابی کا ختم ہونا یہ سب امراض نزلہ و زکام کی بدولت ہی جسم پر حملہ آور ہوتے ہیں۔ "بنفشی قہوہ" ہی ان تمام امراض کا شافی علاج ہے۔ درد شقیقہ میں مبتلا افراد تسلی سے استعمال کریں۔ موسمی الرجی کے شکار افراد کیلئے راحت کا پیغام۔ آج ہی لائیں آج ہی سکون پائیں۔ ہر موسم میں ہر عمر کے افراد "بنفشی قہوہ" بالکل بے دھڑک استعمال کر سکتے ہیں۔ گھر میں ہر وقت رکھنے کی چیز ہے۔ بدذائقہ نہیں بہترین ذائقہ ہے۔ "بنفشی قہوہ" کے ساتھ شفاء حیرت کا استعمال سونے پہ سہاگہ ہے۔ (قیمت: 120/- روپے علاوہ ڈاک خرچ)

### حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کی آمد (دم درود، درس)

ان شاء اللہ 2017 ... دورہ مظفر گڑھ، کوٹ ادو ... پنڈی (صرف درس)۔ جگہ اور وقت کا اعلان بعد میں کیا جائے گا۔

پشاور: 4 دسمبر 2016 بروز اتوار 0322-4688313

### صرف عشق اور محبت کرنے والے پڑھیں

حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کو پاکستان کی پرانی چیزیں اور ورثہ محفوظ کرنے کا سچا جذبہ ہے۔ محبت کرنے والوں کے پاس کوئی پرانی چیز محفوظ ہو (سکے، نوادرات اور نصابی مضمون) برتن نقش و نگار شدہ پرانے دروازے، کھڑکیاں، چینی، ... جو پرانا اور قابل استعمال نہ ہو) لکڑی، تانبے، کانسی، پیتل کی بنی ہوئی کوئی بھی پرانی چیز جو آپ کے استعمال میں نہ ہو الیکٹرونکس کی پرانی چیزیں حتیٰ کہ کسی بھی قسم کی سالوں یا صدیوں پرانے سکے، ٹکٹیں، ... وغیرہ ہوں تو حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کو تحفہ کی نیت سے تسبیح خانے میں بھجوا دیں یا سامان بھجوائیں اور دل کی گہرائیوں سے دعائیں لیں۔ ... آپ کا بہت شکریہ! (ادارہ)

اپنی نسلوں کے تحفظ، مشکلات سے بچنے گھریلو الجھنوں سے نمٹنے روحانی اور طبی فوری امداد کیلئے عبقری کی پرانی فائلیں پڑھیں اور گفٹ کریں۔

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

www.paksociety.com




| صفحہ نمبر | عنوان | صفحہ نمبر | عنوان |
|---|---|---|---|
| 3 | ماں کو کون خریدے گا؟ | 25 | بارش کے پانی سے فرسٹ پوزیشن لیں |
| 4 | جیل میں جا کر زندگی بدلی | 26 | دانت ہو داڑھ درد سے کراہنے ایک لمحے میں سکون |
| 5 | دوسروں کے حالات پر تبصرہ کرنے والی کی گردن ٹوٹ گئی | 27 | بچو! خود غرض دوستوں سے بچ کر رہنا |
| 6 | بچوں کیلئے گھر کو جیل خانہ نہ بنائیے | 28 | خالی سکول میں بجائے اور فرنیچر کھسکنے کی آوازیں |
| 7 | شادی، روزگار، بیروزگاری! ایک عمل سے بیشمار مسائل حل | 29 | تابوت قرآن اٹھایا اور ساری خوشیاں روٹھ گئیں |
| 8 | کامیابی، کامرانی اور خود اعتمادی پانے کے گر | 30 | عبقری روحانی اجتماع: نفسیاتی، ٹینشن اور سکون پانے کا راز |
| 9 | سرد ہواؤں سے بچنے کے بہترین گر | 31 | آپ کا خواب اور روشن تعبیر |
| 10 | صفر المظفر: مال و جان کی حفاظت کے آزمودہ وظائف | 32 | آنکھوں کا درد، ماں کے قدم لگانے سے ختم |
| 11 | خواجہ نازک کریم کے مستند روحانی وظائف | 33 | خواتین پوچھتی ہیں؟ |
| 12 | میرے کھانے کا موسم تو جناب یہی ہے! | 34 | پلک سے خون نکلنا اور عبقری کا روحانی وظیفہ |
| 13 | قارئین کے طبی اور روحانی سوال قارئین کے جواب | 35 | قارئین کی خصوصی اور آزمودہ تحریریں |
| 14 | طبی مشورے | 37 | دودھ پینے سے وزن بڑھانے کا خوفناک نقصان |
| 15 | میری زندگی کیسے بدلی؟ | 38 | پاک فوج کے جوان نے جنات کو جلا دیا، شہید ہو گیا |
| 16 | کیا آپ کے بچے پانی بکثرت پیتے ہیں؟ | 39 | جنات کا پیدائشی دوست (سلسلہ وار) |
| 17 | نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بحیثیت تاجر | 41 | ہم نے بچی کی آنکھ کا علاج کیسے کروایا؟ |
| 18 | نفسیاتی گھریلو الجھنیں اور آزمودہ یقینی علاج | 42 | ورزش کرنے والا بھی کمزوری نہیں جانتا |
| 19 | والدین کے گھر کو میکا سمجھنے، بہت بڑا دکھ نہیں | 43 | حسن خاتم کی فکر |
| 20 | جوڑوں، گھٹنوں کے درد اور لاعلاج بیماریوں کیلئے | 44 | بارگاہ اولیاء سے پیاری روحانیت پانے کا راز |
| 21 | آپ کا سوال حضرت علامہ لاہوتی کا جواب | 45 | قارئین! اپنے انوکھے اور آزمودہ ٹوٹکے |
| 22 | میرے کھیت، کھلیان اور جانور اب محفوظ ہیں | 47 | جھوٹے مقدمات، خطرے اور مشکلات سے نجات |
| 23 | حکیم صاحب! اکڑی زہریلی بیماری دے دو | 48 | گمشدہ چیز، فرد اور سرمایہ پانے کا وظیفہ |
| 24 | بارش کا پانی صحت کا ضامن | 49 | عبقری رسالہ، کتب اور ادویات آپ کے شہر میں |


ایڈیٹر کا مضمون نگار سے متفق ہونا ضروری نہیں


عبقری جسمانی، روحانی، نباتاتی ادویات اور حکمت کا ترجمان

سرپرست: حضرت خواجہ سید محمد عبداللہ ہجویری عبقری مجذوب، جناب حکیم محمد رمضان چغتائی

روحانی سرپرست: حضرت مولانا محمد کلیم صدیقی مدظلہ (پھلت)، حضرت علامہ لاہوتی پراسراری

شمارہ نمبر 4 | جلد نمبر 11 | نومبر 2016ء صفر المظفر 1438 ہجری

فرقہ واریت اور سیاسی تعصبات سے پاک

# ماہنامہ عبقری لاہور

نومبر 2016ء

مرکز روحانیت وامن کا ترجمان

ایڈیٹر: شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی (دامت برکاتہم) (پی ایچ ڈی امریکہ)

مشاورت: حکیم محمد خالد محمود چغتائی، محمد محسن انصاری، میاں محمد طارق، امتیاز حیدر اعوان

قیمت فی شمارہ 50 روپے | سالانہ ممبر شپ 1080 روپے، بیرون ملک سالانہ 64 امریکی ڈالر


## تحفظ نظریہ پاکستان عبقری اکیڈمی

قائداعظم محمد علی جناح رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: اسلام اور اس کی بلند نظری نے جمہوریت سکھائی ہے۔ اسلام نے مساوات سکھائی ہے۔ ہر شخص سے انصاف اور رواداری کا حکم دیا ہے۔ کسی بھی شخص کے پاس کیا جواز ہے کہ وہ عوام الناس کیلئے انصاف، رواداری اور دیانتداری کے اعلیٰ معیار پر مبنی جمہوریت، مساوات اور آزادی سے گھبرائے۔ (کراچی بار ایسوسی ایشن 25 جنوری 1948ء)

| | |
|---|---|
| جگنو کی روشنی ہے کاشانۂ چمن میں | یا شمع جل رہی ہے پھولوں کی انجمن میں؟ |
| آیا ہے آسماں سے اڑ کر کوئی ستارہ | یا جان پڑ گئی ہے مہتاب کی کرن میں؟ |

ڈاکٹر علامہ محمد اقبال رحمۃ اللہ علیہ

## عبقری ٹرسٹ کے ذریعے مستحقین کی امداد

عبقری جہاں روحانی جسمانی شعبوں کے ذریعے عالم انسانیت کے دکھی لوگوں کی خدمت کا کام سرانجام دے رہا ہے وہاں سالہا سال سے عبقری لوگوں کی دفتر تک پہنچائی ہوئی اشیاء مثلاً پرانے کپڑے، برتن، جوتے، فرنیچر، رضائیاں، اپنی زکوٰۃ، صدقات، عطیات اور اس کے علاوہ گھریلو استعمال کی تمام اشیاء غریب نادار اور مستحق لوگوں تک پہنچا رہا ہے۔ اپنی استعمال شدہ، پرانی اشیاء کو ناکارہ سمجھ کر ضائع نہ کیجئے یقیناً یہ کسی مستحق کی خوشیوں کا سامان ہے۔ دوسرے شہروں کے لوگ ٹرک یا ٹرین کے ذریعے عبقری کے دفتر چیزیں بھیج کر ادائیں شکریہ!

رجسٹریشن نمبر RP/6237/L/S/10/1534

## عبقری ٹرسٹ کے سامان میں خیانت

قارئین! اپنی نقدی سامان صرف دفتر ماہنامہ عبقری میں پہنچائیں کسی مقامی ایجنسی کو نہ دیں سامان و نقدی اکثر دفتر ماہنامہ عبقری لاہور نہیں پہنچ پاتا۔ عبقری ٹرسٹ کے سامان میں خیانت کی بہت شکایات آ رہی ہیں۔

## فالتو کتابیں رسالے صدقہ جاریہ بنیں!

کتابیں نئی یا پرانی کسی بھی موضوع یا کسی بھی عنوان کی ہوں، رسائل، ڈائجسٹ، میگزین وغیرہ۔ آپ چاہتے ہوں کہ وہ صدقہ جاریہ بنیں۔ مزید وہ رسائل و کتابیں محفوظ ہوں، ایڈیٹر عبقری کو ہدیہ کی نیت سے ارسال کریں، وہ محفوظ ہونگی اور افادہ عام کیلئے استعمال ہوں گے۔ دوسرے شہروں کے لوگ ٹرک، ٹرین یا ڈاک خانہ کے ذریعے دفتر ماہنامہ عبقری چیزیں بھیج دیں۔ شکریہ! نوٹ: درسی اور نصابی کتب ارسال نہ کریں۔


خط و کتابت کا پتہ: ”عبقری“ عالمی مرکز روحانیت وامن 78/3 عبقری اسٹریٹ نزد قرطبہ مسجد مزنگ چونگی لاہور

(عبقری دفتر اتوار کو بند ہوتا ہے)

فون / فیکس 042-37552384-37597605-37586453-042-37425801-37425802-37425803 || E mail:contact@ubqari.org



WWW.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
RSPK.PAKSOCIETY.COM

(ابن عبر کے قلم سے)

# حالِ دل

## جو میں نے دیکھا سنا اور سوچا

# ماں کو کون خریدے گا؟

ہر طرف خوشیاں‘ چہل پہل‘ ہنسی مذاق‘ زرق برق لباس ایک بہت زیادہ مالدار اور امیر شخص کی شادی سٹیج پر دلہن‘ دولہا اور دلہن کے والد والدہ براجمان ہیں۔ کچھ لوگوں نے اپنی باریک نظر سے محسوس کیا کہ ہر طرف تو خوشیوں کا سامان لیکن سٹیج پر اداسی افسردگی اور مایوسی کی کیفیت ہے ولیمہ اپنے آخری مراحل میں تھا اور کھانے کے کھلنے کا اعلان ہونے ہی والا تھا دولہا نے سٹیج پر کھڑے ہو کر ایک بلند آواز سے سارے باراتیوں کو اپنی طرف متوجہ کیا‘ ان کی گرج دار آواز نے سب کو اپنی طرف متوجہ ہونے پر مجبور کیا۔ وہ بولے: میری بات غور سے سنو سب ان کی طرف متوجہ ہوئے خاموشی بھی خاموش ہوگئی‘ وقت تھم گیا‘ ان کے رویئے‘ لہجے اور انداز نے مسکراہٹیں ایک پل میں چھین لیں‘ ان کا پراسرار انداز تھا ہی ایسا جس نے سب مجمع کو خاموش ہونے پر مجبور کردیا۔ اپنی والدہ کے سر پر ہاتھ رکھ کر کہنے لگے: میں والدہ کو بیچنا چاہتا ہوں کوئی ہے اس بوڑھی کا خریدار؟ ان کی آواز کیا تھی باراتیوں پر بجلی گر گئی‘ مہمانوں کے انگ انگ اور رویں رویں میں سنسناہٹ دوڑ نے لگی‘ چند لمحوں کے بعد پھر کہنے لگے: کوئی ہے جو اس بوڑھی کا خریدار ہو؟ یعنی میری والدہ کا۔ تین دفعہ اس اعلان کو دہرایا اور تین دفعہ کے بعد کہنے لگے: آپ بھی حیران ہوں گے۔ باراتیوں کو بولنے کا موقع اس لیے نہ ملا کہ سارا مجمع حیرت میں ایسا ڈوبا کہ ان کی زبانوں پر تالے لگ گئے ان کی آنکھیں پھٹی کی پھٹی رہ گئیں‘ پھر خود ہی دولہا بولے: دراصل ہوا یہ کہ پہلی ملاقات میں میری بیوی نے مجھ سے ایک سوال کیا‘ کہ کیا مجھے آپ کی ماں کے ساتھ رہنا ہوگا؟ میں نے حیرت سے اس کی طرف دیکھا اس کی آنکھوں میں سنگدلی‘ سفاکی اور بے دردی کا ایک مکمل عکس تھا میں خاموش ہو کر کہنے لگا: کیا مطلب؟ کہنے لگی: مطلب واضح ہے میں جوان ہوں‘ آپ جوان ہیں جوانی کی اپنی امنگیں‘ آسیں اور امیدیں ہوتی ہیں۔ ہمیشہ سنا یہ ہے کہ بوڑھے اپنے بڑھاپے کی تدبیریں اور تجربے بتاتے بتاتے جوانی کے مزے اور انجوائمنٹ کو خراب کردیتے ہیں۔ لہٰذا میں تو آپ کے ساتھ رہنا چاہوں گی لیکن ساس کے بغیر اور دوسرے لفظوں میں آپ میرے جیون ساتھی ہیں میں آپ سے پیار کرتی ہوں اور احترام کرتی ہوں لیکن اس بوڑھی کے ساتھ میں کبھی نہ رہ سکوں گی۔ میرا اس کے گھونگھٹ کی طرف بڑھا ہاتھ وہیں رک گیا‘ ساری رات کشمکش‘ بے چینی‘ بے کلی‘ بے قراری میں گزری اب چونکہ میں نے شادی کرلی ہے اور ہمارے ہاں طلاق دینا بہت معیوب سمجھا جاتا ہے‘ اس لیے میں چاہتا ہوں کہ میں ہوں‘ میری بیوی ہو‘ ہم ہوں ہماری خوشیاں‘ دن پیار ہو اور ہماری پیاری نظریں ہوں‘ دل ہو اور دلربائی ہو‘ نغمے ہوں اور کیفیات ہوں۔ لہٰذا میرے دل میں ایک پروگرام آیا کہ اس بوڑھی کو گھر سے نکال دوں تو کہاں جائے گی ساری عمر مجھے دونوں ہاتھوں سے پالا‘ آج کے دن کی آس میں کہ بیٹے کی شادی سے ساری زندگی کے دکھ درد دور ہوجائیں گے۔ سوچا کیوں نہ اس کو فروخت کردوں‘ وہ پیسے اپنی بیوی کو دوں گا وہ انگوٹھی بنوا کر اپنے ہاتھ میں سجائے یا چوڑیاں بنا کر اپنی کلائی میں پہنے اور اس کی چھن چھن اس کے دل کی دھڑکن کو سدا زندہ رکھے گی یوں اس بوڑھی کو چلو کوئی ایک یا دو وقت کھانا تو کھلا دے گا لہٰذا میں اس بوڑھی کی بولی لگا رہا ہوں پھر اس نے اپنا ہاتھ ہٹایا اور اپنی انگلی ماں کے سر پر رکھ کر کہنے لگا کوئی سو روپے میں خریدے گا‘ پانچ سو میں لے گا اپنی بولی کو بڑھاتے ہوئے مجمع کی طرف نظر کی ہزار دو ہزار پانچ ہزار دس ہزار! ابھی اس کے لفظ آگے بڑھنے ہی تھے کہ مجمع میں سے ایک بڑی عمر کے فرد اٹھے اور کہنے لگے ہاں میں تیار ہوں دس ہزار روپے پر اور وہ فرد کون تھے؟ اس بوڑھی کے سگے بھائی‘ وہ سٹیج پر آئے اور اپنی بہن کا ہاتھ تھاما اور سٹیج سے نیچے اترے اور ہال سے باہر نکل گئے۔ کھانے دھرے کے دھرے رہ گئے مسکراہٹوں نے کفن پہن لیے قہقہے دفن ہوگئے چہل پہل پر خزاں آگئی‘ آسیں امنگیں چاہتیں اور امیدیں سب مٹی میں مل گئیں اس سے زیادہ حیرت یہ تھی کہ دلہن بالکل مطمئن اور اپنے چہرے پر مسکراہٹ سجائے اطمینان سے سٹیج پر بیٹھی سارے مجمع کو خاموشی سے دیکھ رہی تھی دوسرے لفظوں میں اسے ذلت یا خفت محسوس نہ ہوئی دراصل یہ اس کی فتح تھی‘ کامرانی اور شادمانی تھی‘ دل دماغ کی راحت تھی۔ قارئین! یہ ایک سچی کہانی ہے‘ آنکھوں دیکھا واقعہ میں نے آپ کے سامنے بیان کیا مجھے آپ سے کچھ اور باتیں بھی کرنی ہیں‘ آخر وہ ساس شیرنی کیوں بن جاتی ہے بلکہ بپھری شیرنی جب اس کے سامنے بہو ہو اور وہی ساس ممتا کا روپ کیوں دھار لیتی ہے جب اس کے سامنے بیٹی ہو وہی ساس بہو کا ایک ایک لقمہ اور ایک ایک قدم اٹھا ہوا ایک ایک سانس گنتی ہے اور وہی ساس اپنی بیٹی کیلئے فدا فدا ہوتی ہے‘ اور اش اش کرتی ہے سنا ہے سسرالی معاشرہ ظالم ہوتا ہے مجھے ایک ساس کہنے لگی: میں نے اپنی ہر بہو کو اپنی شادی سے موازنہ کرکے گھر میں بسایا ہے‘ جب میں جوان تھی اور اس گھر میں آئی تھی اس وقت میری ساس زندہ تھی‘ میری ساس بھی روایتی ساس تھی۔ اس نے میرے ساتھ وہی لہجہ‘ وہی رویہ‘ وہی سختی اور وہی انداز اختیار کیا۔ میں سہتی رہی‘ سختی رہی لیکن ادب احترام کو میں نے کبھی ہاتھ سے نہ جانے دیا۔ مجھے بے شمار بیماریاں اس کڑے ماحول کی وجہ سے لگ گئیں‘ میں نے فیصلہ کیا کہ میں ہمیشہ اپنی بہو کے ساتھ ایسا نہیں کروں گی ایک دانشور نے بات لکھی ہے سیلف میڈ لوگ دو میں سے ایک ہوجاتے ہیں یا بہت زیادہ نرم یا بہت زیادہ ظالم‘ کیونکہ معاشرے کے اتار چڑھاؤ اور رویوں نے انہیں بہت کچھ سکھایا ہوتا ہے اب یہی ہے یا تو وہ انتقام لے یا پھر محبت رواداری کا اپنے ماتحتوں اور گھر والوں کے ساتھ سلوک کریں۔ ایک یہ بہو ہے جس نے ساس کو فروخت کرادیا اور ایک وہ ساس ہے جس نے بیٹی کو یعنی بہو کو ذلیل اور رسوا کرنا اپنی زندگی کا مشن اور مقصد سمجھا اور ایک وہ ساس ہے جسے اس کی ساس نے ذلیل کیا لیکن اس نے اپنی بہوؤں کو رسوا اور ذلیل نہیں کیا۔ وہ ہر وقت یہی کہتی تھی کوئی حرج نہیں ابھی ان کے سونے‘ کھانے‘ پہننے‘ سیر و تفریح کرنے اور ہنسی مذاق کرنے کے دن ہیں یہی وقت میرے اوپر بھی آیا تھا‘ مجھے میری ساس نے ایسا نہیں کرنے دیا اس نے میرا دم گھونٹ دیا تھا پر میں اپنی بہو کا دم نہیں گھونٹوں گی‘ سکھ کا سانس لینا ان کا حق ہے انہیں یہ حق ضرور دوں گی۔ قارئین! آیئے معاشرے کے انصاف اور توازن کی زندگی پر چلنے کی کوشش کریں۔ اگر آپ شوہر ہیں تو کامیاب شوہر وہی ہوتا ہے جو ماں اور بیوی دونوں کے ساتھ پیار محبت اور انصاف کا تقاضا متوازن رکھے۔ وہ ماں کی محبت میں بیوی کو رگڑ نہ دے وہ بیوی کی محبت میں ماں باپ کو بہن بھائیوں کو قریبی رشتہ داروں کو ہمیشہ کیلئے بھول نہ جائے۔ متوازن معاشرہ ہی زندگی کی چہل پہل کو باقی رکھتا ہے۔ آیئے! بہترین شوہر بننے کی کوشش کریں اور قدم بڑھایئے کہ بہترین ساس بن کر دکھائیں اور اگلا قدم کہ بہترین بہو کا روپ دھار لیں۔



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی دامت برکاتہم

ہفتہ وار درس سے اقتباس — درس روحانیت و امن

# جیل میں جا کر زندگی بدلی

**عافیت والی ہدایت:** بعض اوقات بندے کے ساتھ کئی ایسے معاملات آتے ہیں کہ بندہ انہیں سمجھ نہیں پاتا۔ ہمارے ایک ساتھی ہیں وہ کسی غیر ملک میں جیل میں تھے۔ وہاں انہوں نے چھ ماہ میں قرآن پاک ترجمہ و تفسیر کے ساتھ ختم کیا اور پھر ان کے اندر بہت تبدیلی اور بڑا انقلاب آیا۔ اس لیے اللہ سے دعا مانگنی چاہیے "الٰہی تو بغیر ذلت و رسوائی کے، بغیر پریشانی کے عافیت کے ساتھ اپنی نعمت، اپنا تعلق اور اپنی محبت عطا کردے"۔ جیل میں جا کر زندگی بدلی تو بھی ٹھیک ہے لیکن وہ بڑا کریم ہے جیل کے بغیر بھی زندگی کا رخ بدل سکتا ہے۔ عافیت والی نعمت بڑی مشکل سے ملتی ہے اور بڑی آسانی سے چھنتی ہے۔ **برکت و عافیت، دو اہم نعمتیں:** دو چیزیں انتہائی اہم ہیں ایک "برکت" اور دوسری "عافیت" اور ہم ان دو چیزوں کے بغیر چل نہیں سکتے۔ ساری دنیا کے خزانے ہمیں مال دار نہیں کر سکتے جب تک ہمارا رب نہ چاہے۔ ہمارے بزرگ ساتھی ارشاد صاحب جج کے ریڈر تھے ابھی ریٹائر ہو گئے ہیں بڑے تقویٰ والے اور بڑے اللہ والے ہیں۔ ایک دفعہ جج صاحب نے ارشاد صاحب سے کہا کہ میری چالیس ہزار تنخواہ ہیں تاریخ کے بعد ختم ہو جاتی ہے۔ ارشاد صاحب! آپ کی تنخواہ کتنے دن نکالتی ہے؟ ارشاد صاحب کہنے لگے! میری آٹھ ہزار تنخواہ میں قدرت نے اتنی برکت رکھی ہے کہ میں نے بچوں کی شادیاں کی ہیں موٹر سائیکل بھی خریدی ہے۔ جج صاحب حیران ہو کر پوچھنے لگے "یہ کیسے ممکن ہے"؟ تو ارشاد صاحب نے کہا رب العزت نے میرے رزق میں برکت ڈال دی ہے۔ میرا قلم چھ سال ہو گئے ہیں ابھی تک چل رہا ہے، پانچ سال اس جوتی کو ہو گئے ہیں، کپڑے اتنے سال پرانے ہیں۔ یہ فلاں چیز کو اتنا عرصہ ہو گیا یہ کریم کی برکت ہے اور اس میں عافیت بھی ہے کہ اللہ نے اس کو توڑا نہیں، موڑا نہیں اور اس کے اندر اللہ نے نفع والی صفت رکھی ہے۔ ساری دنیا کا مال ہمیں امیر نہیں کر سکتا ساری دنیا کا پیسہ ہمارا قرض اتار نہیں سکتا، جب تک ہمارا رب نہ چاہے اور ہمارا قرضہ تب اترے گا، ہمارے رزق میں، مال میں برکت تب آئے گی، ہماری مشکلیں تب حل ہوں گی جب ہمارا رب چاہے گا۔ یہ سب ایک نظام کے تحت ہوتا ہے اور دو نظام برکت والا اور عافیت والا نظام ہے جس سے ہمارا کام بنے گا ورنہ ہمارا کام کبھی نہیں بنے گا۔

**اور جب عافیت چھن گئی:** میں سفر سے آیا تو اپنے سسرال گیا۔ میرے عزیز مجھ سے کہنے لگے ہمارے پڑوس میں ایک گھر ہے۔ اس گھر کا مالک پہلے بہت مال دار تھا۔ اب بیچارہ معذور ہے۔ گلی میں ویل چیئر پر بیٹھ کر سیخ بناتا اور بازار میں بیچتا ہے۔ میں نے کہا: چلیں اس کی عیادت کر لیتے ہیں۔ ڈھائی مرلے کا گھر وہ بھی کرائے کا لیا ہوا۔ مجھے اندر لے گئے، میں نے ان سے احوال کے بارے میں پوچھا! جواباً کہنے لگے! کہ "تقریباً ۱۵ سال ہو گئے ہیں میں بستر پر پڑا ہوں۔ پہلے میری لکشمی چوک میں ماشاء اللہ تکہ شاپ کے نام سے دکان تھی ایک دن میں بیٹھا ہوا تھا۔ دو نوجوان آئے کڑاہی کھانے۔ اس وقت کڑاہی ڈیڑھ سو (۱۵۰) کی بنتی تھی۔ وہ سو (۱۰۰) دینے لگے۔ میں نے کہا جی ڈیڑھ سو (150) کی ہے۔ کافی لے دے کر کے ڈیڑھ سو دے کر چلے گئے۔ تھوڑی دیر کے بعد وہ دونوں گاڑی میں آئے اور مجھے گولی ماری، گولی ایک کندھے سے دوسرے کندھے پار ہو گئی، میری ریڑھ کی ہڈی متاثر ہوئی، اس کے اندر کا حرام مغز کٹ گیا تھا۔ اس وجہ سے ہسپتال میں رہا۔ اس کے بعد میری دکان چلتی تو رہی لیکن میرا پیسہ کھانے والے دکان کا نفع کھاتے رہے اور مجھ سے خطا یہ ہوئی کہ میں سود پر پیسہ لے کر دکان کے بل ادا کرتا رہا۔ کہنے لگے! کچھ عرصہ بعد وہی دو نوجوان جنہوں نے مجھے گولی ماری تھی، ایک ایک کر کے قتل ہو گئے۔ پھر میں نے ایک صاحب کو اپنی دکان پچاس لاکھ میں فروخت کی۔ اس نے مجھ سے اسٹامپ لکھوا لیا۔ مجھے بھائی بنا لیا۔ میری بیوی کو بہن بنا لیا۔ بہت مروت کی۔ بہت محبت دی۔ لیکن بقایا کے اٹھائیس لاکھ مجھے نہیں دیئے۔ کچھ عرصے کے بعد اس کا بھی کہیں جھگڑا ہوا معاملہ کورٹ میں گیا اور وہ ابھی تک جیل میں پڑا ہوا ہے۔ مکافات عمل کا سلسلہ بھی ساتھ شروع ہو رہا ہے۔ اب صورت حال یہ ہے کہ بہت زیادہ قرضے کی ادائیگی سر پر ہے۔ حالانکہ میں نے اکثر قرضہ ادا بھی کر دیا ہے۔ پچپن لاکھ کا مکان بیچا، پچاس لاکھ کی دکان بیچی، سارا پیسہ ختم ہو گیا قرضے میں دکان بھی ختم ہو گئی۔ ابھی تک میں ڈیڑھ سے پونے دو لاکھ کا مقروض ہوں۔ گھر کے کچھ اخراجات ہیں اب بیٹی ہے۔ بڑا بیمار رہتا ہے اور چھوٹا بیٹا جو پندرہ سال کا ہے وہ دن میں چلاتا ہے اور اس طرح زندگی کا نظام چل رہا ہے۔ میں نے پوچھا ویسے آپ کی آمدنی کتنی تھی؟ کہنے لگے: "اس وقت چودہ، پندرہ ہزار میری روزانہ کی آمدنی تھی، میری بہترین رہائش تھی، بہترین گاڑیاں تھیں لیکن جب عافیت کا نظام چھن گیا تو میرا سب کچھ چھن گیا"۔

**مشیت خداوندی اور ہمارے ارادے:** میں عید والے دن گھر سے کچھ احباب کی اور کچھ غریب لوگوں کی خیر خیریت لینے نکلا، ایک صاحب کی مہران کار تھی اس میں گیا۔ میرے دور کے رشتہ دار تھے، میں دانستہ ان کے گھر جانا نہیں چاہتا تھا کیونکہ وہ غریب ہیں، لیں گے کچھ نہیں اور مروت میں اچھا خاصہ خرچہ بھی کر لیں گے۔ لیکن قدرت بڑی طاقتور ہے انہی کے گھر کے سامنے گٹر میں گاڑی کا ٹائر چلا گیا۔ اب جو ساتھی نکالنے لگے تو ڈرائیور نے ایکسیلیٹر پر دباؤ بڑھا کر جو ویل گھمایا تو سارا کیچڑ ان کے کپڑوں پر لگ گیا جو کہ وہ نکلوا رہے تھے۔ وہیں ان کا بیٹا کہیں کھڑا ہوا تھا۔ وہ مجھے ماموں ماموں پکارتا ہوا آ گیا۔ اب اس نے گٹر میں سے گاڑی بھی نکال لی۔ میں نے دل ہی دل میں کہا اللہ تو بڑا قادر ہے۔ پھر میں نے اس سے کہا چل بھئی گھر جا کر پانی والا پائپ لاؤ اور ان کے کپڑے تو دھو دو۔ اس طرح مجھے ان کے گھر جانا ہی پڑا۔ خیر وہ تو اللہ کا نظام ہے۔ ان کے گھر گیا تو اللہ پاک نے ان کا ایک مسئلہ تھا وہ اللہ نے حل فرما دیا۔ (جاری ہے)

انوکھے روحانی وظائف اور راز و ولایت پانے کیلئے
خطبات عبقری مکمل سیٹ کا مطالعہ کریں۔

## درس سے فیض پانے والے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ پہلی مرتبہ میری اہلیہ گھر لائیں اللہ اسے جزائے خیر دے۔ تب سے ہم تمام گھر والے عبقری کے دیوانے ہیں۔ عبقری سے ہی ہمیں آپ کے درس روحانیت و امن کے بارے میں معلوم ہوا۔ آپ کا درس یا رسالہ عبقری جس شخص نے سن اور پڑھ لیا وہ اس کا رسیا ہو جاتا ہے، میں نے یہ تجربہ کئی لوگوں پر کیا ہے جس کو بھی تھوڑا سا درس موبائل پر سنا دیا وہ اللہ کے حکم سے ایسے درس کی طلب کرتا ہے کہ بغیر درس سنے وہ رہ نہیں سکتا۔ ایک نہیں درجنوں آدمیوں کو دیکھ چکا ہوں اور ایسا راہ راست پر آتا ہے کہ پھر بھٹکتا نہیں۔ گھریلو مسائل حل ہوتے ہیں کاروباری مشکلات ختم ہوئیں۔ خود میرے ساتھ بھی ایسا ہی ہوا تھا آپ کے درس سے بہت فیض مل رہا ہے۔ بعض اوقات دل ایسا کرتا ہے کہ اڑ کر جناب کی زیارت کر جاؤں اور خیالات میں بھی آپ چھائے رہتے ہیں۔ (م س، پاکپتن)



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

ابولبیب شاذلی

# دوسروں کے حالات کی جستجو کرنے والی کی گردن مڑ گئی

جیسے ہی وہ بدبخت شخص مسجد سے باہر نکلا تو بالکل ہی اچانک ایک پاگل اونٹ کہیں سے دوڑتا ہوا آیا اور اس کو دانتوں سے پچھاڑ دیا اور اس کے اوپر بیٹھ کر اس کو اس قدر زور سے دبایا کہ اس کی پسلیوں کی ہڈیاں چور چور ہوگئیں اور وہ فوراً ہی مرگیا۔

**اللہ کو اپنے پیاروں کی توہین ہرگز پسند نہیں!:** ایک شخص حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے سامنے صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کی شان میں گستاخی و بے ادبی کے الفاظ بکنے لگا۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ تم اپنی اس خبیث حرکت سے باز رہو ورنہ میں تمہارے لیے بددعا کردوں گا۔ اس گستاخ و بے باک نے کہہ دیا کہ مجھے آپ کی بددعا کی کوئی پرواہ نہیں۔ آپ کی بددعا سے میرا کچھ بھی نہیں بگڑ سکتا۔ یہ سن کر آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو جلال آگیا اور آپ نے اسی وقت یہ دعا مانگی کہ یا اللہ اگر اس شخص نے تیرے پیارے نبی ﷺ کے پیارے صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کی توہین کی ہے تو آج ہی اس کو اپنے قہر و غضب کی نشانی دکھادے تاکہ دوسروں کو اس سے عبرت حاصل ہو۔ اس دعا کے بعد جیسے ہی وہ بدبخت شخص مسجد سے باہر نکلا تو بالکل ہی اچانک ایک پاگل اونٹ کہیں سے دوڑتا ہوا آیا اور اس کو دانتوں سے پچھاڑ دیا اور اس کے اوپر بیٹھ کر اس کو اس قدر زور سے دبایا کہ اس کی پسلیوں کی ہڈیاں چور چور ہوگئیں اور وہ فوراً ہی مرگیا۔ یہ منظر دیکھ کر لوگ دوڑ دوڑ کر حضرت سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو مبارک باد دینے لگے کہ آپ کی دعا مقبول ہوگئی اور صحابہ کرام کا دشمن ہلاک ہوگیا۔ (دلائل النبوۃ ج3، ص207، حجۃ اللہ علی العالمین ج2 ص866)

**چہرہ پیٹھ کی طرف پھر گیا:** ایک عورت کی یہ عادت بدتھی کہ وہ ہمیشہ حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے مکان میں جھانک جھانک کر آپ کے گھریلو حالات کی جستجو کیا کرتی تھی۔ آپ نے بار بار اس کو سمجھایا اور منع کیا مگر وہ کسی طرح باز نہیں آئی۔ یہاں تک کہ ایک دن نہایت جلال میں آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی زبان مبارک سے یہ الفاظ نکل پڑے کہ "تیرا چہرہ بگڑ جائے" ان الفاظ کا یہ اثر ہوا کہ اس عورت کی گردن گھوم گئی اور اس کا چہرہ پیٹھ کی طرف ہوگیا۔ (حجۃ اللہ علی العالمین ج2 ص866، بحوالہ ابن عساکر)

**قبر میں تلاوت:** حضرت ابوطلحہ بن عبیداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ میں اپنی زمین کی دیکھ بھال کیلئے "غابہ" جارہا تھا تو راستہ میں رات ہوگئی۔ اس لیے میں حضرت عبداللہ بن عمرو بن حرام رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی قبر کے پاس ٹھہر گیا جب کچھ رات گزر گئی تو میں نے ان کی قبر میں سے تلاوت کی اتنی بہترین آواز سنی کہ اس سے پہلے اتنی اچھی قرأت میں نے کبھی نہیں سنی تھی۔ جب میں مدینہ منورہ کو لوٹ کر آیا اور میں نے حضور اقدس ﷺ سے اس کا تذکرہ کیا تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ کیا اے ابوطلحہ! تم کو یہ معلوم نہیں کہ اللہ نے ان شہیدوں کی ارواح کو قبض کرکے زبرجد اور یاقوت کی قندیلوں میں رکھا ہے اور ان قندیلوں کو جنت کے باغوں میں آویزاں فرمادیا ہے جب رات ہوتی ہے تو یہ روحیں قندیلوں سے نکال کر ان کے جسموں میں ڈال دی جاتی ہیں پھر صبح کو وہ اپنی جگہوں پر واپس لائی جاتی ہیں۔ (حجۃ اللہ علی العالمین ج2، ص871 بحوالہ ابن مندہ) تبصرہ: یہ مستند روایات اس بات کا ثبوت ہیں کہ حضرات شہداء کرام اپنی اپنی قبروں میں پورے لوازم حیات کے ساتھ زندہ ہیں۔

**فرشتے گھر کے اوپر اتر پڑے:** روایت میں ہے کہ حضرت اسید بن حضیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے نماز تہجد میں سورۂ بقرہ کی تلاوت شروع کی۔ اس حجرہ میں آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا گھوڑا بھی بندھا ہوا تھا اور گھوڑے کے قریب ہی میں ان کا بچہ یحییٰ بھی سورہا تھا۔ یہ انتہائی خوش الحانی کے ساتھ قرأت کررہے تھے۔ اچانک ان کا گھوڑا بدکنے لگا یہاں تک کہ ان کو خطرہ محسوس ہونے لگا کہ گھوڑا ان کے بچے کو کچل دے گا۔ چنانچہ نماز ختم کرکے جب انہوں نے صحن میں آکر اوپر دیکھا تو یہ نظر آیا کہ بادل کے ٹکڑے کے مانند جس میں بہت سے چراغ روشن ہیں اور کوئی چیز ان کے مکان کے اوپر اتر رہی ہے۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس منظر سے گھبرا کر قرأت موقوف کردی اور صبح کو جب بارگاہ رسالت ﷺ میں حاضر ہوکر یہ واقعہ بیان کیا تو رحمت دو عالم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ یہ فرشتوں کی مقدس جماعت تھی جو تیری قرأت کی وجہ سے آسمان سے تیرے مکان کی طرف اتر پڑی تھی اگر تو صبح تک تلاوت کرتا رہتا تو یہ فرشتے زمین سے اس قدر قریب ہوجاتے کہ تمام انسان ان کا دیدار کرلیتے۔ (دلائل النبوۃ ج3 ص205، مشکوٰۃ شریف ص184، فضائل قرآن) اس روایت سے ثابت ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے نیک بندوں کی تلاوت سننے کیلئے آسمان سے فرشتوں کی جماعت زمین کی طرف اترتی ہے۔ یہ اور بات ہے کہ عام لوگ فرشتوں کو دیکھ نہیں سکتے مگر اللہ والوں میں سے کچھ خاص خاص لوگوں کو فرشتوں کا دیدار بھی نصیب ہوجاتا ہے بلکہ وہ فرشتوں سے گفتگو بھی کرسکتے ہیں۔

**شہد کی مکھیوں کا پہرہ:** حضرت عاصم بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے جنگ بدر کے دن کفار مکہ کے بڑے بڑے نامی گرامی سورماؤں اور نامور سرداروں کو موت کے گھاٹ اتار دیا تھا اس لیے جب کفار مکہ کو ان کی شہادت کی خبر ملی تو ان کافروں کے چند آدمیوں کو اس لیے مقام رجیع میں بھیج دیا تاکہ ان کے بدن کا کوئی ایسا حصہ (سروغیرہ) کاٹ کر لائیں جس سے یہ شناخت ہوجائے کہ واقعی حضرت عاصم رضی اللہ تعالیٰ عنہ (شہید) قتل ہوگئے ہیں چنانچہ چند کفار ان کی لاش مبارک کی تلاش میں مقام رجیع تک پہنچ گئے مگر وہاں جاکر ان کافروں نے اس شہید مرد کی یہ کرامت دیکھی کہ لاکھوں کی تعداد میں شہد کی مکھیوں کے جھنڈ نے آپ کی لاش مبارک کے اردگرد اس طرح گھیرا ڈال رکھا ہے جس سے وہاں تک کسی کا پہنچنا ہی ناممکن ہوگیا ہے اس لیے کفار مکہ ناکام و نامراد ہوکر مکہ واپس چلے گئے۔ (بخاری جلد2، ص569 وزرقانی جلد2، ص73)

## لاجواب ٹوٹکے کا کوئی ایک فائدہ ہو تو بتاؤں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری رسالہ بہت شوق سے پڑھتا ہوں میں انٹرنیٹ پر ہر ماہ رسالہ پڑھتا ہوں اور عبقری کے فیس بک پر دیئے گئے ٹوٹکے اور اعمال سے بھرپور فائدہ اٹھاتا ہوں۔ میرے پاس ایک انتہائی آسان ٹوٹکہ ہے جو میں عبقری کے میل ایڈریس پر میل کررہا ہوں تاکہ یہ عبقری میں چھاپا جائے اور لاکھوں لوگ اس سے مستفید ہوں۔ ٹوٹکہ یہ ہے کہ ایک کھانے کا چمچ سرکہ اور ایک کھانے کا چمچ شہد ایک گلاس سادہ پانی میں اچھی طرح ملا کر گھونٹ گھونٹ پی لیں۔ اس ٹوٹکہ کا کوئی ایک فائدہ ہو تو بتاؤں۔ بدہضمی، قبض، بلڈپریشر، کولیسٹرول، ڈیپریشن کیلئے بہت ہی مفید ہے۔ تقریباً ہر گھر میں آج کل کوئی نہ کوئی ڈیپریشن کا مریض موجود ہے یہ ٹوٹکہ ڈیپریشن کیلئے انتہائی لاجواب ہے۔ چھ چھ گھنٹے کے وقفے کے بعد ایک گلاس درج بالا طریقے سے پئیں۔ ان شاء اللہ لاجواب فائدہ ہوگا۔ شرط یہ ہے کہ شہد اور سرکہ خالص ہونا چاہیے۔ (فرخ رشید)





WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

# خواجہ ناظم کریم کے مستند روحانی وظائف

اگر کوئی شخص کسی خطرناک مرض میں مبتلا ہو یا اس پر کسی نے سحر، سفلی، جادو کرا دیا ہو یا پراسرار بیماری میں مبتلا ہو جس کی تشخیص نہ ہوتی ہو تو اس کیلئے عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے ایک چینی کی بغیر پھول والی پلیٹ پر الحمد شریف لکھے اور اس کے نیچے یہ کلمات لکھے۔

## پیشاب کا بند کھولنا

اگر کسی کا پیشاب بند ہوگیا ہو تو اس کیلئے باوضو اول تین بار درود شریف پڑھیں اس کے بعد گیارہ بار یہ آیت پڑھ کر پانی پر دم کر کے مریض کو پلائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ پیشاب کی بندش کھل جائے گی اور خوب پیشاب آئے گا۔ وہ آیت یہ ہے:۔ فَفَتَحْنَآ اَبْوَابَ السَّمَآءِ بِمَآءٍ مُّنْهَمِرٍ ۝ وَّفَجَّرْنَا الْاَرْضَ عُيُوْنًا فَالْتَقَى الْمَآءُ عَلٰٓى اَمْرٍ قَدْ قُدِرَ ﴿القمر 12،11﴾

## طاعون، ہیضہ، انفلوئنزا، چیچک، وبائی امراض

اگر کسی جگہ وبائی امراض پھوٹ پڑیں اور خسرہ، طاعون، ہیضہ، انفلوئنزا، چیچک کا زور ہو جائے یا جانوروں میں کھر اور منہ کی بیماری پیدا ہو جائے یا مرغیوں میں برڈ فلو کا مرض پھیل جائے تو اس کیلئے سورۂ قدر باوضو تین مرتبہ پڑھ کر کسی کھانے کی چیز پر یا پانی پر دم کر کے آدمیوں کو یا جانوروں کو کھلائیں۔ اسی طرح پڑھا ہوا پانی بھی انسانوں یا جانوروں کو پلائیں اور مکان اور باڑے کے کونوں میں چھڑکیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد مرض سے نجات حاصل ہوگی۔ یہ عمل کم از کم چالیس دن کریں۔

## پیٹ کے درد کا شافی علاج

اگر کسی کے پیٹ میں درد ہو یا کھانا کھانے کے بعد پیٹ میں درد ہو جاتا ہو یا کسی اور وجہ سے پیٹ میں شدید درد پیدا ہو گیا ہو تو اس کیلئے یہ آیت باوضو تین بار پڑھ کر پانی پر دم کرے اور مریض کو وہ پانی پلا دے اسی طرح اگر جانور کے پیٹ میں درد ہو تو اس کو بھی پانی پڑھا ہوا پلائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ درد سے نجات حاصل ہوگی۔ وہ آیت یہ ہے۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ لَا فِيْهَا غَوْلٌ وَّلَا هُمْ عَنْهَا يُنْزَفُوْنَ ﴿الصّٰفّٰت ٤٧﴾

## بچے کا کثرت سے رونا

اگر کوئی بچہ کثرت سے روتا ہو اور ہر وقت کسی نہ کسی بہانے سے روتا رہتا ہو اور کسی طور بھی چپ نہیں ہوتا اور بات بات پر ضد کرتا ہو اور نئے نئے مطالبے پیش کرتا ہو لیکن اس کا رونا کسی طور پر کم نہیں ہوتا۔ والدین اس بچے کی اس طرح بات بات پر رونے سے پریشان ہوں تو باوضو سورۂ فلق اور سورۂ ناس تین تین بار پڑھ کر بچے پر دم کریں اور پانی پر بھی دم کر کے بچے کو وہ پانی چار وقت پلائیں۔ چار وقت پلانے کے یہ ہیں۔ 1۔ صبح ناشتہ سے قبل۔ 2۔ دوپہر گیارہ بجے۔ 3۔ بعد نماز عصر سورج غروب ہونے سے پہلے۔ 4۔ بعد نماز عشاء سونے سے قبل۔ انشاء اللہ بچہ ضد چھوڑ دے گا اور رونا بند ہو جائے گا۔ چند دن یہ عمل کریں۔

## نکسیر پھوٹنے کا علاج

اگر کسی کی نکسیر پھوٹ گئی ہو اور ناک سے برابر خون بہہ رہا ہو تو اس کو روکنے کیلئے یہ آیت باوضو سات بار پڑھ کر مریض پر دم کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ نکسیر بند ہو جائے گی۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَقِيْلَ يٰٓاَرْضُ ابْلَعِيْ مَآءَكِ وَيٰسَمَآءُ اَقْلِعِيْ وَغِيْضَ الْمَآءُ وَقُضِيَ الْاَمْرُ وَاسْتَوَتْ عَلَى الْجُوْدِيِّ وَقِيْلَ بُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿ھود ٤٤﴾

## ہر قسم کی خطرناک بیماری، سحر، جادو کا علاج

اگر کوئی شخص کسی خطرناک مرض میں مبتلا ہو یا اس پر کسی نے سحر، سفلی، جادو کرا دیا ہو یا پراسرار بیماری میں مبتلا ہو جس کی تشخیص نہ ہوتی ہو تو اس کیلئے عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے ایک چینی کی بغیر پھول والی پلیٹ پر الحمد شریف لکھے اور اس کے نیچے یہ کلمات لکھے اور مریض کو پلیٹ پانی سے دھو کر وہ پانی چار وقت پلائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کے خطرناک مرض، سحر، جادو، سفلی سے نجات حاصل ہوگی۔

سورۂ فاتحہ کے نیچے لکھے جانے والے کلمات یہ ہیں:۔

يَا حَيُّ حِيْنَ لَا حَيَّ فِيْ دَيْمُوْمَةِ مُلْكِهٖ وَبَقَآئِهٖ يَا حَيُّ

## بواسیر کے مرض میں خون آنا

اگر کسی شخص کو خدانخواستہ خونی بواسیر کی شکایت ہو اور خون بہتا ہو جس سے انسان کا جسم بہت کمزور ہو جاتا ہے اور رنگ پیلا پڑ جاتا ہے اس کیلئے یہ آیت اکتالیس بار باوضو پڑھے اور پانی یا کھانے کی چیز پر دم کرے اور پانی پیے اور کھانے کی چیز کھائے۔ وہ آیت یہ ہے۔ وَاِذْ يَرْفَعُ اِبْرٰهٖمُ الْقَوَاعِدَ مِنَ الْبَيْتِ (البقرہ 127) انشاء اللہ تعالیٰ چند دن کے عمل سے خون آنا بند ہو جائے گا۔

## کان کے درد کو دور کرنا

اگر کسی بچے کے کان میں رات کو درد ہونے لگے یا کسی بڑے آدمی کے کان میں شدید درد پیدا ہو جائے تو اس کیلئے باوضو اول تین بار درود شریف پڑھے اس کے بعد تین مرتبہ سورۃ انشراح پڑھے اور آخر میں پھر تین بار درود شریف پڑھے اور مریض کے دونوں کانوں میں پھونک مار دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ تھوڑی دیر میں کان کا درد دور ہو جائے گا۔

## لڑکے یا لڑکی کا رشتہ ہونا

اگر والدین اپنی اولاد کی شادی کے سلسلے میں پریشان ہوں اور بہت زیادہ کوشش کے باوجود رشتے نہیں ہوتے۔ اس کیلئے بعد نماز فجر باوضو پاک ہو کر مصلے پر بیٹھ کر پوری توجہ کے ساتھ یَا خَبِیْرُ ایک سو ایک مرتبہ روزانہ پڑھا کرے ناغہ نہ کرے البتہ اگر عورت یا لڑکی خود پڑھ رہی ہے اور خاص دن شروع ہو گئے تو پڑھنا بند کر دے۔ پاک ہونے کے بعد پھر پڑھنا شروع کرے۔ یہ عمل شادی ہونے تک جاری رکھے۔

## علاج پوشیدہ امراض کا شرطیہ روحانی علاج

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں خیر خیریت سے ہوں امید ہے آپ بھی خیر خیریت سے ہوں گے۔ جناب میں نے آپ سے ایک گزارش کرنی تھی کہ میں گزشتہ چھ سال سے بیمار تھا احتلام کی بیماری تھی مجھے کہیں سے بھی شفاء نہ مل رہی تھی میں نے کوئی حکیم ڈاکٹر نہ چھوڑا لیکن مجھے کوئی فائدہ نہیں ہوا ہفتے میں تین مرتبہ تو ہر حالت میں ہوتا تھا مہینے میں بارہ سے پندرہ مرتبہ ہوتا میں بہت پریشان تھا میری صحت دن بدن خراب ہوتی جا رہی تھی پڑھائی کے علاوہ بھی ہر کام سے گیا میں ڈیپریشن کا شکار ہو چکا تھا ہر جگہ پر صرف بدنامی ہی بدنامی مل رہی تھی۔ پھر میں نے ایک اللہ والے کی کتاب میں پڑھا کہ کثرت بول یا احتلام ہو تو آپ سورۂ طارق رات کو پڑھ کر سویا کریں۔ میں گزشتہ پانچ سال سے پڑھ رہا ہوں اور میری بیماری جڑ سے ختم ہو چکی ہے میں بالکل صحت یاب ہو گیا ہوں اب احتلام مہینے میں ایک بار ہوتا ہے۔ یہ عمل میں نے خاص طور پر قارئین عبقری کیلئے لکھا ہے تاکہ لاکھوں کو فائدہ ہو۔ اللہ کے حکم سے میرا دعویٰ ہے کہ اس عمل سے بیماری جڑ سے ختم ہو جائے گی شرطیہ۔ جگہ جگہ سے تھکے ہارے اس عمل کو ضرور آزمائیں اور مجھے اور حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کو اپنی دعاؤں میں یاد رکھیں۔ (عظمت حسین، تلہ گنگ)





WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

## یہ شمارہ پاک سوسائٹی ڈاٹ کام نے پیش کیا ہے

## پاک سوسائٹی خاص کیوں ہیں:-

ہائی کوالٹی پی ڈی ایف
ایڈ فری لنکس

ایک کلک سے ڈاؤنلوڈ
ڈاؤنلوڈ اور آن لائن ریڈنگ ایک پیج پر

کتاب کی مُختلف سائزوں میں اپلوڈنگ
ناولز اور عمران سیریز کی مُکمل رینج

## Click on http://paksociety.com to Visit Us

پاک سوسائٹی کو فیس بُک پر جوائن کریں http://fb.com/paksociety

پاک سوسائٹی کو ٹوئٹر پر جوائن کریں http://twitter.com/paksociety1

پاک سوسائٹی کو گُوگل پلس پر جوائن کریں https://plus.google.com/112999726194960503629

ہمیں وزٹ کرنے کے لئے ہمارا ویب ایڈریس براوزر میں لکھیں یا گُوگل میں پاک سوسائٹی تلاش کریں۔

اپنے دوست احباب اور فیملی کو ہماری ویب سائیٹ کا بتا کر پاکستان کی آن لائن لائبریری کا ممبر بنائیں۔

اِس خوبصورت ویب سائٹ کو چلانے کے لئے ہر ماہ کثیر سرمایہ درکار ہوتا ہے، اگر آپ مالی مدد کرنا چاہتے ہیں تو ہم سے فیس بک پر رابطہ کریں۔۔۔

ہمیں فیس بک پر لائک کریں اور ہر کتاب اپنی وال پر دیکھنے کے لئے امیج پر دی گئی ہدایات پر عمل کریں:-






http://paksociety.com http://paksociety.com http://paksociety.com http://paksociety.com http://paksociety.com http://paksociety.com
http://paksociety.com http://paksociety.com http://paksociety.com http://paksociety.com http://paksociety.com http://paksociety.com

# کیا تم چاہتے ہو تمہارے پاس وسیع رزق، گھر اور گاڑی ہو؟

(مرسلہ: بشارت محمد ایوب شاہد تونسہ شریف)

مزید فرمایا کہ آج میں تمہیں ایک عظیم تحفہ دینا چاہتا ہوں؟ کیا تم چاہتے ہو کہ تمہارا مکان بڑا اور خوبصورت ہو؟ کیا تم چاہتے ہو کہ تمہارے پاس گاڑی ہو؟ کیا تم منصف بننا چاہتے ہو؟ کیا تم حج وعمرہ کرنا چاہتے ہو؟ میں حضرت جی کی باتیں سن کر بس بے دلی سے جی جی کہہ رہا تھا۔

میں اس وقت زمانہ طالب علمی میں تھا جب اس مبارک ہستی سے ملاقات ہوئی میرے ہاتھ میں ایک کتاب تھی اس عظیم ہستی نے فرمایا کہ یہ کیا ہے؟ میں نے عرض کیا کہ حضرت جی! ''میری سلیبس بک ہے''۔ یہ پہلی ملاقات اور کافی عرصہ بیت گیا۔ ایک دن یوں ہوا کہ ہمارا سالانہ اجتماع تھا اور اس اجتماع میں وہ ہستی بھی تشریف لانے والی تھی، مہتمم صاحب نے میری ڈیوٹی لگائی کہ شعبہ جات کا تعارف کرانا اور حضرت جی کو شعبہ جات دکھانے ہیں۔ پس میں نے حضرت جی کو اپنے ادارہ کے شعبہ جات دکھائے آخر میں آپ نے فرمایا کہ اپنا مکان دکھاؤ، میں بہت پریشان ہوا کہ حضرت کے ساتھ بہت سے آدمی تھے اور میرا مکان چھوٹا ہے، خیر چپ کرکے انہیں اپنے اس مکان میں لے آیا جو ہمارے تندرستی سنٹر کی طرف سے ملا ہوا تھا جس میں ایک کمرہ، ایک چارپائی، ایک ٹوٹی ہوئی میز اور کرسی تھی۔ میں حیران تھا کہ اتنے زیادہ آدمی اس کمرے میں کیسے سمائیں گے لیکن جونہی میرے مکان کے دروازے پر پہنچے تو سب ساتھیوں کو یہ کہہ کر واپس بھیج دیا کہ آپ جائیں اور میں ابھی آتا ہوں۔ ادارہ کی طرف سے پیغام آیا کہ کھانا تیار ہے تو حضرت جی نے فرمایا میں ابھی آرہا ہوں۔ خیر! آپ میرے اس معصوم مکان میں اس چارپائی پر بیٹھ گئے اور احوال پوچھنے لگے اور فرمایا کہ تو وہی (سلیبس کی کتاب والا) طالب علم ہے؟ میں حیران ہوا کہ حضرت پہلی ملاقات کو بھولے ہی نہیں؟ مزید فرمایا کہ آج میں تمہیں ایک عظیم تحفہ دینا چاہتا ہوں؟ کیا تم چاہتے ہو کہ تمہارا مکان بڑا اور خوبصورت ہو؟ کیا تم چاہتے ہو کہ تمہارے پاس گاڑی ہو؟ کیا تم منصف بننا چاہتے ہو؟ کیا تم حج وعمرہ کرنا چاہتے ہو؟ میں حضرت جی کی باتیں سن کر بس بے دلی سے جی جی کہہ رہا تھا۔ حضرت جی بہت عمر رسیدہ تھے اور میں یہ سمجھ رہا تھا بڑھاپے کی وجہ سے ایسا کہہ رہے ہیں اور یہ کیسے ممکن ہے۔ آخر حضرت جی نے جوش سے فرمایا کہ وضو کے درمیان والی مسنون دعا پڑھتے ہو میں نے پھر وہی بے دلی سے کہا کہ جی پڑھتا ہوں۔ فرمایا: اب تکبیر اولیٰ سے نماز پڑھو اور ہر فرض نماز کے بعد اس دعا کو تین بار پڑھو اور وضو کرتے وقت شروع سے آخر تک مسلسل یہ دعا پڑھنی ہے۔ اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ ذَنْبِیْ وَوَسِّعْ لِیْ فِیْ دَارِیْ وَبَارِكْ لِیْ فِیْ رِزْقِیْ اور فرمایا کہ اگر چالیس دن کے اندر تم عمرے پر نہ گئے تو مجھے گلہ ضرور دینا۔ خیر! اجتماع اختتام کو پہنچا، حضرت جی چلے گئے، اور میں نے اس وظیفہ کو شروع کردیا اور یقین جانیے ٹھیک تیسویں دن میں حرم پاک میں حاضر تھا۔ اللہ تعالیٰ نے بڑا اور خوبصورت گھر عطا فرمایا۔ اللہ تعالیٰ کی عطا سے ہر سال گاڑی کا ماڈل تبدیل ہوتا ہے۔ اگر گناہوں کی مکمل معافی چاہتے ہیں، گھریلو وسعت، رزق کی برکت، جھگڑوں سے حفاظت اور حج وعمرہ کے غائبانہ اسباب چاہتے ہو تو اس مسنون دعا کو ہر وضو کے شروع سے آخر تک مسلسل پڑھو اور فرض نماز کے بعد تین بار مکمل یقین سے پڑھو اور برکتیں ہی برکتیں دیکھتے جاؤ۔ تکبیر اولیٰ کا خاص اہتمام کریں۔ خاص طور پر چالیس دن مسلسل پھر تمام عمر میں اس کا اہتمام کرنا ہے۔ درج بالا تحریر ایک اللہ والے نے اجتماع میں بیان کی۔ میں نے قارئین عبقری کیلئے لکھ دیا۔

## پتھری خارج، درد گردہ دس سیکنڈ میں ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے پاس ایک آسان سا ٹوٹکہ ہے مگر اس کا کمال اتنا زبردست ہے کہ استعمال کرنے والا حیران رہ جاتا ہے۔ پتھری گردہ و مثانہ: پھکڑا ایک پودا ہے جسے شاخوں، کانٹوں اور جڑوں سمیت پیس کر سفوف بنالیں، چائے کا آدھا چمچ پانی کے ساتھ دن میں ایک مرتبہ دیں، پتھری خارج ہوجاتی ہے اور مریض کو پتہ بھی نہیں چلتا۔ شدید درد گردہ بھی ایک تا دس سیکنڈ میں ختم ہوجاتا ہے۔ تیربہدف اور آزمودہ ہے۔ بعض کمردرد والے مریض بھی اسی ٹوٹکہ سے ٹھیک ہوگئے۔ بعض افراد قوت باہ کیلئے بھی یہی ٹوٹکہ استعمال کرتے ہیں۔ اگر کوئی دمہ کا مریض ہے تو وہ بھی یہی ٹوٹکہ استعمال کرے کیونکہ بھوک بھی بڑھاتا ہے۔ گرمیوں میں شربت بزوری کے ساتھ استعمال کریں اور سردیوں میں نیم گرم یا تازہ پانی کے ساتھ استعمال کریں۔ لاجواب چیز اور بارہا کا آزمودہ ٹوٹکہ ہے مریض ایک مرتبہ ضرور آزمائیں۔ (مسعود الحسن پاکپتن شریف)

# امکان کبھی ختم نہیں ہوتا

(مولانا وحید الدین خان)

مغرب کی طرف پھیلی ہوئی پہاڑیوں کے اوپر سورج ڈوب رہا تھا، آفتابی گولے کا آدھا حصہ پہاڑ کی چوٹی کے نیچے جاچکا تھا اور آدھا حصہ اوپر دکھائی دیتا تھا۔ تھوڑی دیر کے بعد پورا سورج ابھری ہوئی پہاڑیوں کے پیچھے ڈوب گیا۔

اب چاروں طرف اندھیرا چھانے لگا۔ سورج دھیرے دھیرے اپنا اجالا سمیٹتا جارہا تھا۔ بظاہر ایسا معلوم ہوتا تھا کہ سارا ماحول گہری تاریکی میں ڈوب جائے گا۔ مگر عین اس وقت جب کہ یہ عمل ہورہا تھا آسمان پر دوسری طرف ایک اور روشنی ظاہر ہونا شروع ہوئی۔ یہ بارہویں کا چاند تھا جو سورج کے چھپنے کے بعد اس کی مخالف سمت سے چمکنے لگا اور کچھ دیر کے بعد پوری طرح روشن ہوگیا۔ سورج کی روشنی کے جانے پر زیادہ وقت نہیں گزرا تھا کہ ایک نئی روشنی نے ماحول پر قبضہ کرلیا۔ ''یہ قدرت کا اشارہ ہے'' میں نے اپنے دل میں سوچا ''کہ ایک امکان جب ختم ہوتا ہے تو اسی وقت دوسرے امکان کا آغاز ہوجاتا ہے'' سورج غروب ہوا تو دنیا نے چاند سے اپنی بزم روشن کرلی۔ اسی طرح افراد اور قوموں کیلئے بھی ابھرنے کے امکانات کبھی ختم نہیں ہوتے۔ زمانہ اگر ایک بار کسی کو گرادے تو خدا کی اس دنیا میں مایوس ہونے کا کوئی سوال نہیں۔ وہ نئے مواقع کو استعمال کرکے دوبارہ اپنے ابھرنے کا سامان کرسکتا ہے ضروری صرف یہ ہے کہ آدمی دانش مندی کا ثبوت دے اور مسلسل جدوجہد سے کبھی نہ اکتائے۔ یہ دنیا خدا نے عجیب امکانات کے ساتھ بنائی ہے، یہاں مادہ فنا ہوتا ہے تو وہ توانائی بن جاتا ہے۔ تاریکی آتی ہے تو اس کے بطن سے ایک نئی روشنی برآمد ہوجاتی ہے۔ ایک مکان گرتا ہے تو وہ دوسرے مکان کی تعمیر کیلئے زمین خالی کردیتا ہے۔ یہی معاملہ انسانی زندگی کے واقعات کا ہے یہاں ہر ناکامی کے اندر سے ایک نئی کامیابی کا امکان ابھر آتا ہے۔ دو قوموں کے مقابلہ میں ایک قوم آگے بڑھ جائے اور دوسری قوم پیچھے رہ جائے تو بات یہیں ختم نہیں ہوجاتی۔ اس کے بعد ایک اور عمل شروع ہوتا ہے۔ بڑھی ہوئی قوم کے اندر عیش پرستی اور سہولت پسندی آجاتی ہے۔ دوسری طرف پچھڑی ہوئی قوم میں محنت اور جدوجہد کا نیا جذبہ جاگ اٹھتا ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ خدا کی اس دنیا میں کسی کیلئے پست ہمت یا مایوس ہونے کا سوال نہیں، حالات خواہ بظاہر کتنے ہی ناموافق دکھائی دیتے ہوں، اس کے آس پاس کیلئے ایک نئی کامیابی کا امکان موجود ہوگا۔ آدمی کو چاہیے کہ اس نئے امکان کو جانے وہ اس کو استعمال کرکے اپنی کھوئی بازی کو دوبارہ جیت لے۔





WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

# نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بحیثیتِ تاجر

مفتی محمد راشد ڈسکوی

کائنات میں بسنے والے ہر ہر فرد کی کامل رہبری کیلئے اللہ رب العزت کی طرف سے جس معزز و مکرم ہستی کو مبعوث کرنا متعین ہوا تو لازم تھا کہ اس امر عظیم راہنمائی لینے والے کیلئے ہر جہت اور ہمہ وقت سامان موجود ہوتا، چنانچہ! اس کیلئے سردار الانبیاء، رحمۃ للعالمین حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کو مبعوث کیا گیا۔ دنیا میں بسنے والے ہر ہر انسان کو دعوت عام دی گئی ہے کہ جہاں ہو جس شعبے میں ہو، جس کی قسم کی راہنمائی چاہتے ہو، جس وقت چاہتے ہو، تمہیں مایوسی نہ ہوگی، تمہیں تمہاری مطلوبہ چیز سے متعلق مکمل راہنمائی ملے گی، شرط یہ ہے کہ تم میں طلب صادق ہونی چاہیے، چنانچہ! تاجر ہو یا کاشتکار، شریک ہو یا مضارب، مزدور ہو یا کوئی بھی محنت کش، ماں ہو یا باپ، بیٹا ہو یا بیٹی، میاں ہو یا بیوی، مسافر ہو یا مقیم، صحت مند ہو یا مریض، شہری ہو یا دیہاتی، پڑھا لکھا ہو یا ان پڑھ، اگر وہ چاہے کہ میرے ملنے میرے شعبے میں راہنمائی ملے تو اس کیلئے جناب رسول اللہ ﷺ کی مبارک ہستی میں نمونہ موجود ہے۔

**نبوت سے قبل کی معاشی کیفیت:** نبی اکرم ﷺ کا نبوت سے پہلے والا دور مالی اور معاشی اعتبار سے بہت زیادہ خوشحال دور نہیں تھا، لیکن اس کے برعکس یہ کہنا بھی درست نہیں کہ آپ ﷺ بہت ہی زیادہ مفلوک الحال زندگی بسر کر رہے تھے، البتہ یہ ضرور تھا کہ آنجناب ﷺ بچپن سے ہی محنت و مشقت کر کے اپنی مدد آپ ضروریات زندگی پورا کرنے کا ذہن رکھتے تھے۔

**والد کی طرف سے ملنے والی میراث:** جب آپ ﷺ کی پیدائش ہوئی تو آپ ﷺ کے سر سے والد کا سایہ اٹھ چکا تھا، آپ ﷺ کے والد کی طرف سے بطور میراث بھی کوئی جائیداد آپ ﷺ کی طرف منتقل نہیں ہوئی تھی، جیسا کہ کتب سیرت میں اس کی تفصیل میں صرف یہ منقول ہے کہ آپ ﷺ کو میراث میں صرف پانچ اونٹ، چند بکریاں اور ایک باندی ملی، جس کا نام "ام ایمن" تھا، (اس باندی کو بھی جناب رسول اللہ ﷺ نے حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا سے شادی کے وقت یعنی پچیس سال کی عمر میں آزاد کر دیا تھا)۔ والد اور دادا کی وفات کے بعد آپ ﷺ اپنے چچا کے سپرد کر دیئے گئے، چنانچہ! آپ ﷺ کے چچا جب تجارت کی غرض سے دوسرے شہروں میں جاتے تو اپنے بھتیجے کو بھی ہمراہ لے جاتے۔

**بکریاں چرانا:** مکہ میں حصول معاش کیلئے عام طور پر بکریاں چرانا اور تجارت [illegible] تھی، چنانچہ آپ ﷺ نے اپنی حیات مبارکہ کی ابتداء میں ہی اپنی معاش کے بارے میں از خود فکر کی، ابتداء اہل مکہ کی بکریاں اجرت پر چراتے تھے، بعد میں تجارت کا پیشہ بھی اختیار کیا، اور یہ کوئی عیب کی بات نہیں تھی بلکہ یہ تو آپ ﷺ کی عظمت اور تواضع کی کھلی دلیل ہے، اس لئے کہ بکریاں چرانے والے شخص میں جفاکشی، تحمل و بردباری اور نرم دلی پیدا ہو جاتی ہے، اس لئے کہ بکریاں چرانا معمولی کام نہیں ہے بلکہ بہت ہی زیادہ ہوشیاری اور بیدار مغزی والا کام ہے، اس لئے کہ بکریاں بہت کمزور مخلوق ہوتی ہیں، تیزی اور پھرتی میں انکا کوئی ثانی نہیں ہوتا۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: اللہ نے جو بھی نبی بھیجا، اس نے بکریاں ضرور چرائیں، صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے پوچھا کیا یا رسول اللہ ﷺ! آپ ﷺ نے بھی؟ آپ ﷺ نے فرمایا کہ ہاں میں بھی مکہ والوں کی بکریاں قراریط پر چراتا تھا۔

**ملک شام کی طرف پہلا سفر:** نبی کریم ﷺ نے شام کی طرف دو سفر کیے، پہلا: اپنے چچا کے ہمراہ لیکن اس سفر میں آپ ﷺ بطور تاجر شریک نہ تھے بلکہ محض تجارتی تجربات حاصل کرنے کیلئے تشریف لے گئے، اسی سفر میں بحیرا راہب والا مشہور قصہ پیش آیا، جس کے کہنے پر آپ ﷺ کے چچا نے آپ ﷺ کو حفاظت کی خاطر مکہ واپس بھیج دیا۔

**ملک شام کی طرف دوسرا سفر:** اور دوسرا سفر آپ ﷺ نے بطور تاجر حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کا سامان لے کر اجرت پر کیا، قصہ کچھ اس طرح پیش آیا کہ جب آپ ﷺ پچیس برس کے ہو گئے تو آپ ﷺ کے چچا ابو طالب نے کہا کہ اے بھتیجے! میں ایسا شخص ہوں کہ میرے پاس مال نہیں ہے، زمانہ کی سختیاں ہم پر بڑھتی جا رہی ہیں، تمہاری قوم کا شام کی طرف سفر کرنے کا وقت قریب ہے، خدیجہ بنت خویلد اپنا تجارتی سامان دوسروں کو دے کر بھیجا کرتی ہے، تم بھی اجرت پر اس کا سامان لے جاؤ، اس سے آپ ﷺ کو معقول معاوضہ مل جائے گا۔ یہ گفتگو حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کو معلوم ہوئی تو آپ رضی اللہ عنہا نے خود آپ ﷺ کو پیغام بھیج کر بلوایا کہ جتنا معاوضہ اوروں کو دیتی ہوں، آپ ﷺ کو اس سے دوگنا دوں گی، اس پر ابو طالب نے آپ ﷺ کو کہا کہ یہ وہ رزق ہے جو اللہ نے آپ ﷺ کی جانب کھینچ کے بھیجا ہے، اس کے بعد آپ ﷺ قافلے کے ساتھ شام کی طرف روانہ ہوئے، آپ ﷺ کے ہمراہ حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کا غلام میسرہ بھی تھا، جب قافلہ شام کے شہر بصریٰ میں پہنچا تو وہاں نسطورا راہب نے آپ ﷺ میں نبوت کی علامات پہچان کر آپ ﷺ کے نبی آخر الزمان ہونے کی پیشین گوئی کی۔ دوسرا اہم واقعہ یہ پیش آیا کہ جب آپ ﷺ نے تجارتی سامان فروخت کر لیا تو ایک شخص سے کچھ بات چیت بڑھ گئی، اس نے کہا کہ لات و عزیٰ کی قسم اٹھاؤ، تو آنحضرت ﷺ نے فرمایا: میں نے کبھی ان دونوں کی قسم نہیں کھائی، میں تو ان کے پاس سے گزرتے ہوئے ان سے منہ موڑ لیا کرتا تھا۔ اس شخص نے یہ بات سن کر کہا، حق بات تو وہی ہے جو تم نے کہی پھر اس شخص نے میسرہ سے مخاطب ہو کر کہا: خدا کی قسم یہ تو وہی نبی ہے، جس کی صفات ہمارے علماء کتابوں میں لکھی ہوئی پاتے ہیں۔ تیسرا واقعہ یہ پیش آیا کہ میسرہ نے دیکھا کہ جب تیز گرمی ہوتی تو دو فرشتے نبی اکرم ﷺ پر سایہ کر رہے ہوتے تھے، یہ سب کچھ دیکھ کر میسرہ تو آپ ﷺ سے بہت ہی زیادہ متاثر تھا، واپسی میں ظہر کے وقت جب واپس پہنچے تو حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا نے اپنا بالا خانے میں بیٹھے بیٹھے دیکھا کہ نبی اکرم ﷺ اونٹ پر بیٹھے اس طرح تشریف لا رہے تھے کہ دو فرشتوں نے آپ ﷺ پر سایہ کیا ہوا تھا، حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا اور آپ رضی اللہ عنہا کے ساتھ بیٹھی ہوئی عورتوں نے یہ منظر دیکھ کر بہت تعجب کیا اور پھر جب میسرہ کی زبانی سفر کے عجائب، نفع کثیر اور نسطورا راہب اور اس جھگڑا کرنے والے شخص کی باتیں سنیں تو بہت زیادہ متاثر ہوئیں، حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا بہت زیادہ دور اندیش، مستقل مزاج، شریف، باعزت اور بہت مال دار عورت تھیں، آپ رضی اللہ عنہا نے حضور نبی اکرم ﷺ کو نکاح کا پیغام بھیج کر نکاح کر لیا، اس وقت نبی اکرم ﷺ کی عمر مبارک پچیس سال اور حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کی عمر چالیس سال تھی۔

**یمن کی طرف سفر:** جو تجارتی اسفار نبی اکرم ﷺ نے حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کی وجہ سے کیے ان میں سفر یمن کی طرف بھی تھے، امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ نے المستدرک میں نقل کیا ہے کہ حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا نے نبی اکرم ﷺ کو جرش (یمن کے ایک مقام) کی طرف دو بار تجارت کیلئے اونٹنیوں کے عوض بھیجا۔

**تجارتی اسفار میں آپ ﷺ کے خصائل حمیدہ:** نبی اکرم ﷺ اپنی عمر مبارک کے پچیسویں سال تک تجارتی اسفار میں اپنے اخلاق کریمانہ، حسن معاملہ، راست بازی، صدق و دیانت کی وجہ سے اتنے زیادہ مشہور ہو چکے کہ خلق خدا میں آپ ﷺ "صادق امین" کے لقب سے مشہور ہو گئے تھے، لوگ کہتے

(باقی صفحہ نمبر 25 پر)



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

پریشان اور بدحال لوگوں کے الجھے خطوط اور سلجھے جواب

# نفسیاتی گھریلو الجھنیں اور آزمودہ یقینی علاج

جوابی لفافہ ضرور بھیجیں مکمل پتہ لکھا ہوا۔ جواب میں جلدی نہ کریں۔

**یورپ جانے کا شوق:** میری عمر 32 سال ہے احساس کمتری بڑھتا جا رہا ہے۔ مجھے بچپن سے یورپ جانے کا شوق تھا کیونکہ میرے رشتہ دار وہاں رہتے ہیں اور جب آتے جاتے ہیں تو ان کو دیکھ کر خود کو فضول خیال کرتا ہوں وہ ہر لحاظ سے مجھ سے اچھی زندگی گزار رہے ہیں۔ میں نے گریجویشن کیا ہے اور اب ابوظہبی میں مزدوری کر رہا ہوں۔ گھر والے شادی کا کہہ رہے ہیں اور میں نے ٹھان لی ہے کہ صرف یورپی لڑکی سے شادی کروں گا۔ اگر گاؤں کی لڑکی کا ساتھ ملا تو ساری زندگی ڈیپریشن میں گزر جائے گی بہت پریشان ہوں اور میں کسی کو وضاحت سے کچھ نہیں بتا سکتا خودکشی کے خیالات آتے ہیں۔ (ساجد، ابوظہبی)

**مشورہ:** اگر آپ کا ذہن اداسی، احساس کمتری، مایوسی، ناکامی، پژمردگی کی طرف مائل ہے تو دنیا کے کسی بھی حصے میں رہیں ڈیپریشن ہونے کا امکان بھی رہے گا۔ یورپی لڑکی سے شادی کر کے یورپ میں رہائش کی سہولت ضرور حاصل کی جا سکتی ہے لیکن ڈیپریشن سے بچنے کی ضمانت نہیں مل سکتی۔ کیونکہ اس وقت بھی آپ کے جملے ظاہر کر رہے ہیں کہ کسی حد تک ڈیپریشن ہے۔ مثلاً خودکشی کے خیالات آنا معمولی بات نہیں ہے۔ پہلے ڈیپریشن سے نکلیں اس کے بعد شادی کیلئے بہتر فیصلہ کرنے کے قابل ہوں گے۔ اگر ماہر نفسیات سے ملاقات کر لیں تو زیادہ بہتر ہوگا۔ اس طرح وہ ساری باتیں، خواہشات، آرزوئیں جو پریشانی کا سبب ہیں، ایک قابل اعتماد فرد کے سامنے وضاحت سے بیان کرنے کا موقع ملے گا اور اس کے بعد یقیناً آپ خود کو بہت بہتر محسوس کریں گے۔

**نیند میں جھٹکا:** میں نیند میں بولتا ہوں، نیند میں جھٹکا لگتا ہے، پڑھتے وقت خیالات ادھر ادھر بھٹکتے ہیں۔ کبھی سوچتا ہوں بہت امیر ہو گیا ہوں، کوشش کرتا ہوں کہ کچھ ایسا ویسا نہ سوچوں، پھر بھی ذہن میں غیر حقیقی باتیں آ جاتی ہیں۔ (عمر امین، سکھر)

**مشورہ:** نیند میں بولنے والے، چلنے والے، بے سکون رہنے والے لوگ عام طور پر جاگتے میں بھی بے سکون ہوتے ہیں۔ بیداری کے وقت کا اچھا استعمال، صحت مند سرگرمیاں، مذہب سے قربت، مثبت سوچ اور خیال، حقائق کا ادراک اور اس حوالے سے بہترین عمل نہ صرف زندگی کو کامیابی کی طرف لے جاتا ہے بلکہ شب و روز بھی سنور جاتے ہیں۔ جہاں تک نیند میں جھٹکا لگنے کی بات ہے تو واضح نہ ہو سکی۔ اگر صرف سوتے ہوئے ہلکی نیند میں چونک جاتے ہیں تب یہ کیفیت عام ہے اور اگر سوتے میں کئی جھٹکے لگتے ہیں اس وقت یہ حالت توجہ طلب ہوگی۔

**مجھے گھبراہٹ ہوتی ہے:** مجھے لوگوں میں گھبراہٹ ہوتی ہے۔ وقت کے ساتھ تنہائی پسند ہوتا جا رہا ہوں۔ بس اپنا گھر اور اپنا کمرہ ہی اچھا لگتا ہے، میری عمر 19 سال ہے۔ پرائیویٹ بی اے کر رہا ہوں، لکھنے پڑھنے کیلئے مجھے ہر سہولت دستیاب ہے مگر پریشان کن خیالات آتے رہتے ہیں۔ رات کو جاگتا ہوں، میرے دوست فیس بک کا زیادہ استعمال کرتے ہیں اور مجھے گیمز میں دلچسپی ہے۔ ویسے میں بالکل نارمل ہوں، ذہین بھی ہوں مگر لوگوں سے ملنے کیلئے اعتماد کی کمی پر پریشانی ہوتی ہے۔ (ج، لاہور)

**مشورہ:** کولمبیا یونیورسٹی کی میڈیکل یونیورسٹی کے تحت ہونے والی تحقیق سے اب یہ بات ثابت ہو گئی ہے کہ وہ ٹین ایج بچے جو رات کو دیر سے سوتے ہیں اور روزانہ 8 گھنٹے سے کم نیند لیتے ہیں، ڈیپریشن کا آسانی سے شکار ہو جاتے ہیں۔ تنہائی پسندی، گھبراہٹ، پریشان کن خیالات، ڈیپریشن کی ابتدا کو ظاہر کر رہے ہیں۔ معمولات میں مضبوط ارادے کے ساتھ تبدیلی لائیں۔ اچھی صحبت کے ساتھ معاشرتی اور مجلسی زندگی میں ایسی طاقت ہے جو نوجوانوں کو تاریک کمروں سے باہر روشنی اور کھلی فضا میں خوشحال اور زندہ دلی کی طرف لے جاتی ہے۔ اس سے نہ صرف حوصلہ بلند ہوتا ہے بلکہ خود اعتمادی میں اضافے کے ساتھ تعمیری خیالات پیدا ہوتے ہیں۔ مجھے یقین ہے کہ یہ سب جاننے کے بعد آپ اپنے پاس ہونے والی ہر سہولت اور ذہانت سے اچھا فائدہ حاصل کریں گے۔

**دماغ کام چھوڑ دیتا ہے:** اکثر اوقات مجھے سیٹیاں سنائی دیتی ہیں۔ لگتا ہے یہ میرے سر میں بج رہی ہیں۔ ان کی آواز ایک سے دو منٹ تک آتی رہتی ہے کبھی اچانک سر اس طرح سن ہو جاتا ہے کہ سمجھ میں نہیں آتا کیا کروں؟ کہیں جا رہا ہوں یا کوئی کام کر رہا ہوں تو دماغ بھی کام کرنا چھوڑ دیتا ہے، نظر کمزور ہے۔ (دانش، لاہور)

**مشورہ:** سر میں سیٹی کی آواز محسوس ہو اس کے ساتھ سر سن ہونے کی بھی شکایت رہے اور بھی شکایات ہوں جو آپ نے بیان کی ہیں تو یہ سمجھ لینا چاہیے کہ اعصابی کمزوری یا بیماری کا امکان ہے۔ اس جانب غفلت نہ برتیں۔ یہ تمام شکایات کسی قسم کے دماغی دورے کی وجہ سے بھی ممکن ہیں۔ بعض دورے بغیر بے ہوشی اور بغیر جھٹکے لگے پڑتے ہیں۔ یہ کیفیت چند سیکنڈ یا چند منٹ کیلئے ہوتی ہے۔ اس دوران دماغ کام کرنا چھوڑ دیتا ہے۔ ایسی حالت میں سکتے کی کیفیت بھی ہو جاتی ہے۔ تھوڑی دیر میں جب دورہ ختم ہوتا ہے تو انسان پہلے کی طرح حواس میں آ جاتا ہے۔ اکثر لوگوں کو اس کیفیت کے بعد نیند بھی آتی ہے۔ نظر کمزور ہونے سے سر میں درد ہوتا ہے مگر سیٹیاں سنائی نہیں دیتیں۔

**نشہ کرتا ہوں:** جاگتے ہوئے ہوش و حواس میں مجھے محسوس ہوتا ہے کہ میرے اوپر پانی کی بوندیں گر رہی ہیں لیکن وہ مجھے گیلا نہیں کر رہیں۔ کبھی لگتا ہے آس پاس سانپ پھیل رہے ہیں۔ کئی طرح کی چیزیں ہیں جن کو سونگھ کر نشہ کرتا ہوں۔ (محرم، راولپنڈی)

**مشورہ:** سونگھ کر کیا جانے والا نشہ کھا کر یا پی کر کرنے والے نشے سے زیادہ خطرناک ہوتا ہے کیونکہ ناک کے ذریعے وہ بہت تیزی سے دماغ تک پہنچ جاتا ہے۔ نشے کے عادی لوگوں کو ذہنی مریض کہا جائے تو غلط نہ ہوگا کیونکہ ان کا دماغ عام لوگوں کی طرح کام کرنے کے قابل نہیں رہتا۔ یہی وجہ ہے کہ ان کو یہ بھی بدلنے میں دیر نہیں لگتی۔ پانی یا بوندوں کا وجود نہیں لیکن یہ محسوس ہو رہی ہیں اسی طرح دوسری شکایت بھی ہے ان کے علاوہ بھی دیگر علامات مثلاً گھبراہٹ، بے خوابی، بے چینی، تشویش، خوف اور شدید غصہ بھی ظاہر ہو سکتا ہے۔ خود کو نفسیاتی امراض سے محفوظ رکھنے کیلئے ضروری ہے کہ نشہ بھی نہ کیا جائے۔ یہ کسی بھی احساس محرومی یا بے سکونی کا مداوا نہیں ہوتا۔ فوری طور پر نشے کی عادت سے چھٹکارا حاصل کرنے کی ضرورت ہے۔ آج کل تو تقریباً ہر علاقے میں ایسے سینٹرز کا قیام عمل میں آ چکا ہے جہاں ایسے افراد کا علاج کیا جاتا ہے اور بہت سے لوگ اس موذی عادت سے چھٹکارا پا چکے ہیں۔

**بلڈ پریشر:** ذرا سی بات پر میرا بلڈ پریشر کم ہو جاتا ہے۔ یہی میری بیماری ہے اور اس کیلئے مجھے کوئی دوا نہیں ملی۔ حالانکہ یہ خطرناک بیماری ہے۔ (سلیم)

**مشورہ:** اکثر اوقات کمزوری کی وجہ سے بلڈ پریشر کم ہو جاتا ہے، یہ کوئی خطرناک بیماری نہیں ہے۔ خون کا دباؤ کسی قدر کم ہونا فکر کی بات نہیں۔ یہ صرف اس وقت خطرناک ہوتا ہے جب کوئی مریض بے ہوشی میں بستر پر لیٹا ہو۔ اپنی صحت کا خیال رکھیں، اچھی غذا لیں اور غیر ضروری فکروں سے ذہن کو آزاد رکھیں۔ مجموعی صحت پر اچھا اثر ہوگا۔



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 f PAKSOCIETY

# والدین کے گھر کو میکا سمجھئے ریسٹ ہاؤس نہیں

ہر لڑکی کا رویہ اپنے ماں باپ کے گھر آنے کے بعد مختلف ہوا کرتا ہے۔ مثال کے طور پر "ن" وہ جب بھی اپنے والدین کے گھر آتی ہے کوئی کام نہیں کرتی۔ آرام کرتی رہتی ہے۔ اس کے خیال کے مطابق میکا ایسی جگہ نہیں ہے جہاں جا کر کام کیا جائے۔

آپ کی شادی ہو چکی، آپ اپنے سسرال میں رہتی ہیں اور جب فرصت ملتی ہے یا موقع ملتا ہے تو اپنے والدین کے پاس بھی آ جاتی ہیں اور ہر لڑکی کا رویہ اپنے ماں باپ کے گھر آنے کے بعد مختلف ہوا کرتا ہے۔ مثال کے طور پر "ن" وہ جب بھی اپنے والدین کے گھر آتی ہے کوئی کام نہیں کرتی۔ آرام کرتی رہتی ہے۔ اس کے خیال کے مطابق میکا ایسی جگہ نہیں ہے جہاں جا کر کام کیا جائے۔ وہ اسے آرام کرنے کی آئیڈیل جگہ سمجھتی ہے۔ لیکن "ن" ایک بنیادی بات بھول جاتی ہے کہ دنیا کے ہر رشتے کی بنیاد اور اس کا اظہار ایک خاص حد تک ہوا کرتا ہے۔ یعنی ہر رشتے کے لیے برداشت کی ایک حد ہوا کرتی ہے اور یہ معاملہ دو طرفہ افہام و تفہیم کا ہوا کرتا ہے اور اس کی خوشگواری اس وقت تک برقرار رہتی ہے جب تک دونوں ایک دوسرے کا احترام کریں اور ایک دوسرے کے معاملات میں دلچسپی لیں۔ "ن" کو اب یہ بھی سوچنا چاہیے کہ اس کے میکے میں اس کے جانے کے بعد ایک اور فرد کا اضافہ ہو گیا ہے یعنی اس کے بھائی کی بیوی۔ "ن" کو اب یہ سوچنا چاہیے کہ اس کی بھابھی بھی بالآخر ایک انسان ہی ہے۔ ایک تو وہ گھر کے کام کرتی ہی رہتی ہے پھر "ن" کے آ جانے کے بعد اس کا اور اس کے بچوں کے کام کا بوجھ اور بھی بڑھ جاتا ہے۔ کیونکہ "ن" اپنے حصے کا کام بھی اس کے حوالے کر دیتی ہے اور یہ کسی طرح بھی مناسب نہیں ہے۔ یہ رویہ صرف "ن" کا نہیں ہے۔ اس کا نام تو صرف مثال کے طور پر لیا گیا ہے۔ اس قسم کی اور نہ جانے کتنی لڑکیاں ہیں جنہوں نے اپنے میکے کو آرام گھر سمجھ رکھا ہے جہاں وہ صرف اپنی تھکن اتارنے کیلئے جایا کرتی ہیں اور یہی خواتین اپنے میکے کی فضا میں تلخیاں گھولنے کی ذمہ دار ہوا کرتی ہیں اور ان کی وجہ سے رشتوں کے درمیان دراڑیں پڑنے لگتی ہیں۔ ایک طرف کسی لڑکی یا عورت کو یہ نہیں سمجھنا چاہیے کہ وہ اب اپنے گھر میں بالکل اجنبی بن گئی ہے۔ یعنی اپنے میکے میں جہاں اب اس کا کوئی عمل دخل نہیں ہے ایسی بات نہیں ہے۔ بلکہ اسے یہ سوچنا اور خیال کرنا چاہیے کہ اب اس کی ذمہ داریاں اس لحاظ سے بڑھ گئی ہیں کہ وہ دو خاندانوں کے درمیان تعلقات کو بحال اور خوشگوار رکھنے کیلئے ایک پل کا کام کرتی ہے۔ ایک وہ گھر جہاں وہ شادی سے پہلے رہا کرتی تھی اور ایک وہ گھر جہاں وہ شادی کے بعد گئی ہے۔ یعنی اس کا میکا اور اس کا سسرال۔ یہ بات بھی بالکل درست ہے کہ کسی لڑکی کا رشتہ اس کے اپنے میکے والوں سے بہت مضبوط ہوتا ہے۔ اس کے ماں باپ، بھائی بہن، بھابیاں، عزیز رشتہ دار، کزن وغیرہ اس کے ارد گرد ہوا کرتے ہیں۔ وہ ان پر اپنا حق سمجھا کرتی ہے۔ لیکن شادی کے بعد صورتحال میں واضح تبدیلی آ جاتی ہے۔ جس طرح کوئی لڑکی اپنے شوہر کے گھر کی مالکہ ہوا کرتی ہے اسی طرح اب اس کی بھابھی اس کے بھائی کے گھر کی مالکہ ہے۔ یہ ایسی بات ہے جس کو ہر لڑکی کو سمجھ لینا چاہیے اور اس حقیقت کو سمجھ لینے کے بعد اسے بہت خوش دلی کے ساتھ قبول بھی کر لینا چاہیے کیونکہ اس میں عقلمندی اور بھلائی ہے۔ یہ ایک ایسا راز ہے جس کو حل کرنے کیلئے کسی مہارت کی ضرورت نہیں ہے۔ "ن" کے برعکس ایک دوسری لڑکی ہے "ق"۔ وہ بہت دنوں کے بعد میکے جایا کرتی ہے اور جب بھی جاتی ہے اس کا استقبال اس کی بھابھی بہت ہی گرم جوشی اور کھلے دل کے ساتھ کرتی ہیں۔ اس لیے کہ اس کی فطرت اور عادت "ن" سے بالکل برعکس ہے۔ (کرن سلطانہ)

## اہل خانہ کو خوش رکھنا سیکھئے

ایک کامیاب گھر مرد اور عورت دونوں کی کوششوں کا نتیجہ ہوتا ہے کیونکہ یہی وہ بنیادی ستون ہیں جن پر گھر کی عمارت کھڑی ہوتی ہے۔ خدانخواستہ ان دونوں میں سے کوئی ایک بھی اپنا کردار ادا کرنا چھوڑ دے تو عمارت کے قائم رہنے کے امکانات ختم ہو کر رہ جاتے ہیں۔ لہٰذا دونوں کا اپنے فرائض اور ذمہ داریوں کے معاملے میں احساس ہونا ازحد ضروری ہے۔ آیئے! ہم آپ کو چند تجاویز بتاتے ہیں جن پر عمل پیرا ہو کر میاں بیوی ایک کامیاب گھر تشکیل دے سکتے ہیں۔ **تحمل و برداشت سے کام لینا:** شادی شدہ زندگی میں سب سے پہلے جس چیز سے انسان کا واسطہ پڑتا ہے وہ یہی دو الفاظ ہیں۔ مرد ہو یا عورت دونوں کو ایسی بہت ساری چیزوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے جو ان کے مزاج کے برعکس ہوتی ہیں لہٰذا خود میں تحمل و برداشت کا مادہ پیدا کیجئے کیونکہ آپ خلاف مزاج بات پر جس قدر زیادہ غصے کا اظہار کریں گے معاملات اسی قدر پیچیدہ ہوتے چلے جائیں گے۔ یہ بات ذہن میں رکھیں کہ اگر آپ کو گھر بچانا ہے تو تحمل اور برداشت سے کام لینا پڑے گا خواہ یہ معاملہ گھر کے کسی فرد سے ہی متعلق کیوں نہ ہو؟ **پیار و محبت سے بات منوائیں:** بعض مردوں اور بعض خواتین کی یہ عادت ہوتی ہے کہ وہ ہر کام میں حکم چلانا اپنا فرض سمجھتے ہیں۔ اگر آپ میں بھی اسی طرح کی کوئی عادت ہے تو یقین کیجئے کہ اس کے نقصانات کا آج نہیں تو کل آپ کو سامنا کرنا پڑے گا لہٰذا اس عادت سے فوری چھٹکارا حاصل کریں۔ یاد رکھیں! تمام حالات میں پیار کی زبان سب سے زیادہ اثر انگیز ہوتی ہے۔ **معذرت کرنے میں پہل کریں:** انسان خطا کار ہے اور میاں بیوی بھی انسان ہی ہیں جو اگر کسی معاملے میں الجھ جائیں اور بات ناراضگی تک پہنچ جائے تو غلطی پر معذرت کرنے کو اپنی تحقیر نہ جانیں، معذرت کرنے سے کبھی دوسرے فرد کی نظر میں آپ کی عزت کم نہیں ہوتی بلکہ اس میں اضافہ ہی ہوتا ہے اور اگر بغیر قصور کے بھی آپ صلح میں پہل کرتی ہیں تو یہ بھی آپ کے بڑے پن کا ثبوت ہے اور ایسی بات نہیں کہ گھر کا کوئی فرد آپ کے اس بڑے پن کو محسوس نہ کرے یا نظر انداز کر جائے۔ **تھوڑے میں خوش رہیں:** خوب سے خوب تر کی تلاش نے آج کے انسان کا سکون چھین لیا ہے۔ اکثر گھرانے اسی وجہ سے ٹوٹ پھوٹ جاتے ہیں کہ وہ قناعت پسند نہیں ہوتے۔ قدرت نے آپ کو جس قدر نوازا ہے اسی سے خوش اور مطمئن رہنے کی کوشش کریں۔ **سب کو وقت دیں:** کاروبار زندگی چلانے کیلئے یہ نہیں ہو کہ آپ صرف کاروبار یا دفتر کے ہو کر رہ جائیں گھر کے دیگر افراد بھی آپ کی محبت، توجہ اور وقت کے طالب ہوتے ہیں لہٰذا بچوں، بڑوں اور بزرگوں سب کو جتنا ہو سکے وقت دیں۔ ان کے دکھ سکھ بانٹیں اور ان کی خوشیوں میں شریک ہوں۔ (مہرین فاطمہ)

### ان جیسا کوئی نہیں

زم زم جیسا کوئی پانی نہیں۔ ☆ قرآن پاک جیسی کوئی کتاب نہیں۔ ☆ حضرت محمد ﷺ جیسا کوئی رسول نہیں۔ ☆ حج جیسی کوئی زیارت نہیں۔ ☆ اسلام جیسا کوئی مذہب نہیں۔ ☆ مکہ، مدینہ جیسا کوئی شہر نہیں۔ ☆ کلمہ جیسی کوئی دولت نہیں۔ جمعہ جیسا کوئی دن نہیں۔ ☆ عبقری جیسا کوئی رسالہ نہیں۔ (سعیہ اشرف، گوجرانوالہ)

### شیمپو اور ٹوتھ برش کے نقصانات

پوری سائنس فطرت کی طرف لوٹ رہی ہے۔ آپ کے پاس انٹرنیٹ، اپنا مشاہدہ و تجربہ، کوئی بھی ایسی چیز جس میں شیمپو اور ٹوتھ برش کے نقصانات ملے ہوں ہمیں ضرور بھیجیں۔ یاد رکھیے! آپ کے نام سے شائع ہوں گے۔ لاکھوں کا نفع ہوگا۔ (ادارہ)





WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

(قسط نمبر 6)

# میرے کھیت کھلیان اور جانور اب محفوظ ہیں

## کسانوں کے روزمرہ مسائل اور عبقری کے آسان ٹوٹکے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں ایک کسان ہوں اور عبقری بہت ذوق شوق سے پڑھتا ہوں' ہم چونکہ زمیندار ہیں اور ہمیں اس سلسلے میں بہت سارے مسائل بھی ہیں اور ان مسائل کا حل ہمیں عبقری سے ملا۔ آج سے چند سال پہلے ہم نے درج ذیل تمام مسائل لکھ کر عبقری کو خط لکھا اور ہمیں اس کیلئے آپ نے ایک لاجواب روحانی علاج بتایا جب سے ہم نے یہ عمل شروع کیا ہمیں فصل کے حوالے سے ہونے والی تمام شکایات دور ہوگئیں۔ پہلے میں قارئین کو فصل کو ہونے والے نقصانات سے آگاہ کرتا ہوں پھر آخر میں اس کا لاجواب حل بھی بتاؤں گا۔ 1۔ جنگلی جانور جن میں لنگور' ریچھ' گیدڑ اور سیہ وغیرہ ہماری زمین کی فصلوں اور سبزیوں وغیرہ کا بہت نقصان کرتے تھے' چونکہ جنگلے ہمارے علاقے اور زمینوں میں موجود رہتے جن کی وجہ سے ہماری زمین کی فصلوں اور سبزیوں کو زمین سے اکھاڑ کر توڑ مروڑ کر اور کھا کر تباہ و برباد کردیتے جس کی وجہ سے گاؤں کے بہت سے لوگ پریشان تھے۔ یہاں کسی کے پاس ان موذی جانوروں سے زمین کی فصلوں کو محفوظ کرنے کا کوئی علاج نہیں تھا۔ بہت نقصان ہوا اور بہت ہی زیادہ پریشانی کا باعث تھا۔ مسئلہ نمبر 2: اس کے علاوہ ''اندھی چوہی'' جو کہ زمین کے اندر ہی اندر اپنے بل اور سوراخ وغیرہ کرکے مکئی اور سبزیوں کو کاٹ کاٹ کر زمین کے اندر لے جاتی ہے اور گھاس کی جڑیں تک کاٹ کر کھا جاتی ہے جس کی وجہ سے ہماری زمین کی فصلوں کا بہت زیادہ نقصان ہوتا تھا۔ مسئلہ نمبر 3: اسی طرح کوے اور چڑیاں بھی مکئی اور گندم کے علاوہ سبزیوں کے بیج وغیرہ بھی کھا کر ہماری زمین کی فصلوں کا بہت نقصان کرتے ہیں۔ فصلوں کی بجائی کے وقت اور فصل پک کر تیار ہونے سے پہلے ہی کچی فصلوں کا بہت زیادہ نقصان کرتے تھے۔ مسئلہ نمبر 4: گلہری وغیرہ ہمارے خوبانی اور اخروٹ کے درختوں کا پھل پکنے سے پہلے ہی کھا کھا کر اخروٹ وغیرہ کو بالکل ہی ختم کردیتی تھی جس سے لوگوں کو درختوں کا کوئی فائدہ نہیں ملتا۔ مسئلہ نمبر 5: اسی طرح شیر اور چیتا اور ریچھ وغیرہ ہمارے مال مویشی کو رات کے اندھیرے میں بھیڑ' بکریوں کے ریوڑ پر حملہ کرکے پکڑ کر لے جاتے اور بھیڑ' بکریوں کو چن چن کر کھاتے اور بہت زیادہ نقصان کرتے۔ جن کا یہاں کسی کے پاس کوئی علاج نہیں' ہمارے تمام علاقے والے بہت پریشان تھے۔ قارئین! ہم نے حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم سے ان تمام موذی جانوروں' پرندوں اور اندھی چوہی اور دیگر چوہے وغیرہ سے نجات کیلئے آزمودہ اور مجرب عمل مانگا تو آپ نے درج ذیل عمل عنایت فرمایا الحمدللہ! اس عمل کی برکت سے ہمارے مویشی اور فصلیں دونوں محفوظ ہیں۔ اب بھی فصل کو پرندے کھانے آتے ہیں مگر نقصان اور تباہی نہیں کرتے جس کا ہمیں ذرہ بھر بھی غم یا افسوس نہیں۔

**عمل حاضر ہے:** اول و آخر سات مرتبہ درود شریف' سورۂ ماعون سات مرتبہ پڑھ کر ریت پر دم کریں اور یہ ریت کھیت یا فصل کے چاروں طرف دائرہ (حصار) بنادیں۔ یہ عمل صبح و شام ایک مرتبہ کرنا ہے۔ نوٹ: ریت زیادہ نہ ہو بس اتنی ہو کہ مٹھی بھر کر آہستہ آہستہ چلیں اور ریت گراتے جائیں اسی طرح مکمل فصل کے ارد گرد دائرہ بنادیں۔ جانوروں کی حفاظت کیلئے اول و آخر سات سات مرتبہ درود شریف کے ساتھ صبح و شام گیارہ گیارہ مرتبہ آیۃ الکرسی اور یَاحَفِیْظُ یَاسَلَامُ کی ایک ایک تسبیح پڑھ کر جانوروں کا تصور کرکے دم کردیں۔ انشاء اللہ ہر قسم کے درندوں اور بیماریوں سے جانوروں کی حفاظت رہے گی۔

### کسان دوست عبقری کا ساتھ دیں

قارئین! آپ نے کوئی ٹوٹکہ' روحانی' دیسی جانوروں' فصلوں کی بیماری میں آزمایا ہو یا سنا ہو یا آپ نے گھر میں پودے لگائے ہیں یا گھر میں پرندے یا کوئی پالتو جانور رکھا ہے تو اپنے آزمودہ ٹوٹکے ضرور بھیجیں۔ بیماری کا نام اور دوائی کا نام واضح لکھیں تاکہ دوسرے بھی آسانی سے پہچان سکیں۔ آپ کے چھوٹے سے ایک ٹوٹکے سے لاکھوں کا بھلا ہوگا اور آپ کیلئے قیامت تک کیلئے صدقہ جاریہ اس عمل میں غفلت نہ کریں۔

### عبقری قارئین کیلئے ایک آزمودہ ٹوٹکہ

قارئین! اگر گردن میں مہروں کی وجہ سے درد ہو' چکر بھی آتے ہوں تو تکیہ استعمال نہ کریں' صرف پتلی سی گدی استعمال کریں اور اس کے ساتھ ہر نماز کیلئے جب بھی وضو کریں تو گردن کا مسح کرتے وقت اللہ تعالیٰ سے دعا کریں یااللہ میری گردن اور مہروں میں شفا عطا فرما۔ انشاء اللہ آپ کی گردن بالکل ٹھیک ہوجائے [illegible] میرا آزمودہ ہے۔ (ایک اللہ کی بندی)

(قسط نمبر 6)

حکیم ضیاء الرحمٰن ملتان

# قوت کی حفاظت اور بحالی

قارئین کرام! ہمارے معاشرے میں قوت کا لفظ عموماً مرد سے متعلق پڑھا لکھا اور موسوم کیا جاتا ہے حالانکہ یہ لفظ مرد و زن اور اس سے بھی پہلے بچے اور بچی کیلئے بولا اور سمجھا جانا چاہیے کہ انہی بچوں نے بڑا ہو کر مرد اور عورت بننا ہے۔ آج کے مہنگے دور اور نفسانفسی کے ماحول نے مجھے اور آپ کو اور ہمارے بچوں کو یوں متاثر کردیا ہے کہ نوخیز اس کے بعد جوان لڑکیوں کو بچے (سیزیرین) آپریشن سے ہوتے ہیں اور جن کے ہوتے ہیں انہی کو پتہ ہوتا ہے کہ نئی زندگی ملتی ہے پھر زیادہ سے زیادہ ایک' دو تین چار بچے' پھر اور پیدا نہیں کیے جاسکتے اور جسم بھدا بیماریوں سے بھرا ہوا۔ اب لڑکوں کی طرف آئیں تو خوبصورت کڑھے ہوئے جسموں والے' باحیا آنکھوں والے جوان کتنے نظر آتے ہیں' کھانے اور پینے سے اوپر ان کی سوچ و عمل جا ہی نہیں پاتا۔ ایسا جسم کیا محنت کرے گا! کیا دلچسپی ہوگی! کیا عمل و ترقی ہوگی؟ اس کی اکثر مثالیں ہمارے آس پاس اور خود ہم میں موجود ہیں۔ اکثر نوجوانوں میں سپرم (خونیہ منویہ) کی قلت و کمزوری کو ہماری قومی بیماری نہ کہنا زیادتی ہوگی۔ لڑکیوں کے قد نہ بڑھنا' داڑھی مونچھوں کا آنا' ایام کی خرابیاں ہمارے ہر گھر کی شکایت ہے۔ اس کا علاج کتنا پیچیدہ' مہنگا اور بے یقینی نتائج ہیں یہ الگ داستان ہے ایسے میں ضرورت محسوس ہوئی کہ ایک ایسی آسان تحریر یا دہانیوں پر مشتمل ہونی چاہیے جس سے میں اپنا ما فی الضمیر بیان کرسکوں۔

طاقت کیا ہے؟ آپ کے ہاتھ سردی سے ٹھٹھر رہے ہیں' دونوں کو رگڑنے سے ہاتھ گرم ہونے لگیں گے' یہ رگڑ کی قوت ہے۔ گیند کو زور سے زمین پر ماریں تو اسی قوت سے واپس چھت کو جا لگتا ہے یہ ہے دھکیل کی قوت۔ یہ دو مثالیں ہیں' اب دیکھیں کہ ہمارا بنانے والا خالق و مالک کیا فرماتا ہے: ''ہم نے انسان کو بنایا مشقت اٹھانے والا'' جو مشقت کرے گا جسمانی و روحانی صحت پائے گا اور یہاں قدر یہ غلط فہمی ہے کہ سب کام دواؤں' غذاؤں' فوڈ سپلیمنٹ سے ہوجائے' لیکن اکثر ناکامی ہوتی ہے' عمر صحیح پٹڑی پر چڑھنے میں دیر ہوجائے تو بیمار زندگی نتیجے میں ملتی ہے۔ پہلے اپنی سوچ ٹھیک کیجئے اس کیلئے اچھی کتابوں اور ماہرین سے فائدہ اٹھائیں۔ ہم علم والوں سے دور رہتے ہیں اور اشتہاری مہم والوں سے زیادہ متاثر ہوتے ہیں اور آخر میں صحیح مشورہ دینے والے تک پہنچتے ہیں تو بہت وقت گزر چکا ہوتا ہے۔ [illegible] نقصان ہوچکا ہوتا ہے۔ پہلے سمجھ لیں کہ جس کام یا چیز کو آپ مال

(باقی صفحہ نمبر 20 پر)





WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

# دانت اور ڈاڑھ درد سے کراہتے ایک لمحے میں پرسکون

محمد حنیف بھٹی، راولپنڈی

مجھے تجسس ہوا میں قبرستان پیپل کے درخت کے پاس گیا تو دیکھا درخت کا تنا کیل کے کیلوں سے بھرا پڑا تھا۔ تب یہ بات مجھ پر کھلی کہ اصل بات لکڑی میں کیل کا گاڑھنا ہے اور یہ عمل بھی سانس روک کر کیل گاڑھنا ہے' کئی سالوں سے یہ عمل کر رہا ہوں

ایک دن میں حجام کی دکان میں بیٹھا بال ترشوا رہا تھا کہ ایک آدمی رخسار پر ہاتھ رکھے اور کراہتے ہوئے دکان میں داخل ہوا اور حجام کے تخت پوش پر لیٹ کر ہائے ہائے کرنے لگا۔ حجام کا کوئی قریبی تھا' وہ میرے بال چھوڑ کر اس کی طرف متوجہ ہوا اور پوچھنے لگا: ''اوئے کیا ہوا'' وہ کراہتے ہوئے بولا: ڈاڑھ میں بہت درد ہے' دو ٹیکے لگوا بیٹھا ہوں اور ابھی تک آرام نہیں آیا۔ میں کرسی سے اٹھا اور اس کے پاس جاکر پوچھا کس طرف درد ہے' اس نے اپنا ہاتھ رخسار سے اٹھا کر بتایا اس طرف درد ہے' میں نے شہادت کی انگلی سے لکھا ''ف رعون ن رق ش د (فرعون غرق شد) اور کرسی پر آکر بیٹھ گیا۔ مجھے آج بھی وہ منظر یاد ہے حجام میرے اور اس کے درمیان ہاتھ میں قینچی اور کنگھی پکڑے کھڑا تھا۔ اس سے پوچھنے لگا ''اوئے سنا'' میں نے جتنے اعتماد سے لکھا تھا ویسا ہی مسرت آمیز جواب آیا۔ ''ٹھیک ہو گیا'' اور قارئین کافی سالوں سے میں یہ علاج کر رہا ہوں مریض ہائے ہائے کرتے آتا ہے اور اللہ تعالیٰ اسے شفاء دیتا ہے۔ لکھنے کا طریقہ یہ ہے کہ سانس روک کر لکھتا ہے اور پورے اعتماد سے لکھتا ہے' دوسری بات بعض مریض دوسری بار تیسری بار آتے ہیں' اس وقت آرام آ گیا تھا مات سے پھر درد ہے یا کبھی سے پھر درد ہو رہا ہے اس کیلئے میرے دوست بابا سلطان مرحوم تعویذ لکھ کر اس پر موچی والی بنجی (کیل) ٹھونکا کرتے تھے۔ ایک فٹ لمبا اور موٹی لکڑی کا ٹکڑا تعویذ اور کیلوں سے بھرا ہوا تھا۔ مجھے تجسس ہوا یہ کیا لکھتے ہیں' میں نے ان سے پوچھا بھی لیکن ان کو بھی علم نہیں تھا کہ یہ لفظ کیا ہے؟ اور کہاں سے لیا ہے۔ تب کتابوں اور رسائل کے مطالعہ سے ایک دن معلوم ہو گیا یہ لفظ یا معلوفی ہے میں یہ لفظ لکھ کر اس کے م ن اور و میں کیل ٹھونکنے لگا۔ طریقہ یہ ہے کہ مریض سے کہا جاتا ہے درد والی ڈاڑھ یا دانت پر انگلی رکھے اس کے بعد م میں کیل گاڑھ دیا جاتا ہے۔ اب مریض سے کہا جاتا ہے انگلی ہٹائے پھر پوچھا جاتا ہے آرام آیا کہ نہیں اگر وہ کہے آرام نہیں آیا تو ن میں کیل گاڑھ دیا جاتا ہے اور دوبارہ انگلی ہٹانے کے بعد پوچھا جاتا ہے آرام آیا اگر وہ کہے آرام نہیں آیا تو دانت یا ڈاڑھ پر تیسری بار شہادت کی انگلی رکھ کر و کے سر میں کیل گاڑھتی جاتی ہے۔ اللہ تعالیٰ کے کرم سے تیسری کیل پر آرام آجاتا ہے۔ پھر کئی کتابوں میں پڑھا اب ج ولکھ کر اس پر اس طرح گاڑھے جائیں' ج تک آرام آجاتا ہے' آج کل میں اب ج ولکھ کر کیل گاڑھتا ہوں لیکن ایک بات مجھے قدرت کی طرف سے معلوم ہوئی کہ نہ تو یا معلوفی لکھ کر تعویذ لکھ کر اور نہ اب ج ولکھ کر کیل گاڑھنا ہے بلکہ اصل کام لکڑی میں کیل گاڑھنا ہے۔ ہوا یوں کہ میرے محلے کا ایک نوجوان میرے پاس ڈاڑھ درد کی شکایت لے کر آیا میں نے اسے کہا: تعویذ لکھ کر لے آ' وہ چار انچ کے کیل لے آیا' میں نے اسے کہا اللہ کے بندے موچی والے کیل لے کر آ۔ وہ کیل واپس کرنے گیا تو دکاندار نے کہا یار! سامنے قبرستان میں شاہ جی کے پاس چلا جا' وہ بھی کیل گاڑھتے ہیں۔ وہ سامنے شاہ جی کے پاس چلا گیا' دوسرے دن وہ مجھے ملا تو میں نے کہا: تو کیل لے کر کیوں نہیں آیا' کہنے لگا: بابا جی آرام آ گیا' میں نے پوچھا کیسے آرام آ گیا؟ کہنے لگا: میں قبرستان میں شاہ جی کے پاس گیا تھا۔ انہوں نے وہ کیل پیپل کے درخت کے تنے پر گاڑھ دیے اور مجھے آرام آ گیا۔

مجھے تجسس ہوا میں قبرستان پیپل کے درخت کے پاس گیا تو دیکھا درخت کا تنا کیل کے کیلوں سے بھرا پڑا تھا۔ تب یہ بات مجھ پر کھلی کہ اصل بات لکڑی میں کیل کا گاڑھنا ہے اور یہ عمل بھی سانس روک کر کیل گاڑھنا ہے' کئی سالوں سے یہ عمل کر رہا ہوں اسے میں نے بہت موثر اور کامیاب پایا ہے۔ اس لیے اسے خلق خدا کی بھلائی کیلئے لکھ دیا۔ انشاء اللہ مجھے جو بھی عمل یا ٹوٹکہ ملا اور میں نے وہ موثر اور کامیاب پایا عبقری کیلئے ضرور لکھوں گا تاکہ لاکھوں کا فائدہ اور میرے لیے صدقہ جاریہ!

## گھریلو مسائل کا انسائیکلوپیڈیا

# رنگت نکھارنے کے طریقے

صبح سویرے کچے دودھ کی آدھی پیالی میں بیسن یا اٹن ڈال کر گاڑھا پیسٹ بنالیں اور چہرے پر لیپ کریں۔ دو منٹ بعد انگلیوں کی پوروں سے نیچے سے اوپر کی جانب آہستہ آہستہ ملیں۔ اٹن نیچے گرتا جائے یہاں تک کہ چہرہ صاف ہوجائے۔ اب چہرے کو ٹھنڈے پانی سے دھولیں۔ کچے دودھ کی بساند دور کرنے کیلئے بالکم پاؤڈر ہتھیلیوں پر مل کر چہرے کو ہاتھوں سے آہستہ آہستہ تھپتھپائیں۔ چہرے کی جلد نرم بلکہ کھلی سفید ہو جائے گی۔ آدھے لیموں کا رس ہلدی آدھی چمچی اور بیسن دو چمچی ملا کر آمیزہ بنالیں اور اس کا ماسک چہرے پر لگائیں۔ چھائیاں خاصی حد تک ختم ہوجائیں گی۔

سفید تل بھینس کے دودھ میں ڈال کر پیس لیں اور رات سوتے وقت چہرے پر ملیں۔ صبح اٹھ کر کسی اچھے صابن سے منہ دھولیں۔ چھائیاں دور ہوجائیں گی اور چہرہ دھل جائیگا۔ دن میں بھی چہرے کی صفائی کا خاص خیال رکھیں۔ روزانہ پانچ بار منہ دھوئیں۔ کچھ بادام تھوڑے پانی میں بھگو کر رکھ دیں پھر اسی پانی میں بادام پیس لیں۔ یہ آمیزہ رات کو چہرے پر لگائیں اور صبح کسی معیاری صابن سے منہ دھولیں۔ دو تولہ شہد میں ایک لیموں کا رس ملا کر چہرے پر لیپ کیجئے اور چند منٹ بعد دھو لیجئے۔ جھریاں ختم ہونے کے علاوہ جلد کے زیادہ کھلے مسام بند ہوجاتے ہیں۔

## وظیفہ کایا پلٹ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ایک اللہ والے نے چند سال قبل یہ وظیفہ مجھے عنایت فرمایا تھا جس کے استعمال سے بڑا جڑے ہوئے کی حالت سدھر جائیگی اور وہ لوگ جو سونے میں ہاتھ ڈالتے ہیں مٹی ہوجاتی ہے اور ہر طرف ٹھوکریں انکا نصیب بن جاتی ہیں ان کی تقدیریں بدل جائینگی۔ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ رَبِّيْ مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ وَّاَتُوْبُ اِلَيْهِ اللّٰهُ شَافِى اللّٰهُ كَافِى۔ مقصد پورا ہونے تک ایک تسبیح ہر نماز کے بعد اول و آخر 5 مرتبہ درود شریف۔ روزی میں برکت کیلئے 501 مرتبہ فجر کی نماز کے بعد۔ (عبقری جلد نمبر 5)

عبقری کی سابقہ فائلوں سے موتی چنیں

استفادہ کیلئے عبقری کے گزشتہ سالوں کے تمام رسالہ جات مجلد دیدہ زیب فائل کی صورت میں دستیاب ہیں۔ یہ رسالہ جات آپ کی

قیمت فی جلد-/500 روپے علاوہ ڈاک خرچ

0332 7552382



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

بچوں کا صفحہ

# بچو! خود غرض دوستوں سے بچ کر رہنا

گرمی کی وجہ سے اُس کا بُرا حال ہو رہا تھا۔ اس نے تمام کپڑے اتارنے اور قریب بہتی ہوئی ندی میں چھلانگ لگا دی تب جا کر اسے کچھ سکون آیا۔ ہوا اپنے غرور کا سر نیچا ہوتا دیکھ کر بہت شرمندہ ہوئی۔ اس نے سورج سے معافی مانگی اور پھر کبھی اپنی طاقت پر غرور نہیں کیا۔

## سورج اور ہوا کی چپقلش

ایک دن سورج اور شمالی ہوائیں اکٹھی ہو گئیں۔ سلام دعا کے بعد سورج نے پوچھا: اے بی ہوا! کیسی ہو کچھ کمزور لگ رہی ہو۔ بی ہوا جو بہت مغرور تھی بولی: بھائی سورج! کیسی باتیں کرتے ہو تم سے تو آج بھی زیادہ طاقتور ہوں۔ جب چاہو مقابلہ کر لو سڑک پر ایک شخص چلا جا رہا تھا' سورج بولا: بی ہوا! ہم میں سے جو زیادہ طاقتور ہوگا وہ اس شخص کو کپڑے اتارنے پر مجبور کر دے گا' ہوا تیز زور زور سے پھونکیں مارنے لگی۔ اُس آدمی کے ہاتھ میں ایک لفافہ تھا جس میں کوٹ اور کمبل رکھا ہوا تھا۔ اس نے جلدی سے کوٹ پہن لیا' پھر بھی سکڑ رہا تھا۔ بی ہوا نے اور زور سے پھونک ماری تو اس نے کمبل بھی نکال کر اوڑھ لیا' بی ہوا بہت زیادہ پریشان ہوئی۔ اب سورج کی باری تھی' اس نے آہستہ آہستہ اپنی گرمی کو بڑھانا شروع کیا۔ آدمی نے دل میں سوچا۔ عجیب دن ہے' ابھی اتنی ٹھنڈک تھی اور اب گرمی ہو رہی ہے۔ پہلے اس نے کمبل تہہ کر کے رکھا' پھر کوٹ بھی اتار دیا۔ گرمی کی وجہ سے اُس کا بُرا حال ہو رہا تھا۔ اس نے تمام کپڑے اتارنے اور قریب بہتی ہوئی ندی میں چھلانگ لگا دی تب جا کر اسے کچھ سکون آیا۔ ہوا اپنے غرور کا سر نیچا ہوتا دیکھ کر بہت شرمندہ ہوئی۔ اس نے سورج سے معافی مانگی اور پھر کبھی اپنی طاقت پر غرور نہیں کیا۔ پیارے بچو! دنیا میں وہی لوگ عزت پاتے ہیں جو غرور اور تکبر سے ہمیشہ بچتے ہیں۔

## بچو! خود غرض دوست سے بچ کر رہنا

ایک دفعہ دو دوست تھے' ایک بہت چالاک دبلا اور دوسرا بہت موٹا تھا۔ دونوں دوست نوکری کی تلاش میں اپنے گاؤں سے شہر کی طرف چل پڑے۔ راستے میں ایک جنگل پڑتا تھا جس میں بہت خوفناک جانور تھے۔ ابھی وہ تھوڑی ہی دور گئے کہ انہوں نے درختوں میں سے ایک موٹا سا ریچھ آتے ہوئے دیکھا۔ پتلے دوست نے تو چھلانگ لگائی اور ایک اونچے سے درخت پر چڑھ گیا۔ موٹا بے چارہ بھی درخت پر چڑھنے کی کوشش کرنے لگا۔ پہلے تو پھسل گیا۔ پھر دوبارہ کوشش کی تو ٹہنی ٹوٹ گئی۔ یار مجھے بھی تو اوپر کھینچو' ریچھ قریب آتا جا رہا ہے' اس نے چیختے ہوئے اپنے دوست کو آواز دی۔ دبلا پتلا دوست مزے سے اوپر کی ٹہنیوں میں چھپ کر بیٹھا تھا۔ بولا: نہ بابا نہ میں پاگل ہوں بھلا' تمہیں اوپر چڑھاتے ہوئے اگر ٹہنی ٹوٹ گئی یا میں خود گر گیا تو ریچھ مجھے کھا جائے گا۔ میں تمہارے لیے کچھ نہیں کر سکتا۔ تم جانو اور تمہارا کام۔ یہ سن کر موٹا دوست بہت پریشان ہوا۔ اب ریچھ بہت قریب آ چکا تھا۔ موٹا ایک دم سے زمین پر لیٹ گیا۔ اس نے سن رکھا تھا کہ اگر خاموشی سے لیٹے رہو اور ذرا سی بھی حرکت نہ کرو تو مرا ہوا سمجھ کر ریچھ کچھ نہیں کہتے۔ ریچھ قریب آیا اور کچھ دیر موٹے کے کان کے قریب آ کر سونگھتا رہا۔ تھوڑی دیر کے لیے موٹے نے اپنی سانس بالکل روک لی تو ریچھ اسے مرا ہوا سمجھ کر اپنی راہ چلتا بنا۔ ریچھ کے چلے جانے کے بعد موٹا جلدی سے اٹھا اور چپ چاپ اپنے راستے پر چل پڑا۔ اب اس کا پتلا دوست بھی نیچے آ چکا تھا۔ وہ اس کے قریب آیا اور پوچھنے لگا: ریچھ تمہارے کان میں کیا کہہ رہا تھا؟ موٹا بولا: ریچھ کہہ رہا تھا کہ ایسے خود غرض دوست سے تم اکیلے ہی بھلے ہو۔ یہ کہہ کر وہ اکیلا ہی چل پڑا۔ اس کا دوست اپنی خود غرضی پر بہت شرمندہ ہوا۔ پیارے بچو! ہمیں خود غرض دوستوں سے بچ کر رہنا چاہیے۔ دوست صرف وہ ہوتا ہے جو مصیبت کے وقت کام آئے۔

## بے وقوف کسان' بیٹا اور گدھا

ایک دفعہ کا ذکر ہے' کسی گاؤں میں ایک کسان رہتا تھا' وہ کھیتی باڑی کر کے اپنا اور اپنے بیٹے کا پیٹ پالتا۔ اُس کا ایک گدھا بھی تھا جس پر وہ گندم لاد کر شہر بیچنے جاتا۔ خدا کا کرنا ایسا ہوا کہ ایک سال گاؤں میں قحط پڑ گیا اور کوئی فصل نہ ہوئی۔ کسان بہت پریشان ہوا۔ اس نے سوچا کہ ہم شہر جا کر گدھے کو بیچ دیتے ہیں کیونکہ جب فصل ہی نہیں ہوئی تو پھر گدھے کا کیا فائدہ۔ صبح سویرے اس نے اپنے بیٹے عارف کو ساتھ لیا اور شہر کی طرف چل پڑا۔

جب وہ ندی کے قریب پہنچے تو وہاں کچھ عورتیں کپڑے دھو رہی تھیں' انہوں نے کسان اور عارف کو گدھے کو کھینچتے ہوئے دیکھا تو ہنسنے لگیں۔ کسان سے پوچھا: "تم ہمیں دیکھ کر کیوں ہنس رہی ہو؟" ان میں سے ایک عورت بولی: ارے بے وقوف! اگر تمہیں ذرا بھی عقل ہوتی تو اپنے بیٹے کو ہی گدھے پر بٹھا لو' کسان نے اسی وقت عارف کو گدھے پر بٹھایا اور خود ساتھ پیدل چلنے لگا۔ ابھی کچھ ہی دور گئے تھے کہ سامنے سے ایک بوڑھی عورت آتی ہوئی دکھائی دی۔ اس کے ہاتھ میں ایک ڈنڈا تھا جب وہ قریب آئی تو عارف کے سر پر ڈنڈا مارتے ہوئے بولی: بے وقوف لڑکے! شرم کرو' تمہارا بوڑھا باپ پیدل چل رہا ہے اور تم گدھے پر بیٹھے ہو' اترو نیچے۔ عارف بہت شرمندہ ہوا اور جلدی سے نیچے اتر گیا۔ اب کسان گدھے پر بیٹھ گیا اور عارف ساتھ ساتھ چلنے لگا۔ راستے میں انہیں ایک مسافر ملا وہ کافی باتونی تھا۔ ان سے پوچھنے لگا کہ وہ کہاں جا رہے ہیں۔ کسان بولا: ہم شہر جا رہے ہیں' تو پیدل کیوں چل رہے ہو تمہارے پاس تو گدھا ہے پھر تم دونوں کیوں نہیں اس پر سوار ہو جاتے' مسافر نے کہا: کسان نے یہ سن کر عارف کو بھی گدھے پر بٹھا لیا۔ اس روز گرمی بڑی شدت کی تھی۔ بے چارہ گدھا بھوکا پیاسا تو تھا ہی اوپر سے جب اُس پر اتنا بوجھ پڑا تو ہانپنے لگا۔ بڑی مشکل سے وہ کچھ ہی راستہ گیا تھا کہ قریب ہی کھیتوں سے ایک آدمی چلایا: "کچھ تو رحم کرو بے چارے گدھے پر' کیا مار ہی ڈالو گے اسے" کسان بولا: تمہیں کیا! ہمارا گدھا ہے' ویسے بھی ہم اسے بیچنے جا رہے ہیں' اس آدمی نے کہا: ایسی حالت میں تمہیں اس کی اچھی قیمت نہیں ملے گی' کسان نے سوچا کہ کیوں نہ گدھے کو ہم خود اٹھا لیں۔ اس نے ایک رسی سے گدھے کی ٹانگوں کو باندھا اور ایک ڈنڈے سے الٹا لٹکا لیا۔ ایک طرف سے ڈنڈے کو کسان نے اور دوسری طرف سے عارف نے اٹھایا اور چل دیے۔ جب وہ ایک نہر کے پل سے گزر رہے تھے تو گدھے نے ایک زور کی دولتی ماری' کسان اور عارف اسے پکڑتے ہی رہ گئے اور گدھا نہر میں جا گرا۔ پیارے بچو! جیتے سنی باتیں' عقل مند انسان وہی ہوتا ہے جو اپنے دماغ سے سوچے اور لوگوں کی باتوں میں نہ آئے۔ (انتخاب: ساتول چغتائی' راجو چغتائی' اماں زیبو چغتائی' بھورل چغتائی' احمد پور شرقیہ)

## دانت درد فوری ختم! آسان ترین ٹوٹکہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے پاس ایک دانت درد سے نجات کا ٹوٹکہ ہے جو قارئین عبقری کیلئے حاضر ہے۔ اگر آپ کے دانت میں کسی قسم کی کوئی تکلیف ہو تو پاؤ پانی میں امرود کے تین سے چار پتے ابال لیں اور تھوڑی دیر کیلئے اس میں سرخ پھٹکری کا ٹکڑا رکھ دیں اور پھٹکری کا ٹکڑا نکال دیں اسی پانی سے کلی کر لیں ان شاء اللہ آرام آ جائے گا۔ کلی کرنے سے پہلے اسی پانی پر ایک مرتبہ سورۂ فاتحہ اور درود شریف ضرور پڑھ لیں اللہ تعالیٰ کے فضل سے آرام آ جائے گا۔ (عثمان)





WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

http://paksociety.com http://paksociety.com http://paksociety.com http://paksociety.com http://paksociety.com http://paksociety.com

# پاک سوسائٹی ڈاٹ کام پر موجود آل ٹائم بیسٹ سیلرز:-




http://paksociety.com http://paksociety.com http://paksociety.com http://paksociety.com http://paksociety.com http://paksociety.com

www.paksociety.com



# آپ کا خواب اور روشن تعبیر

☆سنسان گلی میں بہن غائب! ☆عروسی لباس اور سونے کے سیٹ ☆امی نے سانپ کو گردن سے پکڑ لیا ☆اچانک بھائی کی نظر چور پر پڑ گئی! ☆کالی رسی کالا ناگ بن گئی

**تمہاری قربانی سب سے بڑی:** اس طرح ہوتا ہے کہ کوئی شخص میرے ساتھ چل رہا ہے سفید کپڑوں میں راستے میں لوگ جانوروں کی قربانیاں کر رہے ہیں وہ آدمی مجھ سے کہتا ہے کہ دیکھو یہ لوگ جن جانوروں کی قربانی کر رہے ہیں وہ بہت چھوٹے اور کالے ہیں تمہاری قربانی ان سب سے بڑی ہے۔ یہ خواب میں نے کئی بار دیکھا۔ آخری مرتبہ یہ تھی عیدالاضحیٰ کے بعد دیکھا کہ راستے میں قربانیاں دیکھ کر میں کہتی ہوں کہ سب نے تو کر دی اب جا کر میں بھی قربانی کرتی ہوں۔ کچھ دن پہلے میں نے خواب میں دیکھا کہ میں گھر والوں کے ساتھ گاڑی میں جا رہی ہوتی ہوں۔ راستے میں خون نظر آتا ہے۔ میں سوچتی ہوں میں تو قربانی کر چکی ہوں یہ تو کسی اور نے آج کی ہے۔ (پوشیدہ)

**تعبیر:** آپ کا خواب بہت ہی مبارک ہے۔ جو لوگ اللہ کے دین کی سربلندی کیلئے اللہ کے راستے میں نکل رہے ہیں حقیقت میں وہ بہت ہی بڑی قربانی دے رہے ہیں اور یہی چیز مطلوب ہے۔

**گندے برتن:** میں نے دیکھا کہ ایک تھیلے میں بہت بڑے بڑے کیلے رکھے ہیں۔ میں ان کو سونگھتی ہوں تو وہ بہت پکے ہوئے ہوتے ہیں اور اتنی مٹھاس ہوتی ہے کہ بہت خوشبو آتی ہے۔ پھر منظر بدلتا ہے اور میں دیکھتی ہوں کہ میں بہت سارے گندے برتن دھو رہی ہوں۔ میں کہتی ہوں میں یہ کیسے دھوؤں گی اور پھر ایک دوبار میں نے دیکھا کہ میں بڑے بڑے کینو کھا رہی ہوں اور اکثر دیکھتی ہوں کہ بہت خوبصورت بچہ ہے اس کی نیلی آنکھیں ہیں اور میں اس کو کچھ کھلا رہی ہوں اور بہت پیار کر رہی ہوں اور وہ بچہ ہر دفعہ الگ ہوتا ہے اور بہت خوبصورت اور صحت مند ہوتا ہے اور میں اس کو گود میں لئے ہوئے ہوتی ہوں اور اکثر دیکھتی ہوں کہ میں عروسی لباس اور سونے کے بہت خوبصورت سیٹ پہنے ہوئے ہیں۔ (پوشیدہ)

**تعبیر:** آپ کا خواب بہت مبارک ہے اور آپ کو انشاء اللہ جلد اچھی خبر ملنے کا اشارہ ہے نیز خوشی اور خوشحالی بھی نصیب ہوگی۔ آپ روزانہ ہر نماز کے بعد یَا حَمِیْدُ 62 مرتبہ پڑھ کر دعا کر لیا کریں۔

**سانپ نے ڈس لیا:** میں نے دیکھا کہ ہم سب گھر والے بیٹھے ہوتے ہیں اور مجھ سے چھوٹی بہن کھڑی ہوتی ہے کہ اچانک کہیں سے سانپ نکل آتا ہے۔ ہم لوگ بہت زیادہ خوفزدہ ہوتے ہیں۔ سانپ میری اس بہن کو ڈسنے لگتا ہے جو کھڑی ہوتی ہے تو میری امی سانپ کو گردن سے پکڑ لیتی ہے۔ لگتا ہے کہ سانپ مر رہا ہے لیکن اس کے ساتھ ہی کہیں سے دوسرا سانپ نکلتا ہے جو امی کو ڈس لیتا ہے۔ امی چیخ مارتی ہیں کہ ہائے اس نے مجھے ڈس لیا ہے۔ میں پریشان ہوتی ہوں کہ اب امی کو علاج کیلئے کہاں لے کر جائیں جبکہ ابو بھی گھر پر نہیں ہیں۔ اسی پریشانی میں میری آنکھ کھل جاتی ہے۔

(حسن احمد، کراچی)

**تعبیر:** آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اندیشہ ہے کہ آپ کی والدہ کسی بیماری میں مبتلا ہو جائیں۔ آپ فوری طور پر ان کی طرف سے گوشت کا صدقہ دیں۔ نیز بعد نماز فجر اکتالیس بار سورۂ فاتحہ پانی پر دم کر کے پی لیا کریں۔

**چور چور چور:** میرے چھوٹے بھائی نے دیکھا کہ ہمارے گھر میں چور آیا ہے اور وہ اسٹور میں ہے۔ میرا بھائی کمرے کے دروازے پر کھڑا ہے اور چور جیسے اسٹور کا پردہ ٹھیک کر رہا ہے۔ میرا بھائی بھی کمرے کا پردہ ٹھیک کر رہا ہے تو اس کی نظر چور پر پڑی تو میرا بھائی چور، چور، چور چلانے لگا۔ پھر آنکھ کھل گئی۔ (ن،م)

**تعبیر:** خواب کے مطابق ان کی کسی بیماری میں مبتلا ہونے سے حفاظت ہوئی ہے۔ آپ ان کا فوری طور پر حسب توفیق صدقہ دیں۔

**زوردار تھپڑ:** میں نے دیکھا کہ میں اپنے سکول میں ایک جگہ کھڑی ہوں وہاں ایک لڑکی آتی ہے اور مجھ سے کہتی ہے کہ میڈم تمہیں بلا رہی ہیں۔ میں اس سے تھوڑی تیز آواز میں کہتی ہوں کیا کہا تم نے۔ اچانک سامنے سے میڈم ہمیں دیکھ لیتی ہیں اور مجھے ایک زور سے تھپڑ مار کر کہتی ہیں کہ تم نے اس سے اونچی آواز میں بات کیوں کی اس کو میں نے بھیجا ہے۔ میں میڈم سے ناراض ہو کر اپنی بہن سے کہتی ہوں کہ چلو گھر چلیں۔ (حقیقت میں میری بہن بھی اسی سکول میں پڑھتی ہے اور میں اب اس سکول سے فارغ ہو چکی ہوں) ہم دونوں سکول سے جیسے ہی نکلتے ہیں تو اندھیرا ہو جاتا ہے اور چاندنی بھی ... ہوتی ہے ... اور میں ... سوچتی ہوں ... میڈم نے میرے ساتھ کیا سلوک کیا۔ راستے میں سنسان چھوٹی گلیاں تھیں میں بہن سے کہتی ہوں کہ آہستہ چلو اچانک وہ غائب ہو جاتی ہے تو میں اور بھی زیادہ پریشان ہو جاتی ہوں دوسری گلی میں میری بہن مل جاتی ہے اور ہم گھر چلے جاتے ہیں۔ (پ)

**تعبیر:** آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ برے لوگوں کی صحبت سے بچنے کی کوشش کریں۔ ایسا نہ ہو کہ کہیں گمراہی کا شکار آپ اور آپ کی بہن ہو جائے۔ پنج وقتہ نماز کی پابندی کریں اور روزانہ ایک ایک تسبیح استغفار، درود شریف اور تیسرے کلمے کی کر لیا کریں۔

**نقصان کا اندیشہ:** میں نے دیکھا کہ ہم دونوں بھائی ایک جگہ بیٹھے تھے۔ اچانک سامنے کالا ناگ نظر آتا ہے۔ میں اپنے چھوٹے بھائی سے کہتا ہوں کہ وہ دیکھو سانپ لیکن وہ جواب دیتا ہے کہ کہاں ہے مجھ کو نظر نہیں آرہا۔ وہ کہتا ہے کہ تمہارا وہم ہے یہ تو کالی رسی ہے۔ تھوڑی دیر بعد وہ سانپ ہم دونوں کے پاس سے گزرتا ہے تو ہم پرے ہٹ جاتے ہیں۔ وہ ہمیں نقصان پہنچائے بغیر گزر جاتا ہے۔ (س،ش)

**تعبیر:** آپ کے خواب کے مطابق آپ کے اور آپ کے بھائی کے کسی مشترک دوست سے آپ کو نقصان کا اندیشہ ہے تاہم اگر بروقت احتیاط کر لی گئی تو امید ہے کہ یہ دوست نما دشمن آپ کا اور آپ کے بھائی کا کچھ نہ بگاڑ سکے گا۔ آپ ہر نماز کے بعد ایک بار آیۃ الکرسی اور سات بار یَا حَافِظُ یَا حَفِیْظُ یَا نَاصِرُ یَا نَصِیْرُ یَا رَقِیْبُ یَا وَکِیْلُ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ پڑھ کر حفاظت کی دعا کر لیا کریں۔

## پتھری کے علاج سے تھکے ضرور پڑھیں!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے پاس گردے کی پتھری کا ایک وظیفہ ہے جس کے کرنے سے گردے کی پتھری با آسانی نکل جاتی ہے۔ چھ سال سے میرے گردوں میں پتھری تھی علاج کرا کرا کر تھک چکا تھا پھر میرے ماموں دبئی سے آئے تو انہوں نے بتایا میں نے یہ وظیفہ استعمال کیا تو اللہ کا کرم ہے آج تک میرے گردے میں پتھری نہیں ہوئی۔ اول و آخر 14 مرتبہ درود شریف کے ساتھ سورۂ بقرہ کی آیت نمبر 74 کو 14 مرتبہ ... پڑھنا ہے۔ انشاء اللہ میرے ... دن کے اندر اندر پتھری ختم ہو جاتی ہے۔ (شیر علی، راولپنڈی)



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

کمر درد، درد گردہ اور پشت میں درد نہ ہوگا۔ ... شام کھانے والوں ... پشت میں ... اور حرکت کے ہمراہ استعمال بہتر نتائج دیتا ہے۔

# آنکھوں کا درد ماں کے قدم لگانے سے ختم

اب ہمارا حال یہ ہے کہ ہم اپنے ہی گھر میں کرائے دار بن کر رہ رہے ہیں۔ میری تمام قارئین سے گزارش ہے کہ خدارا کسی پر اتنا اعتماد مت کریں کہ وہ آپ کا سب کچھ تباہ و برباد کر دے اور سود جیسی لعنت سے دور رہیں اور اگر کوئی ایسی غلطی ہوگئی ہے تو جلد از جلد اس سے نکل آئیں

## آنکھوں میں درد اور ماں کے قدم

ایک شخص نے مجھے بتایا کہ مجھے شوگر کی وجہ سے آنکھوں میں بہت درد رہتا تھا۔ بہت علاج کروایا کچھ فائدہ نہ ہوا۔ بس کسی نے ماں کی عظمت دل میں ڈال دی پھر روزانہ کا میرا معمول یہ ہوتا تھا کہ ماں کے قدموں کو اپنی آنکھوں پر رکھتا تھا تو درد ختم ہو جاتا تھا۔ بس ایک دن ایسا آیا کہ ماں کا انتقال ہو گیا اب کہاں سے لاؤں وہ قدم جو میرے درد کو مٹائیں۔ اب درد ہوتا تو پریشان رہتا ہوں۔ یہ ہے ماں کے قدموں کی قیمت۔ اللہ تعالیٰ قدر کی توفیق عطا فرمائے۔ (سلیم اللہ سومرو، کنڈیارو)

## اندھے اعتماد نے سب کچھ برباد کر دیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرا یہ خط کوئی سنی سنائی داستان نہیں بلکہ ایک سچی کہانی ہے جو کہ میں عبقری میں اس لیے شائع کرانا چاہتی ہوں تاکہ تمام لوگوں کو اس سے سبق حاصل ہو سکے۔ میرے میاں اور میرے جیٹھ کا اکٹھا کاروبار تھا جو کہ میرے سسر نے سولہ سال تک سعودیہ میں رہ کر اور پائی پائی جمع کر کے اپنے دونوں بیٹوں کیلئے شروع کیا لیکن افسوس یہ سب سود کی نذر ہو گیا۔ میرے جیٹھ جو کہ سب کاروبار کے کرتا دھرتا تھے انہوں نے بغیر کسی کے علم میں لائے بینک سے سود پر قرض لے لیا جس کی وجہ سے تمام کاروبار ختم ہو گیا اور ہم پائی پائی کے محتاج ہو گئے نہ صرف یہ کہ بلکہ اس کے بعد انہوں نے ہم سب سے چوری گھر کی رجسٹری بھی بینک میں رکھوا دی ہمارا گھر جو لاہور کے مہنگے ترین علاقہ میں دس مرلہ پر مشتمل تھا' آج کسی اور کی ملکیت بن چکا ہے۔ گھر کی اس پریشانی کی وجہ سے میری ساس کو دل کا دورہ پڑا اور وہ انتقال کر گئیں اور اب میرے سسر بھی دن رات اسی پریشانی میں بیمار رہتے تھے۔ میرے خاوند اور جیٹھ مل کر کاروبار کرتے تھے لیکن میرے جیٹھ نے میرے خاوند کو کسی بات کی ہوا نہیں لگنے دی اور اتنے بڑے قدم اٹھا لیے ہمیں تو پتہ اس وقت چلا جب سب کچھ ختم ہو چکا تھا' پہلے دکان بک گئی اور پھر گھر بھی بیچنے کی نوبت آ پہنچی ان کے کیے کی سزا ہمیں بھی بھگتنا پڑ رہی ہے جب انسان پریشانی میں پڑتے ہیں تو سب اپنے پرائے ساتھ چھوڑ جاتے ہیں ہمارے ساتھ بھی ایسا ہی ہوا ہے۔ میری تو دعا ہے کہ اللہ کبھی بھی کسی مسلمان کو اس سود جیسی لعنت میں رسوا نہ کرے۔

قصہ مختصر یہ کہ ہم بینک کے قرض تلے دبتے گئے اور سود بڑھتا گیا اور نوبت یہاں تک آ گئی کہ بینک کا گھر نیلام کرنے کا وقت آن پہنچا لیکن بڑی مشکل سے ہم نے کسی عزیز سے منت سماجت کر کے گھر ان کو فروخت کیا اور اس سود جیسی لعنت سے نکل آئے۔ آدھی رقم تو بینک میں جا چکی ہے اور آدھی رقم کے ہم پانچ حقدار ہیں یعنی تین میری نندیں اور دو بھائی' بینک کے علاوہ بھی اور بہت سے قرض تھے جو کہ اتار کر اب اتنی رقم بھی نہیں بچی کہ ہم اپنا گھر خرید سکتے۔ اب ہمارا حال یہ ہے کہ ہم اپنے ہی گھر میں کرائے دار بن کر رہ رہے ہیں۔ میری تمام قارئین سے گزارش ہے کہ خدارا کسی پر اتنا اعتماد مت کریں کہ وہ آپ کا سب کچھ تباہ و برباد کر دے اور سود جیسی لعنت سے دور رہیں اور اگر کوئی ایسی غلطی ہوگئی ہے تو جلد از جلد اس سے نکل آئیں اس سے پہلے کہ سب ختم ہو جائے۔ (پوشیدہ، لاہور)

### پندرہ سال بعد ایک ٹوٹکے سے اولاد ملی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں آپ کو عبقری کیلئے دو اہم نسخے جو میں نے آزمائے ہوئے ہیں۔ **نسخہ نمبر 1:** مجھے اللہ کے حکم سے پندرہ سال بعد اولاد ملی ایک پاؤ کھجور ایک پاؤ شہد میں ملا کر دم کر کے کھایا۔ میں نے 120 دن یہی نسخہ کھایا۔ کھجور کھانے کے بعد پانی نہیں پینا۔ تقریباً چار ماہ پینے تھے۔ پرہیز: مرغی کا گوشت' مرغی کا انڈہ نہیں کھانا (دیسی کا کھا سکتے ہیں)۔ دم یہ کرنا ہے: تین دفعہ اول و آخر درود شریف' ایک مرتبہ تسمیہ کے ساتھ سورۂ فاتحہ اور تین مرتبہ سورۂ اخلاص تسمیہ کے ساتھ جب کھائیں دم کر کے کھائیں۔

**کھانسی کیلئے آزمودہ عمل:** کھانسی کیلئے میرے سسر حکیم شمس الحق صاحب مرحوم (اللہ انہیں جنت میں اعلیٰ مقام سے نوازے) کا آزمایا ہوا ہے۔ کھانسی بڑوں کو ہو یا بچوں کو بہت حیران کن افاقہ ہوتا ہے۔ **ھوالشافی:** کاکڑ سنگھی پنساری سے مل جاتی ہے دو ٹکڑے کاکڑ سنگھی کو جلا کر راکھ بنا کر شہد ایک چمچ ... آپ حیران ہوں گے کہ کھانسی کہاں سے آئی تھی اور کہاں چلی گئی۔ (گلناز شاہد، چکوال)

# عبقری کے شفائی اثرات

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہمارے ادارے میں ایک لڑکا کراچی سے آیا ہوا تھا' میں نے ایک دن اس کے ہاتھ میں عبقری دیکھا' پہلے میں آپ کے رسالہ سے واقف نہیں تھا' میں نے کہا بھائی یہ کس کا ہے' تو انہوں نے کہا کہ یہ تو حضرت حکیم طارق محمود چغتائی صاحب کا ہے' میں نے رسالہ پڑھا بہت لاجواب تھا' خوشی سے کہا یہ کون لایا ہے؟ تو اس نے کہا کہ نعمان لڑکا جو بنوں شہر کا تھا اس سے منگوایا تو میں نے اس سے ایڈریس معلوم کیا اس نے مجھے ایک اخبار والے کا بتایا تو میں نے رسالہ لینے کیلئے بنوں شہر جانا شروع کیا۔ میرا بنوں شہر کا ایک چکر تین سو روپے میں لگتا تھا' میں تین سو روپے خرچ کر کے بنوں شہر جاتا تو آگے سے اخبار فروش کہتا کہ وہ تو ختم ہو چکا ہے کبھی جاتا تو وہ کہتا کہ ابھی رسالہ آیا نہیں تو میں خالی ہاتھ واپس آتا اور پریشان ہو جاتا۔ کبھی کبھی تین دفعہ جاتا پھر جا کر کہیں رسالہ ملتا۔ اس طرح ایک عبقری مجھے تقریباً ہزار روپے میں پڑتا۔ آخر اخبار فروش نے بتایا کیونکہ وہ مجھے جان گیا کہ یہ اتنی دور سے آتا ہے اور خالی ہاتھ جاتا ہے مجھے اپنا فون نمبر دیا کہ آئندہ فون کر کے بتاؤں گا کہ عبقری آیا ہے تو اس طرح میرا یہ مسئلہ بھی حل ہوا۔ پھر ایک کرم فرمائی کی وجہ سے ایک ساتھی مل گیا جو بنوں شہر میں ملازم ہے اس سے ہر ماہ منگوانا شروع کیا اور کبھی خواب کے ذریعے اللہ تعالیٰ اشارہ دے دیتے کہ عبقری آ گیا ہے۔ عبقری سے جو فیض ملا وہ درج ذیل ہے۔ میرا ایک سٹوڈنٹ ہے' وہ کچھ دن نہیں آیا' اس کی چھوٹی بہن بھی اسی ادارے میں پڑھتی ہے' میں نے اس سے پوچھا تو اس نے کہا کہ وہ تو بیمار ہے' میں نے کہا کیا ہوا؟ اس نے کہا کہ سیدھا لیٹا ہوا ہے' اٹھ نہیں سکتا' جب اٹھتا ہے تو سر چکراتا ہے اور الٹی شروع کر دیتا ہے۔ میں نے کہا کہ کوئی دوائی نہیں دی اس نے کہا دوائی استعمال کی ہے مگر فائدہ نہیں ہوتا۔ میں نے چھٹی کے بعد اس کی بہن کو ستر شفائیں میں سے چنے کے برابر گولی بنا کر صرف ایک خوراک بھیجی اور بتایا کہ اگر اس خوراک سے فرق نہ پڑا تو ایک اور خوراک لے لینا۔ اس نے جب ایک خوراک کھائی تو اس سے اللہ تعالیٰ نے شفا عطا فرمائی' دوسری خوراک کی ضرورت ہی نہ پڑی۔ میری بھابھی کو الٹیاں شروع ہوئیں' کسی کی بھی تدبیر

(باقی صفحہ نمبر 28 پر)



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

# خواتین پوچھتی ہیں؟

ام اوراق

**یہ صفحہ خواتین کے روزمرہ خاندانی اور ذاتی مسائل کیلئے وقف ہے۔ خواتین اپنے روزمرہ کے مشاہدات اور تجربات ضرور تحریر کریں۔ نیز صاف صاف اور صفحے کے ایک طرف مکمل لکھیں۔ چاہے بے ربط ہی کیوں نہ ہوں**

**سخت ہاتھ:** میں جب بھی سبزی بناتی ہوں ہاتھ پہ سبزی کے دھبے پڑ جاتے ہیں۔ پالک، میتھی، چقندر اور باقلہ کی پھلیاں بنانے سے کئی دن تک ہاتھ صاف نہیں ہوتے۔ مجھے کیا کرنا چاہیے؟ میرے ہاتھ بہت کھردرے اور سخت ہیں۔ (ن،ز)

مشورہ: کچھ خواتین کی جلد حساس ہوتی ہے، اس لئے داغ پڑ جاتے ہیں، بازار سے آپ دستانے خریدیے، وہ پہن کر سبزی بنایئے، پالک وغیرہ آپ کسی تختے (Cutting Board) پر رکھ کر کاٹ لیں۔ اب تو پلاسٹک کے بورڈ عام ملتے ہیں، آپ تھوڑا سا سرکہ پانی میں ملا کر اس سے ہاتھ دھویئے، دھبے کم ہو جائیں گے، اسی طرح موٹی چینی ایک چمچ تھوڑے سے لیموں کے رس میں ڈال کر دونوں ہتھیلیوں سے خوب رگڑیں۔ چینی جب بالکل گھل جائے تو ہاتھ دھولیں۔ اس سے ہاتھوں کا کھردراپن دور ہو جائے گا۔ رات کو سونے سے پہلے یہ عمل کیجئے۔ عرق گلاب میں تھوڑی سی گلیسرین اور تھوڑا سا لیموں کا رس ملا کر باورچی خانے میں رکھئے، برتن دھونے، سبزی کاٹنے کے بعد ہاتھ دھو کر یہ آمیزہ لگالیا کریں، ہاتھ نرم و ملائم رہیں گے۔ تھوڑے سے دودھ میں لیموں کا رس ڈالیں کہ دودھ پھٹ جائے تو ہاتھوں پر اچھی طرح لگایئے، خوب ملئے، پانچ دس منٹ بعد ہاتھ دھولیجئے۔ اس سے بھی ہاتھ ملائم اور صاف رہتے ہیں۔ زیادہ دھبے ہوں تو اس میں تھوڑا آٹا ملایئے۔ آٹا بھوسی والا ہونا چاہیے۔ اس آمیزے کو ہاتھوں پر اچھی طرح مل کر اتاریے، سارا میل اتر جائے گا۔ ہاتھوں پہ پٹرولیم جیلی بھی لگا سکتی ہیں۔ گھیکوار کا گودا لگانے سے بھی ہاتھ نرم و ملائم ہو جاتے ہیں۔ گھر میں کچھ نہ ہو تو دودھ کی بالائی ہاتھوں پر مل لیجئے۔ اسی طرح کپڑے دھونے کے بعد بھی عرق گلاب، گلیسرین اور لیموں والا لوشن لگایئے۔ ہاتھ نرم رہیں گے اور دھبے بھی غائب ہو جائیں گے۔

**پیٹھا کدو پسند نہیں!:** موسم سرما میں ہمارے ہاں پیٹھا کدو تحفتاً آتا ہے، سات آٹھ کلو وزنی ہوتا ہے لیکن گھر والے اسے پسند نہیں کرتے۔ ایسے کیسے پکاتے ہیں؟ اس کے فائدے بھی بتایئے۔ (ام قائزہ)

مشورہ: اللہ تعالیٰ نے ہر موسم میں اس کی مناسبت سے سبزیاں پھل پیدا کئے ہیں، موسم سرما میں پیٹھا کدو ضرور کھایئے۔ بدن کی ٹوٹ پھوٹ دور ہوتی ہے، بڑھاپے میں اسے کھانے سے غذائیت ملتی ہے، جسم کا وزن بھی بڑھ جاتا ہے، بلند فشار خون والے مریض اسے کھا کر محفوظ رہتے ہیں۔ باہر کے ممالک میں اس کے بیج بڑے شوق سے کھائے جاتے ہیں۔ یہ نمکین ہوتے ہیں اور سادہ بھی۔ پیشاب کی تکلیف میں روزانہ مٹھی بھر بیج چھیل کر کھانے سے فرق پڑتا ہے۔ کمزور خواتین بھی پیٹھا کھا کر صحت بنا سکتی ہیں۔ ہفتے میں دوبار کھایئے، اس کی مٹھائی بڑی لذیذ ہوتی ہے۔ کچھ خواتین ابتدائے حمل میں پیٹھے کا مربہ یا مٹھائی کا ٹکڑا کھاتی ہیں، یوں بچہ صحت مند اور خوبصورت ہوتا ہے۔ پیٹھے کے بہت فوائد ہیں، آپ اسے بکرے کے گوشت میں پکایئے، گوشت بھون کر اس میں کٹا ہوا پیٹھا ڈال دیں۔ گل جانے پر ادرک، ہری مرچ ڈال کر اتار لیں۔ لذیذ سالن بنے گا۔ اس کی سبزی بڑے مزے کی ہوتی ہے۔ ٹکڑے کاٹ لیں، ایک پیاز ہلکی بادامی کر کے نمک مرچ، ہلدی، لہسن، ڈال کر بھون لیں۔ پھر اس میں پیٹھا ڈالیں۔ گلنے لگے تو ٹماٹر یا کھٹائی ڈال کر بھون لیں، پھر پودینہ، ہری مرچ ادرک وغیرہ ڈال دیں، اس کی بھاجی بنانے کیلئے سفید زیرہ، ثابت لال مرچ، ہلدی، لہسن کاٹ کر ہلکی آنچ پر پکائیں۔ اس میں ٹماٹر یا کھٹائی بھی ڈالتے ہیں۔ صبح ناشتے میں پراٹھے کے ساتھ یہ سبزی اچھی لگتی ہے، ہرا دھنیا اور ہری مرچ بھی ڈالتے ہیں۔ دماغی اور جسمانی کمزوری پیٹھا کھانے سے دور ہوتی ہے۔ آپ قدرت کے اس تحفے کو ضائع نہ کیجئے، یہ خراب بھی نہیں ہوتا، آپ اسے ضرور پکایئے۔ اس کا حلوہ اور مربہ بھی بنتا ہے۔ بیج بھی ضائع نہ کریں، انہیں باریک پیس کر رات کو سوتے وقت ہونٹوں پہ لگایئے، پھٹے ہونٹ صحیح ہو جائیں گے۔

**قدرت نے بھیجا کالی مرچ کا ٹوٹکا:** مجھے چالیس سال سے نزلہ زکام تھا اور گلا خراب رہتا پھر آپ کا لکھا ہوا ٹوٹکہ پڑھا، رات کو سوتے وقت نیم گرم دودھ کے ساتھ ثابت کالی مرچ لینے سے بہت فرق پڑا، اب بھی استعمال جاری ہے۔ امید ہے آپ اسی طرح خدمت خلق کرتی رہیں گی، انسانی خدمت کرنا بھی عطیہ خداوندی ہے، آپ کیلئے بہت ساری دعائیں۔ آپ کا شکریہ میری یہ کوشش ہوتی ہے کہ معمولی ٹوٹکوں سے بڑے فائدے برآمد کرلوں، روزمرہ کی اشیاء پر لکھتی رہتی ہوں۔ الحمدللہ ان ٹوٹکوں سے فائدہ ہوتا ہے۔ وقت اور روپے کی بچت بھی ہوتی ہے، آپ نے موسم سرما میں نزلہ زکام، قبض، گلا خراب، گلے کی خراش کے متعلق لکھا ہے۔ آپ ایک گلاس پانی پکایئے، اس میں آٹے کا چھان دو چمچ ملایئے، جب چائے کی طرح پانی پکنے لگے تو اسے دم دیجئے، دو منٹ بعد چھان کر اس میں ایک چمچ شہد ملا کر پی لیجئے۔ کھانسی اور بلغم ہو تو اس میں ادرک کا باریک کٹا ٹکڑا ملا کر پکایئے، گلا صاف ہو جائے گا۔ مچھلی کے تیل کے کیپسول لا کر رکھئے، چھوٹے بڑے روزانہ ایک کیپسول کھالیں اور دسمبر سے جنوری تک کھاتے رہیں، یوں نزلہ، بخار سے دور رہیں گے۔

**بالوں کی خشکی:** خواتین اکثر مشورہ مانگتی ہیں کہ بالوں کی خشکی کیسے دور کی جائے؟ میں ان سب کو بتاتی ہوں کہ میتھی کے بیج خشکی کا خاتمہ کرتے ہیں۔ بازار سے میتھی دانہ، جسے میتھرے بھی کہتے ہیں ایک پاؤ خریدیے، اسے بازار میں ہی پسوایئے، گھر میں پیسنے سے گرائنڈر خراب ہو جاتے ہیں، اب بالوں کے حساب سے دو تین چمچ میتھی دانہ کا سفوف تھوڑے پانی میں بھگو دیجئے، صبح اس میں آپ تھوڑا سا دہی ملایئے اور پھر بالوں کی جڑوں میں اچھی طرح لگا لیجئے۔ ایک گھنٹے بعد سر دھو دیجئے، شیمپو کریں اور چوتھائی لیموں کا رس نکال کر تھوڑے سے پانی میں ملا کر سر میں لگایئے، یہ سب مشکل لگے تو چند قطرے لیموں کا رس ہتھیلی پر ڈال کر بالوں کی جڑوں میں لگالیں، بالوں کی خشکی چند دنوں میں دور ہو جائے گی۔ تھوڑے سے دہی کو تین دن پڑا رہنے دیں، چوتھے روز اس میں دو چمچ گھیکوار کا گودا کاٹ کے حل کر ملائیں، یہ آمیزہ سر میں چالیس منٹ یا ایک گھنٹے تک لگائیں، بعد میں سر دھولیں۔ دہی خشکی دور کرتی ہے۔ کچھ خواتین دہی میں سرسوں کا تیل ملا کر سر میں اچھی طرح لگاتی اور آدھ گھنٹے بعد دھولیتی ہیں اس سے بھی بالوں کی خشکی دور ہوتی ہے اور بال چمکدار ہو جاتے ہیں۔ آدھ کلو ناریل تیل یا سرسوں کے تیل میں میتھی دانہ کوٹ کر ملایئے تقریباً پانچ چمچ ڈالئے اور دو چمچ کلونجی ملا کر دھوپ میں بیس دن رکھ دیجئے، بعد میں یہ تیل سر میں لگایئے خشکی نہیں رہے گی۔ اسی طرح چقندر کے پتے اور ایک چقندر سرسوں کے تیل میں جلا کر اسے سر پر لگایئے، چقندر کو چھلکوں سمیت گول کاٹ لیں، ایک ایک ٹکڑا تیل میں ڈالیے وہ جل جائے تو نکال کر دوسرا ڈالیے۔ آخر میں پتے ڈال کر چولہا بند کردیں، یہ تیل بھی بالوں کیلئے بہت مفید ہے، بال مضبوط اور خشکی دور کرتا ہے، اسے لگانے سے بال گرنے سے محفوظ رہتے ہیں۔



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 f PAKSOCIETY

# پاک فوج کے جوان نے باآواز بلند کلمہ پڑھا اور شہید ہوگیا

ہم آپریشن کے دوران واپس نہ جاسکتے تھے اس لیے اس کو کوئی طبی امداد فراہم نہ کی جاسکی اس جوان ذکاء اللہ کی لاش اور پہلے جوان عمر حیات کی لاش تین دن تک مقامی کیمپ میں پڑی رہیں نہ تو وہ خراب ہوئیں اور نہ ہی ان میں کوئی بدبو پیدا ہوئی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! یہ واقعہ مجھے پاک فوج کے ایک جوان محمد سرفراز نے سنایا۔ میں اسی کی زبانی یہ واقعہ قلمبند کررہا ہوں۔ یہ 2009ء کی بات ہے ہم ایک فوجی آپریشن کیلئے پہاڑی علاقہ میں مقیم تھے ایک دن شام کو ہمیں دشمن پر حملہ کرنے کا حکم ملا ہم سب فوراً آپریشن کیلئے روانہ ہوگئے آپریشن کا علاقہ پہاڑی علاقہ تھا اور گھنے جنگلات پر محیط تھا، ہم درختوں کی اوٹ لیتے ہوئے آگے بڑھ رہے تھے چونکہ درختوں کے تنے کافی چوڑے تھے اس لیے ایک آدمی آرام سے ان کے پیچھے چھپ سکتا تھا ایک مقام پر پہنچ کر ہم لوگ رک گئے اور دشمن کی پوزیشن کا اندازہ کرنے لگے دشمن کہیں نظر نہیں آرہا تھا ہم نے آگے بڑھنا چاہا' جیسے ہی ہمارا ایک جوان عمر حیات (جن کا تعلق ضلع وہاڑی سے تھا) درخت کی اوٹ سے نکلا' گولی چلنے کی آواز آئی اور اس جوان کے بلند آواز کلمہ پڑھنے کی آواز ہم سب نے سنی چونکہ وہ جوان ہم سے پیچھے تھا اس لیے ہم اسے دیکھ نہ سکے ہم سمجھے کہ شاید وہ زخمی ہوا ہے۔ بعد میں پتہ چلا کہ سر میں گولی لگنے کی وجہ سے وہ جوان کلمہ پڑھتے ہی شہید ہوگیا تھا۔ ہم نے دشمن پر بھرپور حملہ کیا اور دشمن کو بھاری جانی نقصان کے ساتھ اس کے قبضے سے بہت سارا علاقہ کلیئر کروالیا۔ پھر اس جوان کی لاش کو اٹھا کر نزدیکی کیمپ میں پہنچا دیا۔ اس جوان کی لاش تین دن تک اسی کیمپ میں موجود رہی کیونکہ جب تک آپریشن ختم نہ ہوجاتا' مین کیمپ سے کوئی گاڑی نہ آسکتی تھی' تین دن لاش وہاں رہنے کے باوجود بھی ایسا محسوس ہوتا تھا کہ جیسے ابھی ایک دو گھنٹہ پہلے ہی یہ جوان شہید ہوا ہے' نہ تو لاش خراب ہوئی اور نہ ہی اس میں کوئی بدبو پیدا ہوئی' یہ پاک فوج کے شہید کے ساتھ اللہ کی خاص رحمت کا ثبوت تھا۔ اسی آپریشن میں دوسرے شہید ہونے والے جوان ذکاء اللہ کا تعلق ضلع سرگودھا سے تھا جبکہ پہلے جوان کا تعلق ضلع وہاڑی سے تھا، سرگودھا والا جوان فوج کو چھوڑ کر چلا گیا تھا اور ایک سال تک واپس نہ آیا پھر اللہ کی کرنی کہ وہ شخص واپس آیا اور ہمارے ساتھ آپریشن میں شامل ہوگیا ابھی اس کو واپس آئے ہوئے پانچ' چھ دن ہی گزرے تھے کہ ہم آپریشن کے لیے روانہ ہوگئے' یہ جوان بھی ہمارے ساتھ تھا' پہلے جوان کے شہید ہونے کے بعد ہم جب آگے بڑھے تو دشمن کی طرف سے فائرنگ ہوئی اور گولیوں کی بوچھاڑ اس جوان کو لگی۔ تقریباً اٹھارہ یا بیس گولیاں اس کو لگیں اس کے باوجود یہ جوان دو تین گھنٹے تک زندہ رہا اور خون زیادہ بہہ جانے اور کمزوری کی وجہ سے شہید ہوگیا چونکہ ہم آپریشن کے دوران واپس نہ جاسکتے تھے اس لیے اس کو کوئی طبی امداد فراہم نہ کی جاسکی اس جوان ذکاء اللہ کی لاش اور پہلے جوان عمر حیات کی لاش تین دن تک مقامی کیمپ میں پڑی رہیں نہ تو وہ خراب ہوئیں اور نہ ہی ان میں کوئی بدبو پیدا ہوئی ایسے لگتا تھا کہ جیسے یہ جوان ابھی ابھی شہید ہوئے ہیں۔ ہم نے مسلسل دو دن اور دو راتیں بغیر کھانا کھائے آپریشن جاری رکھا اور دو دن کے بعد ہمیں ایک دن پہلے کی پکی ہوئی روٹی ملی جو کہ اس وقت کسی نعمت سے کم نہ تھی یہ بھی اللہ کی مدد اور رحمت کی وجہ سے ممکن ہوا کہ ہم دو دن تک بغیر کھانا کھائے آپریشن لڑتے رہے۔ (محمد شہزاد مجید، دہلی)

## پاک فوج کیساتھ اللہ تعالیٰ کی مدد کے انوکھے واقعات

قارئین! آپ فوجی ہیں یا آپ نے پاک فوج کے کسی شہید کا کوئی واقعہ زندہ جسموں کے ساتھ اور شہید جسموں کے ساتھ اللہ کی مدد کے ساتھ ان کی میت محفوظ رہی یا گزشتہ پاکستانی افواج نے دشمنوں کے ساتھ جو جنگ لڑی یا کارگل کی جنگ اور اس میں اللہ تعالیٰ کی مدد کے انوکھے واقعات آپ کے کانوں سے گزرے ہوں یا کہیں پڑھے ہوں کیونکہ فوج محفوظ تو سرحدیں محفوظ۔۔۔ لہٰذا ایسے واقعات مشاہدات تجربات آپ کے اپنے ہوں یا کسی سے سنے ہوں ضرور لکھیں۔ ہر ماہ یہ سلسلہ شروع کیا جارہا ہے۔

## بدہضمی یا پیٹ درد فوری آرام

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ایک ٹوٹکہ قارئین عبقری کیلئے لکھ رہا ہوں میرا بارہا کا آزمودہ ہے۔ اگر کسی کا پیٹ خراب ہو درد ہو بدہضمی ہو یا ہیضہ ہو تو سورۂ مرسلات پارہ نمبر 29 کی آیت نمبر 42،43 پڑھیں۔ اس کا طریقہ اس طرح ہے کہ درج بالا آیات پڑھتا جائے اور پیٹ پر ہاتھ گول دائرے کی شکل میں گھماتا جائے' تھوڑی دیر میں بھوک محسوس ہوگی اور پیٹ ٹھیک ہوجائے گا۔ اگر ایسا نہ کرسکے تو پانی پر دم کرکے پئیں پھر فائدہ ہوگا۔ (حاجی نیاز احمد، راولپنڈی)

# حلقہ کشف المحجوب

ہر ماہ توحید و رسالت سے مزین مشہور و عالم کتاب کشف المحجوب سبقاً حضرت حکیم صاحب مدظلہ پڑھاتے ہیں اور مراقبہ بھی کرواتے ہیں۔ قارئین کی کثیر تعداد اس محفل میں شرکت کرتی ہے۔ تقریباً دو گھنٹے کے اس درس کا خلاصہ پیش خدمت ہے۔

اس سبق میں ایک بہت بڑی بات کی طرف اشارہ ہے یعنی امت میں آنے والے فتنوں کی بات ہے۔ ذرا غور سے سمجھئے گا۔ پیر علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ نے دو فتنوں کا تذکرہ کیا ہے۔ ایک معتزلہ کا تذکرہ کیا ہے اور دوسرا قدریہ کا تذکرہ کیا ہے۔ یہ دونوں فتنے ہیں جو مختلف صورتوں میں ہر دور میں اٹھیں گے۔ پیر علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: خیال کرنا جب یہ فتنے اٹھیں گے تو اس وقت کتاب و سنت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم یہ دو چیزیں کام آئیں گی۔ کتاب سے مراد "قرآن پاک" اور سنت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم سے مراد "حضور سرور کونین صلی اللہ علیہ وسلم کا طریقہ اور تعلیم ہے"۔ سنت یہ ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے وہ عمل بار بار کیا اور آخری وقت تک کیا اس دنیا سے پردہ فرمانے سے پہلے تک، وصال سے پہلے تک کیا وہ سب سنت ہے۔ میں یہاں لفظ "وصال" کہہ رہا ہوں لفظ موت نہیں کہہ رہا کہ انبیاء علیہم السلام اپنی قبور میں زندہ ہوتے ہیں۔ تو وصال کہہ رہا ہوں یعنی دوست کی دوست سے ملاقات، یار سے یار کی ملاقات کو وصال کہتے ہیں۔ محبوب کی محبوب سے ملاقات ہوتی اسکو وصال کہتے ہیں۔ کامیابی کی شاہراہ: تو جب بھی آپ یہ دیکھیں کہ کوئی فتنے آئے ہیں اس میں کیا کروں، کہاں جاؤں؟ ایک بات یاد رکھئے گا جب راستے ہر طرف نظر آئیں یعنی چوراستہ آجائے تا کہ اس طرف بھی راستہ جارہا ہے، اس طرف بھی جارہا ہے، دائیں بائیں آگے پیچھے ہر طرف راستے جارہے ہیں تو پھر دیکھنا یہ ہوتا ہے کہ ٹریفک کس طرف چل رہی ہے۔ ٹریفک جس پر رواں دواں ہے ہم بھی اس پر چلتے ہیں۔ سرور کونین صلی اللہ علیہ وسلم نے جس عمل کو کیا، پھر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے، خلفاء راشدین نے اس عمل کو کیا پھر تابعین نے تبع تابعین نے اس عمل کو تواتر کے ساتھ کیا، مسلسل کیا اس کو سنت کہتے ہیں۔ وہ شاہراہ ہے بلکہ وہ کامیابی کی شاہراہ ہے۔

تصوف و معرفت کی زندہ و تابندہ کتاب کشف المحجوب کے خزانوں کو سمجھنے کیلئے حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کے خطبات کے مجموعہ حلقہ کشف المحجوب کا آج ہی مطالعہ کریں۔





WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

# ورزش کرنے والا کبھی کارڈیالوجی نہیں جاتا

ڈاکٹر سید اسلم

انگی تشویش کی وجہ سے جسم میں طبعی تبدیلیاں رونما ہونے لگتی ہیں' مثلاً جو شخص گھر یا دفتر میں تنازعات سے مبرا ہوا ہوگا۔ اس کے عضلات تن جائیں گے۔ دل کی رفتار تیز ہوجائے گی اور فشار خون غیر شعوری طور پر بڑھ جائے گا۔

"میری کمر کی جراحی (سرجری) کے چھ گھنٹے بعد دو نرسوں نے مجھے بستر سے اٹھا کر سہارا دے کر کھڑا کیا اور چند قدم اٹھانے پر اصرار کیا۔ اس کے دوسرے دن میں نے وارڈ میں چہل قدمی کی۔ میں یہ چہل قدمی اگلے دس دن تک ہر روز بڑھاتا رہا۔ جراح عصبی (نیورو سرجن) نے مجھے یہ یقین دلایا تھا کہ چہل قدمی بہترین مقویات میں سے ہے۔ چہل قدمی سے ٹانگوں میں خون جمنے کا امکان گھٹتا ہے۔ عضلات مضبوط ہوتے ہیں اور افاقہ صحت کا عمل تیز تر ہوتا ہے۔ آنے والے دنوں میں جیسے جیسے میری سیر بڑھتی گئی ایک عجب صورتحال پیدا ہوئی کہ نہ صرف میری قوت میں اضافہ ہوا اور میرے جسم میں درد اور دکھن رفع ہوگئی۔ میری طبیعت میں جولانی پیدا ہوگئی کہ جب میں اپنی گلی میں سیر کررہا تھا تو ایسا لگ رہا تھا جیسے میری پریشانیاں میری سیر کرنے کی گرد میں اڑ گئی تھیں" مندرجہ بالا احساسات ایسے شخص کے ہیں جس کی ابھی حال ہی میں جراحی ہوئی تھی۔ اس کی داستان سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ ورزش و سیر کا صحت و تندرستی پر کس قدر مفید اثر پڑتا ہے۔ کرب سے اکثر افراد کو واسطہ پڑتا ہے' بیروزگاری' مالی مشکلات، ذاتی رنجشیں' جنسی کمزوریاں' شور وغل' باہمی تعلقات کی مشکلات اور عائلی مسائل ان چند کیفیات میں سے ہیں جو تشویش کا باعث ہوتے ہیں۔ دائمی تشویش کی وجہ سے جسم میں طبعی تبدیلیاں رونما ہونے لگتی ہیں' مثلاً جو شخص گھر یا دفتر میں تنازعات سے مبرا ہوا ہوگا۔ اس کے عضلات تن جائیں گے۔ دل کی رفتار تیز ہوجائے گی اور فشار خون غیر شعوری طور پر بڑھ جائے گا۔ اگر یہ کرب والی صورتحال اسی طرح طویل عرصہ تک برقرار رہتی ہے تو نتیجہ کوفت، تھکن، چڑچڑاپن، بیزاری، پژمردگی (ڈیپریشن) اور اسی طرح کی دیگر شکایات پر منتج ہوگا۔

اس زمانہ میں اطبا ورزش نہ کرنے کے ان اثرات پر زیادہ تشویش کے شکار ہیں' جو دل پر رونما ہوتے ہیں' مرض تاجی قلب اب نہایت عام ہوتا جاتا ہے۔ یہ معلوم ہے کہ یہ ان افراد میں زیادہ عام ہے' جن کا کام غیر فعال نوعیت کا ہے۔ بہ نسبت ان افراد کے' جن کا کام زیادہ تر چلنا پھرنا ہے۔ یعنی یہ مرض چٹھی رساں میں کم ہے لیکن ڈاک خانہ کے اہل کار میں زیادہ ہے' اسی طرح گاڑی بان (ڈرائیور) میں زیادہ ہے لیکن راہدار (کنڈیکٹر) میں کم ہے۔ دل بہر حال ایک پمپ (دھونکنی) ہے ہر چند کہ یہ پٹھوں سے بنا ہوا ہے' جسم کے دیگر پٹھوں کی طرح اس کو اپنی کارکردگی اور کارگزاری برقرار رکھنے کے لیے پابندی سے باقاعدہ ورزش کرنے کی ضرورت ہے۔ ورزش سے امراض کا سدباب بلکہ علاج بھی ہوسکتا ہے' حرکات جسم میں تیزی و طراری آتی ہے اور قرار صحت میں مدد ملتی ہے' دائمی امراض کے ساتھ گزارہ کرنا سہل ہوجاتا ہے۔ جن لوگوں کے دل کی سرخ رگوں میں متبادل رگ یعنی "بائی پاس" ہوچکا ہے وہ بھی ورزش سے فائدہ حاصل کرسکتے ہیں اور تندرست رہ سکتے ہیں۔ یہ تمام معلومات ناقابل یقین معلوم ہوتی ہیں' مگر ایک ناقابل تردید حقیقت ہیں۔ ٹانگوں کی ورزشوں سے بھی ٹانگوں کی قوت میں اضافہ کیا جاسکتا ہے اور اگر ورزش جاری رکھی جائے تو اس توانائی کو برقرار رکھا جاسکتا ہے۔ اب اس میں کوئی شک نہیں کہ دائمی امراض کے علاج کے ضمن میں صرف ادویہ پر انحصار نہ کیا جائے بلکہ غیر ادویاتی طریقے' مثلاً ورزش وغیرہ کو ضرور آزمایا جائے کیونکہ افراد کی اکثریت میں ادویہ اور ورزش کا مشترکہ لائحہ عمل نہایت مفید ہوسکتا ہے۔ بلند فشار خون (بلڈ پریشر) کا علاج صرف دوا سے نہیں ہونا چاہیے بلکہ اپنے تمام اسلوب زندگی میں تبدیلی لانا چاہیے یعنی غذا میں نمک کم کیا جائے، تمباکو نوشی ترک کی جائے ورزش کو شعار بنایا جائے۔ رفتار زندگی میں اعتدال اختیار کیا جائے اور چوہوں کی طرح کی تیز دوڑ سے احتراز کیا جائے۔

**ورزش آہستہ آہستہ بڑھائی جائے تو کوئی خطرہ نہیں:** اکثر لوگ اس وجہ سے ورزش کرنے سے تردد کرتے ہیں کہ کہیں ان کے دل پر بے جا بوجھ نہیں پڑے جو دل کو ضرر پہنچائے۔ اگر ورزش آہستہ آہستہ بڑھائی جائے تو اس طرح کا کوئی خطرہ نہیں (امریکہ کے ایک تربیتی مرکز میں گزشتہ بیس سال سے پچاس ہزار کاروباری افراد ایک طبیب کی زیر نگرانی اس قسم کی ورزشوں میں حصہ لے رہے ہیں' ابھی تک کسی کو بھی ورزش کرنے کے دوران حملہ قلب نہیں ہوا) یہاں یہ بات بتانا ضروری ہے کہ اس قسم کی شدید ورزش کا قصد کرنے والے متوسط العمر افراد اور وہ لوگ جو اپنے دل کی صلاحیت سے مطمئن نہیں، وہ پہلے طبی مشورہ لے لیں اور طبیب کے مشورہ سے ریاضتی تخطیط قلب (ورزش کے دوران ای سی جی) کروالیں۔ جن افراد میں فشار خون بلند ہے یا رگوں میں صلابت ہے یا مرض تاجی قلب ہے ان کو بھی ورزش کی ضرورت ہے۔ لیکن یہ طبیب کی زیر نگرانی یا مشورہ کے بعد ہونی چاہیے۔ ورزش حملہ قلب سے بحالی میں ایک بیش قیمت اعانت ہے اور آج کل اکثر معالج اس ضمن میں اپنے مریضوں کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں کہ وہ دل کے عضلات کو طاقت بہم پہنچانے کیلئے رفتہ رفتہ بڑھاتے ہوئے ورزش کریں جو شروع شروع میں ہموار سطح پر ہلکی چہل قدمی ہو پھر بڑھ کر تیز قدمی ہوجائے آخر میں یہ سائیکل چلانا نیم دوڑ اور پھر اچھی خاصی دوڑ بھی ہوسکتی ہے۔

سیر کے دوران اپنی صلاحیت کا اندازہ نبض کی رفتار سے بھی لگایا جاسکتا ہے۔ ورزش کے دوران رفتار نبض مناسب حدود میں رہنی چاہیے۔ یہ مناسب حد نبض کی زیادہ سے زیادہ رفتار 65-80 فیصد ہوتی ہے اور یہ حد رفتار نبض کی زیادہ سے زیادہ رفتار 220 میں سے عمر گھٹا کر حاصل کی جاسکتی ہے۔ اگر اس شخص کی عمر ساٹھ سال ہے تو اس کی زیادہ سے زیادہ قابل برداشت رفتار 220-60=160 فی منٹ ہوگی۔ اس کی 65-80 فیصد 128-140 فی منٹ ہوگی۔ یعنی یہ شخص سیر شروع کرتا ہے تو اس کی رفتار ورزش کے دوران 104 فی منٹ تک رہے پھر رفتہ رفتہ ورزش کے ساتھ 128 فی منٹ سے زیادہ نہ بڑھے کیونکہ 60 سالہ آدمی کیلئے یہی رفتار نبض کی مناسب حد ہے۔ اگر سیر کرنے کی عادت نہیں ہے تو چہل قدمی کو رفتہ رفتہ بڑھایا جائے جو بالآخر 40 منٹ روزانہ ہوجائے۔

## باری کے بخار کا انوکھا عمل

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم اللہ تعالیٰ آپ کو اپنے حفظ و امان میں رکھے اور آپ کو رہتی دنیا تک سلامت رکھے۔ میرے پاس ایک عمل باری کے بخار کا ہے یقیناً قارئین اس سے بھرپور استفادہ کریں گے۔ عمل یہ ہے

یَاخَاقُوقُ یَامَاقُوقُ یَاسَاقُوقُ گردہ تن از تپ واری جس کو بخار ہو اس کا نام (فلاں)۔

یاد رہے "تخم" نہیں لکھنا جو اور نام کوئی بھی جامن کے پتے پر تین بار مندرجہ بالا عمل لکھیں اور پتا الٹا کرکے زمین میں رکھ دیں وہ جب تپ کا وقت ہو اس وقت سورج نکلنے سے پہلے اگر رہا۔ میرے لیے ضرور دعا کریں۔ والسلام (ایک بہن)





WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

# پاک سوسائٹی پر موجود مشہور و معروف مصنفین

| | | | |
|---|---|---|---|
| عُمیرہ احمد | صائمہ اکرام | عُشنا کوثر سردار | اشفاق احمد |
| نمرہ احمد | سعدیہ عابد | نبیلہ عزیز | نسیم حجازی |
| فرحت اشتیاق | عفت سحر طاہر | فائزہ افتخار | عنایتُ اللّٰہ التمش |
| قُدسیہ بانو | تنزیلہ ریاض | نبیلہ ابر راجہ | ہاشم ندیم |
| نگہت سیما | فائزہ افتخار | آمنہ ریاض | مُمتاز مُفتی |
| نگہت عبدُاللّٰہ | سباس گُل | عنیزہ سید | مُستنصر حُسین |
| رضیہ بٹ | رُخسانہ نگار عدنان | اقراء صغیر احمد | علیمُ الحق |
| رفعت سراج | اُمِ مریم | نایاب جیلانی | ایماے راحت |

# پاک سوسائٹی ڈاٹ کام پر موجود ماہانہ ڈائجسٹس

خواتین ڈائجسٹ، شُعاع ڈائجسٹ، آنچل ڈائجسٹ، کرن ڈائجسٹ، پاکیزہ ڈائجسٹ، حناء ڈائجسٹ، رِدا ڈائجسٹ، حجاب ڈائجسٹ، سسپنس ڈائجسٹ، جاسُوسی ڈائجسٹ، سرگُزشت ڈائجسٹ، نئے اُفق، سچی کہانیاں، ڈالڈا کا دسترخوان، مصالحہ میگزین

# پاک سوسائٹی ڈاٹ کام کی شارٹ کٹس

تمام مُصنفین کے ناولز، ماہانہ ڈائجسٹ کی لسٹ، کِڈز کارنر، عمران سیریز از مظہر کلیم ایم اے، عمران سیریز از ابنِ صفی، جاسُوسی دُنیا از ابنِ صفی، ٹورنٹ ڈاؤنلوڈ کا طریقہ، آن لائن ریڈنگ کا طریقہ،

ہمیں وزٹ کرنے کے لئے ہمارا ویب ایڈریس براؤزر میں لکھیں یا گوگل میں پاک سوسائٹی تلاش کریں۔

اپنے دوست احباب اور فیملی کو ہماری ویب سائیٹ کا بتا کر پاکستان کی آن لائن لائبریری کا ممبر بنائیں۔

اِس خوبصورت ویب سائٹ کو چلانے کے لئے ہر ماہ کثیر سرمایہ درکار ہوتا ہے، اگر آپ مالی مدد کرنا چاہتے ہیں تو ہم سے فیس بک پر رابطہ کریں۔۔۔

http://paksociety.com http://paksociety.com http://paksociety.com http://paksociety.com http://paksociety.com http://paksociety.com
پاک سوسائٹی ڈاٹ کام

داعی اسلام حضرت مولانا محمد کلیم صدیقی مدظلہ (پھلت)

حضرت مولانا دامت برکاتہم العالیہ عالم اسلام کے عظیم داعی ہیں جن کے ہاتھ پر تقریباً 5 لاکھ سے زائد افراد اسلام قبول کر چکے ہیں۔ ان کی نامور شہرہ آفاق کتاب "نسیم ہدایت کے جھونکے" پڑھنے کے قابل ہے۔

# حسن خاتمہ کی فکر

بہت بے تابی سے عجب اضطراری حالت میں اپنی بہن کے کبھی سرہانے بیٹھتے اور کبھی پاؤں کی طرف، دو روز تک نہ کھانا کھایا، نہ چائے نہ ناشتہ، بہن کا مرض مرض الموت تھا، سکرات کا عالم طاری ہوا حضرت مولانا فیض الحسن رحمۃ اللہ علیہ سرہانے بیٹھ کر بار بار زور زور سے کلمہ پڑھ کر تلقین فرماتے رہے، کبھی یٰسین شریف پڑھنے لگتے اور پھر کلمہ پڑھنے لگتے، بہن نے آنکھ کھولی اور آسمان کی طرف دیکھا اور زور سے کلمہ شہادت پڑھا۔

اشھد ان لا الہ الا اللہ واشھد ان محمداً عبدہ ورسولہ ﷺ اللھم الرفیق الاعلیٰ ۔ اور یہ کہہ کر آنکھیں ہمیشہ کیلئے بند کرلیں۔ حضرت مولانا فیض الحسن رحمۃ اللہ علیہ نے بہن کے منہ پر پٹی باندھی اور پاؤں کے انگوٹھے باندھے اور گھر والوں سے کہا کہ لاؤ اب کھانا لاؤ' مجھے بھوک لگ رہی ہے اہلیہ نے حیرت سے کہا آپ بھی خوب آدمی ہیں' بہن کی زندگی میں سب خوشامد کرتے رہے تو منہ میں کوئی چیز رکھنے کو تیار نہیں تھے' بہن کا انتقال ہو گیا تو اطمینان سے کہہ رہے ہیں لاؤ اب کھانا لاؤ' حضرت نے فرمایا: دل میں یہ بات آرہی تھی کہ ہمشیرہ کا یہ مرض مرض الموت ہے تو دل ودماغ پر عجیب اضطراری طاری تھا نہ جانے خاتمہ کیسا ہو؟ الحمدللہ ثم الحمدللہ! میرے اللہ کا کرم ہے' میری بہن کا خاتمہ ایمان پر ہو گیا' اس سے زیادہ اطمینان کی اور کیا بات ہو سکتی ہے۔ حضرت مولانا فیض الحسن رحمۃ اللہ علیہ ان لوگوں میں تھے جنہیں رب کریم نے اپنا فضل فرما کر حقیقی بھلے برے کی پرکھ عطا فرمائی تھی' وہ زندگی کو سفر اور مرنے کے بعد کی زندگی کو اصل جانتے تھے' جہاں کا چین اور سکھ اور راحت کا انحصار صرف حسن خاتمہ پر ہے' اس لیے یہاں عیش کے ساتھ زندہ رہنے' یہاں کی بیماریوں سے نجات ان کے نزدیک اس کے مقابلہ میں کوئی اہمیت نہیں رکھتی تھی کہ کلمہ شہادت پر موت ہو کر حقیقی کامیابی مل جائے۔ میرے حضرت والا حضرت مولانا علی میاں نور اللہ مرقدہ نے مولانا محمود حسن صاحب رحمۃ اللہ علیہ جن کا سجدہ کی حالت میں نماز میں انتقال ہوا تھا، ان کے صاحبزادوں کو ان کے انتقال پر تعزیتی خط تحریر فرمایا تو اس میں یہ بات تحریر فرمائی اور بالکل سچی بات تھی کہ سمجھ میں نہیں آتا کہ مولانا کے اس قابل رشک خاتمہ پر آپ لوگوں کو مبارک باد دوں یا تعزیت کروں۔ اس دارالامتحان سے گزر جانے کے بعد فیل ہو جانے والوں کے لیے جہنم کی دردناک سزا ہے اور پاس ہونے والوں کیلئے ہمیشہ کی راحت اور جنت ہے جس کے بارے میں مخبر صادق ﷺ نے خبر دی ہے' وہاں ایسی نعمتیں ہوں گی جو نہ کسی آنکھ نے دیکھیں نہ کسی کان نے سنیں نہ کسی دل میں ان کا خیال آیا اور اس میں پاس یا فیل ہونے کا سارا انحصار سوئے خاتمہ اور حسن خاتمہ پر ہے' اس کیلئے کچھ اعمال اور ضابطے اس دارالامتحان میں بھیجنے والے اور اس امتحان ہال کو سجانے والے رب نے طے کیے ہیں' جن کو مان لینے اور ان کی پابندی کرنے والوں کو حسن خاتمہ کی دولت سے نوازا جاتا ہے' ماضی قریب کے اس راہ کے بڑے ہوش مند اور رازدار حضرت مولانا مسیح اللہ خاں صاحب رحمۃ اللہ علیہ فرماتے تھے کہ حسن خاتمہ کیلئے ایک آسان سا نسخہ بتاتا ہوں، جب کبھی یہ خیال آجائے کہ اللہ تعالیٰ نے ایمان عطا فرمایا ہے' یا کوئی نیک عمل ہو جائے تو اس خیال کے ساتھ کہ یہ اللہ کا بلا استحقاق فضل ہے دل کی گہرائی سے الحمدللہ کہہ لیا کرو' امید ہے کہ انشاء اللہ حسن خاتمہ ہو گا' کاش! ہمیں بھی ان ہوش مندوں کی طرح حسن خاتمہ کی ایسی فکر نصیب ہو جائے۔

## تلبینہ پینے کے بعد! میرے مشاہدات

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! تلبینہ کے بارے میں آپ کے درس سے سنا۔ اس سے اگلے دن ہی تلبینہ کا سامان گھر لے آئی اور بنایا اور الحمدللہ بہت فائدہ پایا۔ آپ نے درس میں فرمایا تھا کہ تلبینہ پیتے وقت خالص یہی نیت ہو کہ یہ سنت رسول ﷺ ہے۔ تلبینہ کے ایک دو دفعہ کے استعمال سے ہی صحت میں بہتری محسوس ہوئی' امی کو گھٹنوں میں درد رہتا تھا جب سے تلبینہ شروع کیا ہے گھٹنوں کا درد بہت کم ہو گیا ہے' میں خود تلبینہ پینے کے بعد خود کو بہت ایکٹو محسوس کرتی ہوں۔ طریقہ: جو کا آٹا دو بڑے چمچ بھرے ہوئے ایک کپ تازہ پانی میں گھول لیں' برتن میں دو کپ پانی تیز گرم کریں۔ اس گرم پانی میں جو کے آٹے کا گھولا ہوا کپ ڈال کر صرف پانچ منٹ ہلکی آنچ پر پکائیں اور ہلاتے رہیں پھر اتار کر اس کو ٹھنڈا کریں ہلکا گرم ہو تو اس میں شہد حسب ذائقہ مکس کریں اور پھر اسی میں دو کپ دودھ نیم گرم (یعنی پہلے سے ابال کر اس کو ہلکا نیم گرم کر لیا گیا ہو) ملا کر خوب مکس کرلیں' تلبینہ تیار ہے ... صبح کے ناشتے میں ... گھونٹ گھونٹ پئیں۔ (رانا ...، سندھ)

# مجھے شفاء کیسے ملی؟

عاجز نے اس عورت کو ساتھ پڑیاں بنا کردیں جو کہ تیس دن کی دوائی تھی۔ 15 دن کے بعد مجھے ان کا خط ملا کہ میں مکمل ٹھیک ہوگئی ہوں

یہ نسخہ میں نے سینکڑوں مریضوں کو استعمال کروایا ہے اور وہ اللہ تعالیٰ کے فضل سے شفاء سے ہمکنار ہوئے ہیں۔ مجھے ایک دفعہ علاقہ تھل میں جانے کا اتفاق ہوا۔ ایک بوڑھی عورت مجھے کہنے لگی کہ کافی آدمیوں کی زبانی میں نے سنا ہے کہ آپ کے پاس جوڑوں کے درد کی بہترین دوا ہے۔ میرا حال یہ ہے عرصہ 5 سال سے یہ درد شروع ہوا ہے۔ علاج معالجہ کرانے سے معمولی فرق پڑتا اور پھر وہی درد برقرار رہتا ہے۔ اب میرا یہ حال ہے تمام جوڑوں میں درد اور سارے جسم میں بھی اکثر درد رہتا ہے۔ لاٹھی کے سہارے کچھ چل پھر سکتی ہوں۔ لیکن تھوڑا سا چلوں تو درد شدت اختیار کر جاتا ہے۔ عاجز نے اس عورت کو ساٹھ پڑیاں بنا کردیں جو کہ تیس دن کی دوائی تھی۔ 15 دن کے بعد مجھے ان کا خط ملا کہ میں مکمل ٹھیک ہو گئی ہوں بقایا دوائی کھاؤں یا نہ کھاؤں۔ نسخہ مذکورہ ذیل میں ملاحظہ فرمائیں۔ ھوالشافی: آک کی جڑ کا خشک چھلکا 250 گرام، کلونجی 250 گرام، اجوائن دیسی 250 گرام تمام اجزاء کی سفوف بنائیں۔ مقدار خوراک: ایک چمچ صبح وشام ہمراہ نیم گرم دودھ یا چائے کے ساتھ لیں۔

آنکھ پر جو کو بانجی نکلتی ہے: دم کرنے سے پہلے درود شریف اور اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھے اور اب سانس بند کر کے سات دفعہ یہ آیت پڑھے۔ لَا تُبْقِیْ وَلَا تَذَرُ (پارہ نمبر 29 سورۃ المدثر آیت 28) یہ پڑھ کر سانس کھول دے اور درود پاک پڑھ کر آنکھ پر پھونک مار دے ایسا تین دفعہ پڑھ کر پھونک مارے انشاء اللہ کو بانجی وہیں سوکھ کر ختم ہو جائے گی اور دوبارہ نہیں نکلے گی۔

**بحوالہ "مجھے شفاء کیسے ملی" لاعلاج روحانی اور جسمانی بیماریوں میں مبتلا اس کتاب کا مطالعہ کریں۔ (جو عمل یا ٹوٹکہ آزمائیں ضرور لکھیں' لاکھوں کا نفع آپ کا صدقہ جاریہ)**

**عبقری پبلی کیشنز کی سب سے زیادہ پسند کی جانے والی کتب میں سے ایک۔**

... گھر بیٹھے حاصل کرنے کیلئے 0332-7552382



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

# قارئین لائے انوکھے اور آزمودہ ٹوٹکے

**قارئین نے بار بار آزمایا پھر عبقری کیلئے سینے کے راز کھولے اور لاکھوں لوگوں کی خدمت کیلئے آپ کی نذر میں**

## درود ابراہیمی اور آیۃ الکرسی کی برکات

میں بندہ ناچیز انتہائی گنہگار ہوں لیکن صرف اور صرف اللہ رب العزت کا کرم اور اُس کی توفیق ہے کہ جب بھی گھر سے نکلوں تو وہ تمام اوقات جن میں روڈ پر رہوں اللہ کے فضل سے درود ابراہیمی اور آیۃ الکرسی کا اپنی زبان سے ذکر کرتا رہتا ہوں اور ان دو چیزوں کی برکات سے حادثات سے بچا رہتا ہوں۔ ایک واقعہ پیش خدمت ہے کہ میں گھر سے موٹر سائیکل پر مال روڈ کی طرف سے لاہور بورڈ کے دفتر جانے کیلئے نکلا اور روٹ یہ تھا کہ ریگل چوک سے دائیں طرف میکلوڈ روڈ کے ساتھ جو روڈ نکلتا ہے جو آگے جا کر گنگارام ہسپتال والی روڈ پر مل جاتا ہے۔ مجھے ادھر جانا تھا، وہاں کارنر پر 15 پولیس کا دفتر تھا۔ میں گھر سے یہی روٹ سوچ کر نکلا! لیکن جب جی پی او چوک پر پہنچا تو اچانک خیال آیا کہ یہاں سے یوٹرن لے لوں اور پہلے نیشنل بینک برانچ میں کچھ کام تھا وہ کرتا جاؤں۔ میں نے وہاں سے یوٹرن لیا اور بینک حدود میں موٹر سائیکل کھڑی کرنے کے بعد بینک کے اندر جا کر ابھی بیٹھا ہی تھا یعنی پانچ منٹ بھی نہیں گزرے تھے کہ یکدم ایک زوردار دھماکے کی آواز سنائی دی۔ تمام افراد جو وہاں موجود تھے سب کی زبان سے بے ساختہ نکلا ''یا اللہ خیر!'' میں جب وہاں سے باہر نکلا تو پتہ کرنے پر معلوم ہوا کہ 15 پولیس کی بلڈنگ میں یہ دھماکہ ہوا ہے یعنی جس راستے سے میں نے گزر کر بورڈ آفس جانا تھا، یہ سن کر فوراً میرے منہ سے اللہ اکبر نکلا۔ سچی بات ہے کہ اگر آج میں زندہ ہوں تو یہ میرے رب کا کرم اور درود ابراہیمی اور آیۃ الکرسی کے کھلے ذکر کی بدولت سے ہے۔ میرا اس واقعہ کو لکھنے کا مقصد صرف یہ ہے کہ درود ابراہیمی و آیۃ الکرسی کا ذکر یا قرآن پاک کی کسی بھی آیت کا ذکر یقین کامل سے کیا جائے تو اس کا فائدہ ہی فائدہ ہے۔ **انتظار کی کیفیت سے نکلنا:** بعض اوقات ہم اپنے روز کے معمولات میں کسی دفتر یا کسی دوست کے ہاں جاتے ہیں یا کسی ایسے کام پر جہاں اس متعلقہ شخص کا انتظار کرنا پڑتا ہے اور خاص طور پر دفاتر میں تو یہ پتہ نہیں چلتا کہ متعلقہ شخص کب آئے گا دوسرے ساتھی اس کے کہتے ہیں کہ بس ابھی آ رہے ہیں یعنی انسان اس وقت جو انتظار کی کیفیت سے دوچار ہو کر پریشان ہوتا ہے تو بعض اوقات اس کو غصہ بھی آ جاتا ہے لیکن مجھ بندہ ناچیز گنہگار کا ایک آزمودہ تجربہ ہے کہ اگر یقین کامل کے ساتھ درج ذیل سورتیں درج ذیل ترتیب سے پڑھی جائیں اور بار بار پڑھی جائیں اسی ترتیب سے تو انسان ٹھیک پندرہ منٹ میں اس انتظار کی کیفیت سے نکل جائے گا یا تو وہ متعلقہ شخص آ جائے گا یا پھر اس کے متعلق کوئی اطلاع آ جائے گی۔ سورتوں کی ترتیب درج ذیل ہے:۔ درود ابراہیمی، آیۃ الکرسی، سورۃ کافرون، سورۃ اخلاص، سورۃ فلق، سورۃ ناس، درود ابراہیمی، آیۃ الکرسی۔ اس عمل کو ترتیب سے ہی پڑھا جائے تو یہ ایک بار بنے گا۔ اسی طرح اس کو دہراتے رہیں لیکن یقین کامل سے اللہ فائدہ دے گا۔

(سہیل اجمل بھٹی، لاہور)

## بواسیر کی تکلیف کیلئے آسان آزمودہ ٹوٹکہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! رب العزت آپ کو صحت وتندرستی سے قائم و دائم رکھے آمین ثم آمین۔ آپ کا خدمت خلق کا مخلصانہ کام بہت بڑا کارنامہ ہے رب تعالیٰ اس کام کا آپ کو اجر عظیم عنایت فرمائے۔ آمین! بفضل خدا جون 2006ء سے میں عبقری کا قاری ہوں اور ہری پور کے گردونواح میں اس عاجز نے شوق اور جذبے سے میگزین عبقری منگوا کر آگاہی کی۔ مشکل مرحلہ تھا مگر اب سہولت سے ہری پور میں رسالہ مل رہا ہے۔ رب تعالیٰ اس معمولی سی سعی کو قبول و منظور فرمائے۔ آمین! **بواسیر کا آزمودہ علاج:** کافی عرصہ سے مجھے بواسیر کی تکلیف رہی، قبض ہو تو حاجت میں خون آتا تھا۔ ڈاکٹروں کی ادویات اور پرہیز کرنے سے تین چار روز کیلئے آرام آ جاتا تھا۔ زندگی معمول سے گزر رہی تھی کچھ عرصہ پہلے عبقری میں درج ذیل ٹوٹکہ چھپا تھا۔ نسخہ یہ ہے: چھوٹی الائچی اور مصری ہموزن لے کر صبح وشام ایک ایک چائے کا چمچ استعمال کرنا ہے۔ میں نے یہ ٹوٹکہ استعمال کیا تو اس کے بعد میری قبض بھی ٹھیک ہو گئی اور بواسیر کا خون آنا بھی بند ہو گیا۔ (منصور اکرم، ہری پور)

## ہر مشکل کیلئے لاکھوں کا آزمودہ عمل

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرا اپنا ذاتی تجربہ

ہے میرا مال آنا تھا اگلے دن عید کی تین چھٹیاں تھیں اور مال بہت ضروری چاہیے تھا وہ آگے دینا تھا کیونکہ آرڈر پورا کرنا تھا، آرڈر والوں کے فون آ رہے تھے اور میں کافی پریشان تھا، ویسے تو ہر نماز کے بعد میں انمول خزانہ پورے دھیان کے ساتھ پڑھتا ہوں اور تصور میں اپنا مقصد رکھا اور حاجت کے دو نفل پڑھے اور پھر اللہ پاک سے دعا کی کہ یا اللہ! میری مشکل دور فرما، دعا کر کے ابھی میں مسجد میں ہی بیٹھا تھا کہ میرا ساتھی آیا اور کہنے لگا کہ مال آ گیا ہے۔

**جس کو بھی دیا فائدہ ہوا:** اللہ پاک کے فضل و کرم سے اور حضرت حکیم صاحب کی دعاؤں سے مجھے جو بھی وظائف عبقری رسالہ سے ملے یا حضرت حکیم صاحب کے درس سے سنے وہ میں فوٹو کاپی کروا کر لوگوں میں تقسیم کرتا ہوں اور لوگوں سے کہتا ہوں کہ اپنے تجربات ضرور بتائیے اور پھر لوگ مجھے آ کر اپنے تجربات بتاتے ہیں۔ انمول خزانہ کے بہت تجربات سامنے آئے۔ جس کو بھی دیا وہ کہتا ہے کہ فائدہ ہوا اور آگے چھپوا کر اس نے بھی تقسیم کیے اور بہت مخلوق خدا کو فائدہ ہو رہا ہے۔ یہ سب اللہ کا فضل اور حضرت حکیم صاحب کی محبت کا نتیجہ ہے کہ آپ نے اپنی زندگی مخلوق خدا کی خدمت کیلئے وقف کر دی۔ اللہ پاک آپ کا سایہ ہمارے سروں پر سلامت رکھے اور اللہ پاک آپ کی عمر، رزق، علم، اولاد میں برکت دے۔ آپ ساری زندگی یونہی اخلاص کے ساتھ انسانیت کی خدمت کرتے رہیں (آمین) (ر،ش)

## بلڈ پریشر لو اور ہائی کیلئے عجیب ٹوٹکے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری بہت شوق سے پڑھتا ہوں میں نے عبقری سے بہت زیادہ ٹوٹکے اور اعمال آزمائے ہیں اور لاجواب پائے ہیں۔ میرے پاس بھی دو عدد ٹوٹکے ہیں جو میں عبقری قارئین کی نذر کر رہا ہوں۔ **بلڈ پریشر لو کیلئے:** ایک گلاس پانی کا لیں اس میں ایک بڑا چمچ شہد کا اور آدھا لیموں ڈالیں اور ایک عدد لونگ لیں اس کو منہ میں چبائیں اوپر سے درج بالا شربت پی لیں۔ یہ ٹوٹکہ ہفتے میں صرف دو مرتبہ استعمال کریں۔ **ہائی بلڈ پریشر کیلئے لاجواب ٹوٹکہ:** تین پاؤ پانی لیں اس میں دو عدد لیموں نچوڑیں۔ پھر اسے آگ پر رکھیں جب پانی صرف ایک پاؤ رہ جائے تو پی لیں۔ اس کے علاوہ ایک روحانی ٹوٹکہ جو میں نے عبقری سے پڑھ کر آزمایا اور خوب فائدہ پایا وہ بھی قارئین عبقری کے ساتھ شیئر کرنا چاہتا ہوں۔ اول وآخر تین مرتبہ درود شریف پڑھیں، ایک مرتبہ سورۂ فاتحہ اور تین مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھیں۔ جس کام کیلئے بھی نیت کر کے پڑھیں گے اللہ تعالیٰ کرم فرمائیں گے۔ یہ عمل میرا بارہا کا آزمودہ ہے۔ (محمد الیاس، سرگودھا)



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

گمشدہ چیز، دولت اور مال پانے کا وظیفہ

قسط نمبر 29

# ناممکن کو فوری ممکن بنانے والا آزمودہ عمل

مجھے یہ لکھتے ہوئے انتہائی خوشی ہو رہی ہے کہ آپ کے بتائے گئے اس وظیفے کی برکت سے اس خاتون کے بیٹے کی بصارت ٹھیک ہوگئی اور اس کو پاک آرمی میں نوکری مل گئی۔ انہیں اب بھی یقین نہیں آتا کہ ایسا ہو جائے گا کیونکہ بظاہر ایسا ہونا اور اتنی جلدی ہونا ناممکن لگتا ہے۔

قارئین! ہر ماہ حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کا روحانی رازوں سے لبریز منفرد انداز پڑھیے۔ (ایڈیٹر کے قلم سے)

## جوتا چور مسجد میں جوتا واپس رکھ گیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرا مالک آپ کو اور آپ کے اہل و عیال کو ہمیشہ اپنی رحمت کے سائے میں رکھے۔ آمین ثم آمین۔ اللہ کریم آپ کو لمبی زندگی صحت تندرستی اور عافیت اور خیر و برکت والی عطا فرمائے۔ میرا رب آپ سے مخلوق کی بھلائی کا کام لے رہا ہے' تادیر آپ کو سلامت رکھے اور اپنے مشن میں کامیابی و کامرانی سے ہمکنار کرتا رہے۔ آمین! محترم حکیم صاحب! ہم سب گھر والے عبقری کے دیوانے ہیں' عبقری رسالہ انتہائی شوق سے پڑھتے ہیں' اس میں موجود تمام سلسلے ہی بہت اچھے ہیں مگر خاص کر جو ہمیں اچھے لگتے ہیں وہ آپ کا حال دل' طبی آرٹیکل' قارئین کی تحریریں' جنات کا پیدائشی دوست اور آپ کا روحانی آرٹیکل۔ روحانی آرٹیکل میں موجود وظیفہ یَارَبِّ مُوْسٰی یَارَبِّ کَلِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کو ہم سب گھر والوں نے خوب آزمایا ہے۔ ہمارے گھر سے اگر ماچس بھی ادھر سے ادھر ہو جائے تو ہم سب گھر والے یہی وظیفہ پڑھتے ہیں۔ پچھلے دنوں کی بات ہے کہ میرے شوہر کا نیا جوتا مسجد سے کوئی چور اٹھا کر لے گیا۔ میرے شوہر اور میں نے یَارَبِّ مُوْسٰی یَارَبِّ کَلِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ لاتعداد پڑھنا شروع کر دیا۔ چند دن بعد ہی چور جوتا اسی حالت میں صحیح سلامت مسجد میں اسی جگہ رکھ کر چلا گیا۔ اس وظیفے کے ملنے سے پہلے ہمارے گھر میں کوئی بھی چیز گم ہو جاتی یا کوئی کہیں چیز رکھ کر بھول جاتا تو ہم سب گھر والے لفظ یٰسین یٰسین کہتے جاتے' لاتعداد پڑھتے' ایک دم وہ چیز مل جاتی یا اگر رکھ کر بھول گئے ہیں تو فوراً یاد آ جاتا کہ کدھر رکھی ہے۔ یہ روحانی ٹوٹکہ بھی ہمارے گھر والوں کا کئی بار کا آزمودہ ہے۔ (ع۔ن' راولپنڈی)

## قرض سے انکاری قرض دے گئے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہمارے گھر کے قریب ہی لیڈیز پارک ہے۔ جہاں میں روزانہ صبح نماز فجر کے بعد سیر کیلئے جاتی ہوں۔ کافی عرصے سے بہت سی خواتین آتی ہیں اور آپس میں اچھی خاصی علیک سلیک ہو گئی ہے۔ میں ہر ماہ پارک میں ماہنامہ عبقری خرید کر بانٹتی ہوں' اس وجہ سے بھی وہاں کی خواتین میں کچھ زیادہ ہی مقبول ہو گئی ہوں۔ ایک دن پارک میں ایک آنٹی نے بتایا کہ ہمارا کسی نے چالیس لاکھ روپے قرض واپس کرنا ہے جو کہ دینے کا نام ہی نہیں لے رہا بلکہ ہمیں تو اب یہ بھی لگنا شروع ہو گیا ہے کہ وہ اب دینے سے انکاری ہوتا جا رہا ہے۔ میں نے انہیں بتایا کہ آپ تمام گھر والے ہر وقت اٹھتے بیٹھتے' چلتے پھرتے' وضو بے وضو یَارَبِّ مُوْسٰی یَارَبِّ کَلِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھیں۔ وہ بہت پریشان تھیں' انہوں نے یہ وظیفہ دن رات لاتعداد پڑھا۔ چند دن بعد ہی انہوں نے انتہائی خوشی اور گرمجوشی سے ملتے ہوئے مجھے بتایا کہ جو پیسے واپس دینے کا نام بھی نہیں لے رہے تھے انہوں نے ہمیں تیس لاکھ دے دیئے ہیں اور انشاء اللہ اس وظیفے کی برکت سے وہ باقی کے دس لاکھ بھی جلد ہی دے دیں گے۔ ماشاء اللہ۔ (عاصمہ' لاہور)

## گھر بیٹھے رشتہ آگیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں اپنی بیٹی کے رشتہ کے حوالے سے بہت پریشان تھی' نامعلوم کتنے رشتے دیکھے اور کتنے میری بیٹی کا رشتہ لینے میرے گھر آئے مگر ہر طرف ناکامی ہی ناکامی تھی۔ عبقری ہمارے گھر ہر ماہ آتا ہے میں نے اس میں سے آپ کا روحانی آرٹیکل پڑھا اور اس میں موجود وظیفہ یَارَبِّ مُوْسٰی یَارَبِّ کَلِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اس نیت سے پڑھنا شروع کر دیا۔ ابھی یہ وظیفہ پڑھتے ہوئے چند دن ہی ہوئے تھے کہ اللہ کے فضل سے گھر بیٹھے میری بیٹی کا رشتہ آیا اور بخیر و عافیت رشتہ ہو بھی گیا۔ (ایک بہن' لاہور)

## بھولی ہوئی چیز یاد آجاتی ہے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری بہت شوق سے پڑھتی ہوں' ہر ماہ باقاعدگی سے منگواتی ہوں۔ اس میں موجود ہر وظیفہ' ہر نسخہ اور ہر ٹوٹکہ لاجواب ہوتا ہے۔ ان میں ایک وظیفہ یَارَبِّ مُوْسٰی یَارَبِّ کَلِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ جو کہ میں نے بے شمار مرتبہ آزمایا اور بہت ہی خوب پایا ہے۔ گھر میں اکثر میں چیزیں رکھ کر بھول جاتی ہوں' جب بھی کوئی چیز رکھ کر بھول جاؤں تو میں یہی وظیفہ پڑھتی ہوں مطلوبہ چیز فوراً مل جاتی ہے۔ (سارہ سعدیہ' لاہور)

## فوراً پیسے مل گئے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری رسالہ پچھلے چند سالوں سے مسلسل پڑھ رہی ہوں۔ اس میں موجود تمام وظائف و نسخہ جات کمال کے ہوتے ہیں۔ مگر میرا جو آزمودہ ہے وہ یَارَبِّ مُوْسٰی یَارَبِّ کَلِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہے۔ جب بھی میری کوئی چیز گم ہوتی ہے میں صرف تین بار ہی پڑھتی ہوں تو وہ چیز مجھے مل جاتی ہے۔ ایک مرتبہ میری کچھ رقم گم ہو گئی میں نے انگلی سے دیوار پر لکھا اور زبان سے پڑھنا شروع کر دیا تو پیسے فوراً مل گئے۔ بہت کمال کا وظیفہ ہے۔ میرے پاس اس وظیفے کی تعریف کیلئے الفاظ نہیں بن پا رہے۔ (نائلہ جاوید)

## ناممکن کو ممکن بنانے والا وظیفہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہمارے گاؤں میں آپ کا ماہنامہ عبقری بہت ذوق شوق سے پڑھا جاتا ہے۔ میری کزن لیڈی ہیلتھ ورکر ہیں انہوں نے اپنی ساتھی ورکر کو آپ کا روحانی آرٹیکل میں دیا گیا وظیفہ یَارَبِّ مُوْسٰی یَارَبِّ کَلِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ بتایا۔ اس کا مسئلہ یہ تھا کہ اس کے بیٹے کو پاک فوج میں ملازمت کرنے کا بہت شوق تھا مگر نظر کی کمزوری کی وجہ سے وہ ہر بار سلیکٹ نہ ہوتا۔ اس نے اور اس کے بیٹے نے لاتعداد مرتبہ یہی وظیفہ پڑھنا شروع کر دیا۔ مجھے یہ لکھتے ہوئے انتہائی خوشی ہو رہی ہے کہ آپ کے بتائے گئے اس وظیفے کی برکت سے اس خاتون کے بیٹے کی بصارت ٹھیک ہو گئی اور اس کو پاک آرمی میں نوکری مل گئی۔ انہیں اب بھی یقین نہیں آتا کہ ایسا ہو جائے گا کیونکہ بظاہر ایسا ہونا اور اتنی جلدی ہونا ناممکن لگتا ہے۔ (ثمینہ اختر' کھوئیاں)

## گمشدہ پرس واپس مل گیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری والدہ پوسٹ آفس گئیں تو اپنا پرس وہیں بھول آئیں' گھر آ کر یاد آیا تو یَارَبِّ مُوْسٰی یَارَبِّ کَلِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھتے ہوئے واپس گئیں تو وہاں موجود عملے نے ان کا پرس حفاظت سے رکھا ہوا تھا۔ یہ اس وظیفے کی ہی برکت تھی۔ (مدثر' گوجرانوالہ)

قارئین! میں آپ کے سینے کی امانت آپ تک پہنچا رہا ہوں' آپ کو اس وظیفے سے جو فائدہ پہنچے ضرور امانت سمجھ کر مجھے لکھیں' انتظار رہے گا۔ ایڈیٹر!





WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

## آنکھ شفاء موتیا، موسمی وبائی اور تمام آنکھوں کے امراض کیلئے

آشوب چشم' موتیا بند' دھندلا پن' سوزش چشم' ضعف چشم' آنکھیں درد کرتی ہوں' صبح کے وقت آنکھیں کیچڑ سے جڑ جاتی ہوں یا بوجھل ہوتی ہوں' آنکھوں کے سامنے پتنگے سے اڑتے ہوں' آنکھوں میں دھندلا' غبار یا جالا ہو' آنکھوں میں خارش ہو' نظر دن بدن کمزور ہوتی جا رہی ہو' آنکھوں کی جلن' ان تمام امراض کو دور کرتا ہے۔ نظر کو تقویت دیتا ہے' مسلسل استعمال کرنے والوں کو عینک سے چھٹکارا ملتا ہے۔ اس میں خاص بات یہ ہے کہ یہ آنکھوں کو چبھتا نہیں۔ ترکیب استعمال: دن میں دو سے پانچ بار ایک ایک قطرہ آنکھوں میں ڈالیں۔ قیمت:- 70/ روپے علاوہ ڈاک خرچ

## آگ شفاء جلے ہوئے کیلئے بہترین مرہم

